ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

ماہ مارچ 2009 قیمت 45 روپے

23 امورِ زندگی پر خاص رپورٹ

زندگی کے ان 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ خوش قسمتی کا پتھر۔ خوش قسمتی کی دھات۔ خوش قسمتی کا دن۔ خوش قسمتی کا رنگ۔ آپ کا برج۔ آپ کا کوکب۔ اسم الٰہی برائے ذکر۔ زائچہ پیدائش۔ شرف و ہبوط کواکب۔ خوش قسمتی کا عدد۔ خصوصی صدقات۔ قمری برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ شمسی برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ طالع برج /کوکب اور اس کے اثرات۔ یہ رپورٹ حاصل کرنے کے لیے نام، نام والدہ تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ارسال کریں۔

جواہرات

کیا آپ اصل جواہرات سے خارج ہونے والی زود اثر شعاعوں اور اثرات سے مستفید ہونے کے خواہشمند ہیں؟ اگر ایسا ہے تو ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔ ہم نے آپ کے لیے اصل اور بہترین جواہرات فراہم کرنے کا خصوصی بندوبست کیا ہے۔ آپ اپنے مسائل کے حل، حصول صحت، جادو ٹونے اور سحر سے بچاؤ، حصول اولاد، تعلیم، ترقی، نوکری، کاروبار، حصول دولت، شہرت اور کامیابی، روحانی قوتوں میں اضافے، کواکب کی رجعت و نحوست کے اثرات کے خاتمے اور اپنے برج، نام اور عدد وغیرہ سے منسوب پتھر کی خصوصیات سے فائدہ اٹھانے کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔

قرعہ رمل

شائقین رمل کے لیے درست اور خوبصورت قرعہ رمل ادارہ راہنمائے عملیات سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سبعہ کواکب کے نایاب طلاسم

زمانہ قدیم سے سات بنیادی کواکب کو زائچہ میں موثر خیال کیا جاتا ہے۔ خالد اسحٰق راٹھور نے اپنے طویل تجربے، علمی اور فنی مہارت کے ساتھ اِن سات بنیادی کواکب کے اشکالی اور عددی طلاسم کا کھوج لگایا اور اسلامی عملیات کے ملاپ سے اِن کو ایک خاص روحانی طاقت کے تابع کر دیا تاکہ اِن کے اثرات میں غیر معمولی اضافہ ہو اور اِن سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیے جا سکیں جن کی تفصیل ذیل کی سطور میں بیان کی گئی ہے تاہم طلاسم کے اثرات پڑھنے سے قبل جان لیں کہ اِن کو بنایا کس طرح گیا ہے۔ اِن کی بنیاد کیا ہے اور یہ کیوں اور کیسے کام کرتے ہیں؟ ہر طلسم تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ عددی طلسم پر مشتمل ہے۔ دوسرا طلسم سے منسوب ایک خاص شکل جو کہ عددی طلسم کی پشت پر بنائی جائے گی اور تیسرا حصہ اُن اسماء و آیات پر مشتمل ہے جو ہر عددی طلسم کے چاروں اطراف میں تحریر کی گئی ہیں۔ یوں انتہائی قدیم طلاسم کو اسمائے ربی و آیات قرآنی سے ایک خاص طاقت کا منبع بنایا گیا ہے اور اس طرح اِن کے اصل اثرات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ تمام طلاسم پہلی دفعہ آپ کی نظر سے گزریں گے۔ اس بارے میں 17 صفحات پر مشتمل تفصیلی مضمون آپ خالد روحانی جنتری 2007 میں دیکھ سکتے ہیں۔ وہ جو اِن طلاسم کو خود بنانے کے خواہش مند ہوں اس جنتری کی انہیں حد درجہ ضرورت ہو گی۔ ساتوں کواکب کے طلسم الگ الگ اور اکٹھے لاکٹ کی شکل میں دستیاب ہیں۔

عملیاتی عطر و خوشبویات

عملیاتی اور روحانی مقاصد کے لیے الکوحل اور ایسی دیگر اشیاء سے پاک خوشبویات کی ضرورت ہوتی ہے۔ جبکہ بازار میں دستیاب خوشبویات عموماً الکوحل اور ایسے محلولوں کی بنیاد پر بنائی جاتی ہیں یا پھر ان میں ملاوٹ کی جاتی ہے۔ اس وجہ سے روحانی و عملیاتی مقاصد کے لیے قابل اعتبار نہیں ہوتیں۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے عملیاتی اور روحانی مقاصد کے لیے اصلی، خالص اور ملاوٹ سے پاک عطریات کا خصوصی بندوبست کیا ہے۔ اب آپ مکمل اعتماد سے ضرورت کے عطر ادارہ سے طلب فرما سکتے ہیں۔ ہمارے یہاں سے درج ذیل عطر و خوشبویات مل سکتی ہیں۔

عطر گلاب	عطر موتیا	عطر صندل
عطر مشک	عطر خس	عطر رات کی رانی
عطر عنبر	عطر صندل گل	عطر سبعہ کواکب
عطر مشک عنبر مکس	عطر زعفران	
عطر چنبیلی	عطر عود	

ماہنامہ لاہور

راہنمائے عملیات

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔

خالد رُوحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔

خالد ہندی جنتری

خالد ہندی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔

فرذوق

Far-Zoq

Far-Zoq, an English quarterly.

شائستہ خالد راٹھور
پبلشر و چیف ایڈیٹر

ایم اے ہسٹری
خالد اسحٰق راٹھور
ایڈیٹر

عبدالباسط راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

نازر راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

زاہد اسحاق راٹھور
انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ

فون

(042) 6374864 (042) 6293245
0300-4783518 0300-8442060
0321-4753240

دفتری اوقات صبح 11 بجے تا شام 6 بجے تک عام ملاقات کے اوقات دوپہر 3.30 تا شام 6 بجے تک

وقفہ صلوۃ جمعہ دوپہر 12-30 تا 01:30 تک تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

قیمت

فی شمارہ راہنمائے عملیات: 45 روپے

12 شمارے: 650 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک

بیرون ملک: 55 ڈالر (زرسالانہ)

Khalid Ishaq Rathor,
Account No.1713-92,
Habib Bank Limited, Allama Iqbal
Road, Lahore, Pakistan.

For bank draft

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

فہرست مضامین

خط و کتابت اور منی آرڈر ارسال کرنے کا پتہ

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 12 شمارہ 1

جناب ثُمامہ بن اُثال رضی اللہ عنہ

ان مضامین کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ عوام کو اصحاب رسول ﷺ کا تعارف کروایا جائے اور ان کی خدمات پر روشنی ڈالی جائے ہمارے ہاں چند اصحابؓ کے بارے لوگوں کو علم ہے۔ باقی اصحابؓ رسول کی خدمات سے عام لوگ لاعلمی کا شکار ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے ٦ ھ میں دعوت دین کو وسیع کرنے کے لیے عرب و عجم کے حکمرانوں کو آٹھ دعوتی خطوط لکھے۔ ان حکمرانوں میں ایک ثمامہ ابن اثال حنفی بھی تھا۔ یہ ایک بااثر اور اہم شخصیت کا مالک تھا۔ دور جاہلیت میں عرب کا ایک حکمران، بنو حنیفہ کا ایک سربرآوردہ رئیس اور علاقہ یمامہ کے ان بادشاہوں میں سے تھا جن کی کوئی بات ٹھکرائی نہیں جاتی لہٰذا اسے بھی خط لکھا گیا۔

جب ثمامہ کے پاس رسول اللہ ﷺ کا پیغام پہنچا تو اس نے اس کے ساتھ نہایت توہین آمیز اور غیر ذمہ دارانہ رویہ اپنایا۔ جھوٹے پندار اور جاہلانہ غرور نے اس کو گناہ پر جما دیا اور اس نے دعوت حق سے اپنے کان بند کر لیے۔ پھر شیطان اس پر سوار ہو گیا اور اسے رسول اللہ ﷺ کو قتل کر کے ان کی دعوت کو نیست و نابود کر دینے پر انگیختہ کرتا رہا۔ اس کام کے لیے وہ آپ کی بے خبری اور مناسب موقع کی تلاش میں تھا، لیکن اس کے چچا نے عین وقت پر اس کو اس منصوبے پر عمل کرنے سے روک دیا۔ ثمامہ اگرچہ رسول اللہ ﷺ کے ارادۂ قتل سے باز آ گیا، لیکن وہ صحابہ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے ارادے سے دست بردار نہیں ہوا۔ وہ برابر ان کی تاک میں لگا رہا اور آخر کار چند صحابہ پر قابو پانے میں کامیاب ہو گیا اور ان کو نہایت دردناک طریقے سے قتل کر ڈالا۔ اس وجہ سے رسول اللہ ﷺ نے صحابہ میں اس بات کا اعلان فرما دیا کہ وہ جہاں کہیں ملے، قتل کر دیا جائے۔ صحابہؓ کے قتل اور نبی کریم ﷺ کے اس اعلان کے کچھ ہی دنوں بعد ثمامہ نے عمرہ کا ارادہ کیا اور اس ارادے سے وہ اپنے علاقہ یمامہ سے مکہ کی سمت روانہ ہوا۔ وہاں پہنچ کر وہ کعبہ کا طواف اور اس میں رکھے بتوں کے لیے قربانی کا ارادہ رکھتا تھا۔ لیکن اپنے اس سفر کے دوران میں وہ مدینہ کے قریب ایک راستے سے گزرتے ہوئے اچانک ایک ایسی آفت میں پھنس گیا جس کا اسے وہم و گمان تک نہیں تھا۔ ہوا یہ کہ رسول ﷺ کے بھیجے ہوئے کچھ مسلمانوں پر مشتمل ایک فوجی دستے نے جو اس خطرے کے پیش نظر کہ کہیں کوئی شر پسند رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر مدینہ کے باشندوں کو نقصان نہ پہنچا دے ثمامہ کو دیکھا اور اسے گرفتار کر لیا (حالانکہ ان میں سے کوئی بھی اس کو پہچانتا نہ تھا) اور اس کو مدینہ لائے، اور مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا اور اس بات کا انتظار کرنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ بنفس نفیس خود اس کے بارے میں کوئی فیصلہ صادر فرمائیں۔ جب آپؐ نے مسجد میں داخل ہونے کا ارادہ فرمایا تو نظر ثمامہ پر پڑی، آپ نے صحابہ سے دریافت فرمایا:

"جانتے ہو تم لوگوں نے کس کو گرفتار کیا ہے؟"۔ "نہیں اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم اس سے واقف نہیں ہیں"۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ "یہ قبیلہ بنی حنیفہ کا سردار ثمامہ ابن اثال ہے۔ اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا"۔ آپ ﷺ واپس گھر تشریف لے گئے اور گھر والوں سے کہا کہ "تمہارے پاس جو بھی کھانا ہو، اسے جمع کر کے ثمامہ ابن اثال کے پاس بھیج دو"۔ پھر دوبارہ آپ ثمامہ کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے خیال سے اس کے پاس تشریف لے گئے اور اس سے پوچھا کہ "ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے۔ تم ہماری طرف سے کس قسم کے سلوک کی توقع رکھتے ہو؟"

"میں آپ کے متعلق اچھا گمان اور آپ سے اچھے برتاؤ کی اُمید رکھتا ہوں، لیکن اگر آپ میرے قتل کا فیصلہ کرتے ہیں تو ایک ایسے شخص کو قتل کرائیں گے جو قتل کا مجرم ہے اور اگر احسان کر کے مجھے چھوڑ دیں تو ایک احسان شناس کو اپنا ممنون کرم پائیں گے، اور اگر آپ کو مال کی خواہش ہے تو وہ بھی فرمائیے، جتنا مال چاہیں گے، دیا جائے گا" اس نے جواب دیا۔

اس گفتگو کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ثمامہ کو اس کے حال پر چھوڑا اور دو روز تک اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ اس دوران کھانا اور اونٹنی کا دودھ اسے برابر دیا جاتا رہا۔ دو دن بعد رسول اللہ پھر اس کے پاس تشریف لائے اور وہی سوال کیا۔

"ثمامہ! تمہارا کیا خیال ہے۔ تم ہم سے کس قسم کے سلوک کی توقع رکھتے ہو؟"...... اس نے جواب دیا: "میرے پاس کہنے کی وہی باتیں ہیں جو اس سے پہلے میں کہہ چکا ہوں۔ اگر آپ میرے اوپر احسان کرتے ہیں تو ایک ایسے شخص پر احسان کریں گے جو اس کی قدر پہچانتا ہے، اور اگر میرے قتل کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کا یہ فیصلہ حق بہ جانب ہوگا کیونکہ میں آپ کے آدمیوں کو قتل کر کے اس کا مستحق قرار پا چکا ہوں اور اگر آپ کو مال کی خواہش ہے تو بتائیے، جو چاہیں گے آپ کو [illegible] جائے گا"۔

اس موقع پر نبی ﷺ نے اس سے مزید کچھ نہیں کہا بلکہ اس کو چھوڑ کر چلے گئے، البتہ اگلے روز نبی

کریم ﷺ پھر اس کے پاس گئے اور پھر وہی سوال دوہرایا: ''ثمامہ! تم کو ہماری طرف سے کس برتاؤ کی اُمید ہے؟'' اور اس نے بھی حسب سابق وہی جواب دیا کہ ''اگر آپ میرے اوپر احسان کرتے ہیں تو ایک احسان شناس شخص پر احسان کریں گے، اور اگر مجھے قتل کرا دیتے ہیں تو میں اس کا مستحق ہوں، اور اگر آپ کو مال کی ضرورت ہو تو فرمائیے۔ آپ کا مطلوبہ مال میں آپ کو پیش کر دوں گا''۔

اس سوال و جواب کے بعد رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ ''ثمامہ کو رہا کر دو''۔ اور حسب ارشاد اس کی زنجیریں کھول دیں گئیں۔ رہائی پا کر ثمامہ مسجد سے نکلا اور مدینہ کے باہر بقیع کے قریب واقع کھجوروں کے ایک باغ میں گیا جس میں کنواں تھا۔ اپنی سواری کو اسی کنویں کے پاس بٹھا کر اس کے پانی سے خوب اچھی طرح غسل کیا اور پاک صاف ہو کر پھر اسی راستے سے چل کر مسجد میں واپس آ گیا۔ اس نے مسجد میں مسلمانوں کی ایک مجلس کے قریب پہنچ کر بہ آواز بلند کلمہ شہادت پڑھ کر اپنے اسلام کا اعلان کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہو کر بولا ''اے محمد ﷺ اللہ کی قسم! روئے زمین پر کوئی چہرہ میرے نزدیک آپ کے چہرے سے زیادہ مبغوض اور قابل نفرت نہ تھا۔ مگر اب یہ مجھے ہر چہرے سے زیادہ محبوب ہے اور اللہ کی قسم! آپ کے دین سے زیادہ قابل نفرت میرے نزدیک کوئی دین نہ تھا۔ لیکن اب یہ مجھے تمام ادیان سے زیادہ پسندیدہ ہے اور اللہ کی قسم! آپ کے شہر سے زیادہ ناپسندیدہ میرے نزدیک کوئی دوسرا شہر نہیں تھا مگر اب آپ کا یہ شہر مجھے تمام شہروں سے زیادہ پسند ہے''۔(۱)

تھوڑی دیر رک کر پھر بولے ''میں نے آپ کے کچھ ساتھیوں کو قتل کیا ہے۔ اس کی تلافی کے لیے آپ میرے اوپر کیا عائد کرتے ہیں؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''ثمامہ! اس سلسلے میں تمہارے اوپر نہ قصاص ہے نہ دیت۔ کیونکہ اسلام نے تمہاری تمام سابقہ زیادتیوں اور غلط کاریوں کو حرف غلط کی طرح محو کر دیا ہے''۔ پھر نبی ﷺ نے اسلام لانے کی وجہ سے جنت کی خوشخبری دی۔ ان کا چہرہ فرط مسرت سے چمک اٹھا۔ کہنے لگے کہ ''اللہ کی قسم! میں نے آپ کے جتنے صحابہ کو قتل کیا ہے اس سے کئی گنا تعداد میں مشرکین کو قتل کروں گا اور اپنی ذات کو، اپنی تلوار کو اور ان لوگوں کو جو میرے ماتحت اور ہم نوا ہیں آپ کی اور آپ کے دین کی نصرت و تائید کے لیے وقف کرتا ہوں''۔

قدرے توقف کے بعد پھر کہا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ کے سواروں نے مجھے اس وقت گرفتار کیا تھا جب میں عمرہ کی نیت سے نکلا تھا تو آپ کے خیال میں اب مجھے اس سلسلے میں کیا کرنا چاہیے؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم مکہ جا کر عمرہ ادا کر لو۔(۲) مگر یہ عمرہ اب تم اللہ اور اس کے رسول کی شریعت کے مطابق ادا کرو گے''۔ پھر نبی ﷺ نے مناسک حج اور افعال عمرہ کی تعلیم دی۔

جناب ثمامہ ابن اثال عمرہ کی ادائیگی کے لیے روانہ ہوئے، جب بطن مکہ میں پہنچے تو وہیں کھڑے ہو کر بلند آواز سے تلبیہ کو پڑھنا شروع کر دیا:

''میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بیشک ساری تعریفیں اور تمام نعمتیں تیرے لیے ہیں اور اقتدار تیرا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں''۔(۳)

وہ دنیا کے سب سے پہلے مسلمان تھے جو تلبیہ پڑھتے ہوئے مکہ میں داخل ہوئے تھے۔ قریش کے لوگ اس غیر متوقع آواز کو سن کر سہم گئے اور غضبناک ہو کر دوڑے۔ انہوں نے اپنی تلواریں بے نیام کر لیں۔ آواز کی طرف لپکے تاکہ اس شخص پر ٹوٹ پڑیں جوان کی کچھار میں گھس آیا تھا۔ وہ لوگ ثمامہؓ کی طرف بڑھے تو انہوں نے تلبیہ کی آواز اور تیز کر دی۔ وہ ان کی طرف نہایت لاپرواہی اور بے خوفی کے ساتھ دیکھ رہے تھے۔ ایک قریشی جوان نے تیر چلا کر ان کو قتل کرنا چاہا۔ مگر دوسروں نے اس کو یہ کہتے ہوئے ایسا کرنے سے روک دیا کہ ''تیرا برا ہو، جانتا ہے کہ یہ کون ہے؟ یہ یمامہ کا بادشاہ ثمال ابن اثال ہے۔ اگر تم نے اس کو کوئی نقصان پہنچایا تو اس کے قبیلے والے ہمارے یہاں غلے کی برآمد روک کر ہم کو بھوکوں مار دیں گے''۔ پھر وہ لوگ اپنی تلواریں میان میں کر کے جناب ثمامہؓ کے سامنے آئے اور ان سے بولے ''ثمامہ! یہ تم کو کیا ہو گیا ہے۔ کیا تم بے دین ہو گئے ہو اور تم نے اپنا اور اپنے آباؤ اجداد کا دین ترک کر دیا ہے؟''۔

''نہیں، میں بے دین نہیں ہوا بلکہ میں نے سب سے اچھے دین، محمد ﷺ کے دین کی پیروی اختیار کر لی ہے''۔ جناب ثمامہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اس کے بعد انہوں نے کہا کہ ''اس گھر والے کی قسم! میرے پاس واپس جانے کے بعد یمامہ کے گیہوں کا ایک دانا اور وہاں کی پیداوار کا کوئی حصہ اس وقت تک تمہارے یہاں نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ تم سب کے سب محمد ﷺ کا اتباع نہ اختیار کر لو(۴)۔

جناب ثمامہؓ نے قریش کی آنکھوں کے سامنے رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق عمرہ کے ارکان ادا کیے۔ انہوں نے غیر اللہ اور بتوں کے لیے نہیں، اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے قربانی کے جانور ذبح کیے اور واپس اپنے وطن گئے۔ واپس آ کر انہوں نے اپنے قبیلہ والوں کو قریش کے یہاں غلے کی سپلائی روک دینے کا حکم دیا۔ قبیلہ والوں نے ان کے اس حکم کی تعمیل کی اور اہل مکہ کے یہاں اپنی پیداوار کی سپلائی بند کر دی۔ یہ اقتصادی پابندیاں جو بتدریج سخت تر ہوتی گئیں کے نتیجہ میں فاقہ کشی عام ہو گئی اور یہاں کے لوگوں کا بھوک سے مر جانے کا

باقی صفحہ 24 پر.......

(۱) صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۳۷۲/صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب ربط الاسیر۔ (۲) صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۳۷۲/صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب ربط الاسیر۔ (۳) یہ تلبیہ یعنی لبیک کہنے کے مسنون الفاظ صحیح بخاری، کتاب الحج، حدیث ۱۵۴۹ میں موجود ہیں۔ (۴) ایضاً۔۔ مگر صحیحین میں عبارت میں قدرے فرق ہے۔

الواح ونقوش

لوحِ عطارد

برائے علم وعقل اور حافظے میں اضافہ، رزق، کاروبار اور تجارت میں ترقی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے بچاؤ، امتحان میں کامیابی اور بچوں کی تعلیم میں اعلیٰ کارکردگی کے لیے ایک تحفہ ہے۔ حافظے کی کمزوری، تعلیم میں دل نہ لگنے یا جن لوگوں کا ذاتی کاروبار نہ چلتا ہو ان کے لیے مفید ہے۔

زعفرانی نقوش

بیماری کی نوعیت کچھ بھی ہو! بیماری چاہے کتنی پرانی ہی کیوں نہ ہو! بیماری چاہے کتنی ہی موذی کیوں نہ ہو! زعفرانی نقوش کا ایک کورس کرنے سے اس کے اثرات آپ پر خود ظاہر ہوں گے۔ یہ ''زعفرانی نقوش'' درجہ اول کے زعفران سے خاص اوقات میں کاغذ پر تحریر کیے جاتے ہیں اور صحت اور تندرستی کے حوالے سے ان پر خصوصی آیات قرآنی اور اسماء ربی کا ورد بھی کیا جاتا ہے۔ تاکہ ان کے اثرات میں زیادہ سے زیادہ طاقت پیدا کی جا سکے اور ان کو استعمال کرنے والے کو زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو اور اس کو صحت کے جن مسائل سے واسطہ ہے اُن کا حل نکلے اور وہ صحت یاب ہو۔

خاتمِ سلیمان

خاتم سلیمان ۳۴ مختلف مسائل کے لیے موثر ثابت ہوتی ہے۔ یہاں ان سب کا بیان ممکن نہیں۔ سو اس کی مکمل خصوصیات کی تفصیل آپ ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں دیکھ سکتے ہیں۔

لوحِ استخارہ

یہ لوح کسی بھی کام یا بانڈ نمبر وغیرہ کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ بعض دفعہ انسان دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے کہ وہ ادھر جائے یا اُدھر جائے۔ جب فیصلہ کرنا بہت مشکل اور ضروری بھی ہو تو ایسے حالات میں استخارہ سے فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ آپ حسب منشاء کسی بھی سوال کے جواب کے لیے اطمینانِ قلب سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو درست جواب حاصل کرنے میں حد درجہ معاون ثابت ہوگی

انگوٹھی عدد 9

معاملات زندگی میں عمومی تکمیلیت اور متفرق مسائل کے حل کے لیے عدد 9 کی انگوٹھی بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ عدد 9 بلحاظ اعداد اختتامی اور مکمل کر دینے والا عدد ہے۔ سو اس حوالے سے اس عدد کی انگوٹھی کو مختلف کاموں کو باخیر انجام دینے اور معاملات میں عمومی کامیابی کے لیے اعتماد سے استعمال کیا جاتا ہے۔

برکاتی انگوٹھی

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے استعمال میں لائی جاتی ہے۔

انگوٹھی مریخ

جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور رد سحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ تانبے پر خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت تیار کی گئی ہے۔ تانبے پر یہ خاص انگوٹھی ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے۔ آپ بھی حسب ضرورت اس کو استعمال میں لا سکتے ہیں۔

لوح رفع نحوست شمس

شمس جب کسی فرد کے زائچہ پیدائش میں نحوست کا شکار ہو تو ایسے فرد کو معاشرے میں عزت و وقار کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ حکومتی اداروں سے متعلقہ معاملات میں اُس کو پریشانی کا شکار ہونا پڑتا ہے۔ اول تو اُسے اس قابل نہیں سمجھا جاتا کہ اہم کام اُس کے سپرد کیا جائے اور اگر کہیں وہ اہم جگہ پر ہو تو اُس کو اپنے اختیارات استعمال کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ زندگی کو ایک باوقار انداز میں گزارنے اور معاشرے اور خاندان میں عزت و مرتبے کے حصول کے لیے یہ انتہائی ضروری ہے۔

لوح رفع نحوست قمر

قمر کی نحوست سب سے زیادہ شیر خوار بچے کی نشو و نما کو متاثر کرتی ہے۔ وہ بچے جو کمزور رہ جاتے ہیں یا وہ جو عمر میں تو بڑے ہو جاتے ہیں مگر بنیادی طور پر مختلف یا کسی ایک عضو کی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں تو ان کے زائچہ پیدائش میں قمر نحوست کا شکار ہوتا ہے۔ ایسے تمام افراد جن کو اپنے جذبات پر قابو نہیں رہتا اور ان کے ذہن کے اندر خیالات کے مختلف دھارے چلتے رہتے ہیں وہ بھی نحوست قمر کا شکار ہوتے ہیں۔ جو لوگ کسی نہ کسی طور پر مائع، پانی، تیل یا سفری امور سے متعلق کاروبار کر رہے ہیں یا ان شعبوں میں ملازمت کر رہے ہیں جیسے جہاز رانی، مشروب سازی، ہوٹل وغیرہ تو وہ متعلقہ معاملات میں مسائل کا شکار ہیں تو وہ اپنے زائچہ پیدائش میں موجود قمر کی نحوست کو دور کرنے کے لیے یہ لوح حاصل کریں۔

لوح رفع رجعت/نحوست

عطارد

عطارد جب کسی کے پیدائشی زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہوتا ہے تو عمر بھر کے لیے عطارد سے متعلقہ معاملات میں مسائل کا شکار رہتا ہے۔ عطارد کی رجعت/نحوست کی وجہ سے فرد کی ذہانت اور عقل و دانش میں کمی اور کمزوری رہ جاتی ہے اور یوں پڑھائی کے میدان میں وہ کامیابیاں حاصل نہیں کر پاتا جو عمومی طور پر حاصل کرنا چاہیے۔ کاروباری حضرات، سیلز مین، ملازمت پیشہ خواتین و حضرات اور اساتذہ اپنے روزمرہ کے معمولات میں عطارد کی رجعت/نحوست کی وجہ سے کامیابی حاصل نہیں کر پاتے اور مشکلات میں گھرے رہتے ہیں۔ سو ایسے تمام اصحاب و خواتین جو یہ محسوس کریں کہ وہ اوپر بیان کردہ اور متعلقہ معاملات میں مسائل کا شکار ہیں تو انہیں چاہیے کہ وہ ان مسائل سے نجات اور متعلقہ شعبوں میں کامیابی و کامرانی کے لیے یہ لوح حاصل کریں۔

عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

کون سا حلف موثر ہے؟ کون سا نہیں؟ امریکہ کا نیا صدر دنیا کو کس نظر سے دیکھے گا؟

کوئی تبدیلی متوقع ہے یا نہیں!

اس ماہ میں جس شخصیت پر مضمون لکھ رہا ہوں اس وقت وہ دنیا کا سب سے مشہور اور طاقت ور ترین انسان ہے۔ جی ہاں! میں اور کسی کی نہیں بلکہ امریکی صدر باراک حسین اوباما کی بات کر رہا ہوں۔

امریکہ دنیا میں موجود ایک ایسی ریاست ہے، جس کی وجہ سے پوری دنیا میں اتار چڑھاؤ آ جاتا ہے۔ لہٰذا اب ہم امریکی صدر باراک حسین اوباما کے حلف برداری کا زائچہ دیکھتے ہیں کہ وہ امریکہ کے مستقبل کے بارے میں کیا بتاتا ہے، کیونکہ کسی بھی حکمران کی حلف برداری کے وقت کے حساب سے بنایا جانے والا زائچہ اس حاکم کے دورِ حکومت میں ملک میں ہونے والی تبدیلیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ نیا حکمران ملک کے لیے بہتر ثابت ہو گا یا برا، اس کی وجہ سے ملکی ترقی اور زندگی کے مختلف شعبوں میں کیا بہتری آئے گی۔ دنیا میں اس ملک کا نام و مقام نئے حکمران کی وجہ سے بہتر ہو گا یا پہلے بنی پوزیشن پر بھی اثر پڑے گا، جیسے تمام معاملات اس زائچے سے دیکھے جاتے ہیں۔

جہاں میں نے حلف برداری کے وقت کی بات کی تو باراک حسین اوباما کی حلف برداری میں ایک اہم مرحلہ یہ آتا ہے کہ باراک اوباما نے دو دفعہ حلف اٹھایا تھا۔ کچھ مبصرین پہلے حلف کو ٹھیک مانتے ہیں اور کچھ دوسرے کو۔ البتہ بعض لوگ تو دوسری دفعہ حلف برداری کو اوباما کا مذاق بھی کہتے ہیں، مگر ہماری نظر میں حلف تو ایک دفعہ ہی اٹھایا جاتا ہے کیونکہ بچہ ایک دفعہ ہی پیدا ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم اوباما کے پہلی دفعہ کے حلف کے وقت ہی کو زیادہ اہمیت دیں گے۔ البتہ ہم نے اپنے معزز قارئین کے لیے اوباما کے دونوں زائچے مضمون میں پیش کیے ہیں اور دونوں ہی کو زیر بحث لایا گیا ہے تاکہ دونوں زائچوں کے تحت واقع ہونے والی احکام پر روشنی ڈالی جا سکے۔ دوسرے حلف کو ہم پہلے حلف کا دوسرا حصہ یا اصلاحی حصہ تو کہہ سکتے ہیں تاہم مکمل طور پر حلف کا زائچہ نہیں مان سکتے۔ کیونکہ دونوں حلفوں کے درمیان کوئی دوسرا فرد صدر نہیں بنا۔

زائچہ حلف برداری بحساب 20-01-2009

اوباما نے پہلی دفعہ حلف 20 جنوری 2009 دوپہر 1 بج کر 4 منٹ پر اٹھایا تھا جس کے حساب سے ان کا طالع جوزا اور قمری طالع قوس بنتا ہے۔

اوباما نے دوسری دفعہ حلف 21 جنوری 2009 کو شام 7 بجکر 35 منٹ پر اٹھایا جس کے حساب سے طالع برج سنبلہ اور قمری طالع قوس ہی بنتا ہے۔

کسی بھی زائچہ کی طاقت کو دیکھنے کے لیے ہم اس کے طالع کو ترجیح دیتے ہیں۔ اگر ہم دونوں زائچوں کے طالع کو دیکھیں تو دونوں کی پوزیشن کچھ خاص نہیں ہے۔

اوباما کے پہلے زائچہ میں پیدائشی طالع برج جوزا ہے۔ جس کا مالک عطارد برج دلو میں انتہائی کمزور اور رجعت کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یہ شمس اور مشتری کے ساتھ قران کی نظر بھی بنا رہا ہے اور قمر کے ساتھ تسدیس کی نظر بھی بنا رہا ہے، جس کی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے دور میں

کمپیوٹر ٹیکنالوجی اور سائنس میں کافی ترقی ہوگی، مگر اس ٹیکنالوجی کا استعمال غلط ہوگا۔ اس کے علاوہ کاؤنٹر انٹیلی جنس، جاسوسی نظام میں مزید بہتری آئے گی۔

پہلے گھر کا نحس ہونا صاحب زائچہ کے دور حکومت میں بہت سی مشکلات لے کر آنے کا اندیشہ ہے۔ اس کے علاوہ یہ صاحب زائچہ کے دور حکومت میں رہنے تک کچھ نہ کچھ مشکلات پیدا کرنے کا سبب بھی بنتا ہے۔ جن کا نشانہ صاحب صدر اور امریکہ کی عوام بھی ہوگی۔ اس کا ایک رخ تو ہم دیکھ ہی چکے ہیں کہ جیسے ہی اوباما نے صدر کی کرسی سنبھالی ان کے ہاتھ میں امریکہ کی گرتی ہوئی معیشت دے دی گئی۔ ان کے زائچہ کو دیکھتے ہوئے اور ٹرانزٹ کے کواکب کی پوزیشن کو زائچہ میں گھماتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جن حالات میں امریکہ کی بھاگ دوڑ ان کے ہاتھ میں دی گئی، یہ ان حالات میں کافی حد تک بہتری لانے کے لیے بہت زیادہ کوشش کریں گے اور انہیں مختلف مشکلات کا سامنا رہے گا۔ تاہم ہم مجموعی طور پر بہتری کی امید رکھ سکتے ہیں۔

باراک اوباما کے پہلے حلف کے زائچے میں دسویں گھر کو دیکھیں تو ان کا دسواں گھر برج حوت کا بنتا ہے۔ جس کا مالک مشتری دلو میں بیٹھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ دسویں گھر میں زہرہ حالت شرف میں بیٹھا ہوا ہے۔ زہرہ دسویں گھر میں موجود یورانس کے ساتھ قران کی نظر بھی بنا رہا ہے۔ زہرہ مریخ کو جو کہ ان کے گیارہویں اور چھٹے گھر کا مالک ہے کو تسدیس کی نظر سے دیکھ رہا ہے جس کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ باراک اوباما ملک میں موجود صحت کے مسائل کی طرف خصوصی توجہ دیں گے، اور اس سلسلے میں صحت سے متعلقہ پالیسیوں اور انشورنس کے طریقوں میں بہتری لے کر آئیں گے اور یہی چیزیں ان کی شہرت میں اضافے کا سبب بنے گی۔

زائچہ حلف برداری کے حساب
21-01-2009

اب اگر ہم اوباما کا دوسرا زائچہ دیکھیں تو اس میں پیدائشی طالع برج سنبلہ ہے۔ جس میں زحل حالت رجعت میں بیٹھا ہوا ہے۔ زحل کا طالع میں ہونا صاحب زائچہ کے لیے انتہائی نحس ہوتا ہے۔ طالع کا مالک عطارد برج جدی میں رجعت کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ اوباما کے دوسرے زائچہ میں دسویں گھر کا مالک بھی عطارد ہے۔ البتہ دسویں گھر میں کوئی کوکب نہیں ہے۔ مگر اس کا مالک عطارد پانچویں گھر میں جا کر بیٹھا ہوا ہے۔ طالع اور دسویں گھر کے مالک کی یہ پوزیشن اور دوسرے کواکب سے بننے والی برجی نظرات کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے دور حکومت میں جوا، جرائم اور فحش کاموں میں اضافہ ہوگا۔

دوسرے زائچہ میں طالع کی پوزیشن یہ ظاہر کرتی ہے کہ اوباما اپنے فیصلوں کو عملی جامع پہنانے کے لیے سخت ترین رویہ اور پالیسی سازی پر یقین رکھتے ہیں۔

اگر ہم باراک اوباما کے پہلے زائچہ اور ساتویں گھر کو دیکھیں کیونکہ پہلا گھر صاحب زائچہ اور ساتواں گھر مخالف لوگوں کو ظاہر کرتا ہے تو ان دونوں کے حاکم کوکب کی آپسی نظرات اور دوسرے کوکب کے ساتھ بننے والی نظرات کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ باراک حسین اوباما اپنے مخالفین خصوصاً مذہبی مخالفین یا مذہبی تفرقے کو کم کرنے کی کوشش کرے گا اور آپس میں ایک دوسرے سے بھرپور تعاون اور صلح جوئی کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن اس حوالے سے اس کا طرز عمل کسی کمزوری کا باعث نہ ہوگا بلکہ بطور پالیسی ہوگا۔

البتہ ان کے دوسرے زائچہ میں پہلے اور ساتویں گھر کا موازنہ کرتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے مخالفین ان کو جانی نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

باراک اوباما کے پہلے زائچے کی روشنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ باراک اوباما بش کے دور میں امریکہ کے مخالفوں کی بڑھی ہوئی تعداد کو کم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کریں گے۔ اس کے علاوہ ہمسایہ ممالک سے مزید تجارتی تعلقات استوار ہوں گے۔

باراک اوباما کے دوسرے زائچے کو دیکھیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے دور حکومت میں عوام میں بے اطمینانی کا عنصر بڑھ جائے گا۔ ملک کا پیسہ دوسرے ممالک میں جائے گا، یعنی اوباما کے دور حکومت میں امریکہ دوسرے ممالک میں بہت سے پراجیکٹ شروع کرے گا۔ جاسوسی کرنے اور دوسرے ممالک کی زیادہ سے زیادہ انفارمیشن حاصل کرنے یا دوسرے ممالک میں اپنی مرضی کا حکم نافذ کرنے اور اس طرح کے دوسرے معاملات کے حوالے سے پیسے خرچ کریں گے۔

حافظ محمد فرخ جاوید

ماہ مارچ کے خاص اعمال

ماہ رواں میں بننے والی کواکبی نظرات کے خاص اعمال روحانی

قارئین راہنمائے عملیات' خالد روحانی جنتری اور خالد ہندی جنتری کو سلام۔

وراثتی جائیداد کے آسان حصول کے لیے

زہرہ تسدیس مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	08-03-2009	11-03-2009	13-03-2009
وقت	22:20	17:34	21:56

زہرہ اور مشتری کی اس نظر کو ایک مختلف انداز میں لیا گیا ہے۔ وراثت ایک ایسا موضوع ہے کہ جس کی نوبت کبھی تو کسی کی زندگی میں آتی ہی نہیں مگر کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جن کی پوری زندگی صرف اور صرف اس ایک لفظ ''وراثت'' کے گرد ہی گھومتی ہے۔ یہاں اس سے یہ مطلب نہ لیا جائے کہ لالچی لوگوں کی بات کی جارہی ہے بلکہ یہاں اُن لوگوں سے مراد ہے کہ جو اپنے جائز حق کو حاصل کرنے کے چکر میں چکر ہی لگاتے رہ جاتے ہیں۔

اس مضمون میں ایسے ہی لوگوں کے لیے ایک ایسا عمل دیا جارہا ہے کہ جس کو وہ اپنے استعمال میں لاکر اوپر بیان کردہ مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ عمل کے لیے پاک صاف جگہ کا بندوبست کرلیں۔ کپڑے بھی پاک اور صاف پہنیں۔ نئے ہوں تو بہت بہتر ہے۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو پرانے کو اچھی طرح دھو کر استعمال کریں۔ گلاب اور زعفران کو بطور بخور جلائیں۔ تمام عمل کے دوران بخور جلتے رہنا چاہیے۔ خوشبو گلاب کی استعمال کریں۔

ذیل میں دیئے گئے نقوش کو تیار کریں۔ ان میں سے ایک خاکی ہے اور ایک بادی ہے۔ خاکی کو آپ کو وراثتی جائیداد کی جگہ پر دفنانا ہوگا اور بادی کو گلے میں پہننا ہوگا۔ جب آپ یہ عمل کرلیں تو پھر آپ کو صدقہ دینا ہے۔ دورنگے میٹھے چاول پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں۔

اللہ نے چاہا تو جلد ہی آپ اپنے کیے ہوئے عمل کا اثر دیکھیں گے اور جلد ہی آپ کو آپ کا حق مل جائے گا۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ کاغذ چاندی اور سونے سے بہرحال کمتر درجے کی چیز ہے۔ لہذا اثر بھی آرام سے ہوگا۔

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۱۶۲	۱۷۵	۱۷۲	۱۶۹
۱۷۳	۱۶۸	۱۶۳	۱۷۴
۱۶۷	۱۷۰	۱۷۷	۱۶۴
۱۷۶	۱۶۵	۱۶۶	۱۷۱

یا اللہ یا اللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

۷۸۶

یا اللہ یا اللہ

۱۷۲	۱۶۹	۱۶۲	۱۷۵
۱۶۳	۱۷۴	۱۷۳	۱۶۸
۱۷۷	۱۶۴	۱۶۷	۱۷۰
۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶	۱۶۵

یا اللہ یا اللہ

جعلی پیروں کی بندش کے لیے

عطارد مقابلہ زحل

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	18-03-2009	19-03-2009	19-03-2009
وقت	20:10	09:00	21:47

یہ ایک ایسا موضوع ہے کہ جس پر جتنا بھی لکھا جائے وہ کم ہے۔ کیونکہ یہ لوگ ایسے ہی ہیں کہ جیسے کسی جان بلب مریض کو جان بچانے کے لیے جعلی دوا کھلا دی جائے۔ کیونکہ جب انسان بیمار ہوتا ہے تو اُس کا یقین ڈاکٹر اور حکیم پر ہوتا ہے کہ وہ اُس کے علاج میں کوئی کسر نہ چھوڑے گا اور اُس کو موت کے منہ سے بچالے گا۔

کچھ ایسا ہی حال اُن لوگوں کا ہوتا ہے کہ جو کسی نہ کسی طرح روحانی بیماری کا شکار ہو جاتے ہیں اور پھر اُس کے علاج کے لیے وہ کسی پیر کی تلاش میں نکل کھڑے ہوتے ہیں۔ اب عمومی قسمت دیکھیے کہ اُن کا پالا روحانیت میں کسی اعلیٰ مقام پر فائز ہستی سے نہیں بلکہ جعلسازی کی ڈگری لیے ہوئے انسان سے ہو جاتا ہے۔ اب سوچیے! کہ اُس انسان کا کیا حال ہوگا کہ جو اپنے علاج کے لیے اُس کی طرف رجوع کرے گا۔ یعنی کچھ تو بیماری نے جان ہلکان کی ہوئی تھی اور باقی کی یہ حضرت لے لیں گے۔ بیمار عقیدتمندی میں اپنا آپ بھی لُٹا دے گا اور جان کے لالے بھی پڑ سکتے ہیں۔

زیل میں جو عمل دیا جا رہا ہے وہ انسانیت کی بھلائی کے لیے دیا جا رہا ہے۔ وہ لوگ جو اپنے آس پاس ایسے کسی کو پائیں تو وہ اس عمل کو کر کے عوام کو ایسے لوگوں کے شر سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ باقی جہاں تک اس عمل کے اثرات کا تعلق ہے تو آپ اس بات کو جانتے ہیں کہ جو کام بھی انسانیت کی بھلائی کے لیے کیا جاتا ہے اُس میں اللہ تعالیٰ کی مدد شامل ہوتی ہے۔

زیل میں چاروں چالوں سے نقوش دیئے جا رہے ہیں تا کہ کسی بھی قسم کی کسر نہ رہ جائے۔ ان نقوش کی تیاری میں آپ نے کالی مرچ اور زال کو بطور بخور استعمال کرنا ہے۔ عمل ننگے سر کریں اور بند کمرے کے بجائے کسی کھلی جگہ پر کریں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد کالے رنگ کا مرغا بطور صدقہ دے دیں۔ آتشی کو چولہے کے پاس دفن کر دیں، آبی کو بہا دیں، خاکی کو کسی قبرستان کی پُرانی قبر میں دفنا دیں اور بادی کو کسی کانٹے والے درخت کے ساتھ باندھ دیں۔ اللہ نے چاہا تو جلد ہی اُس نام نہاد پیر فرتوت سے بھولی عوام کی جان چھوٹ جائے گی۔ باقی اللہ ہم سب کے حال پر رحم کرے۔ آمین۔

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۲۸۵	۲۸۸	۲۹۱	۲۷۸
۲۹۰	۲۷۹	۲۸۴	۲۸۹
۲۸۰	۲۹۳	۲۸۶	۲۸۳
۲۸۷	۲۸۲	۲۸۱	۲۹۲

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۲۷۸	۲۹۱	۲۸۸	۲۸۵
۲۸۹	۲۸۴	۲۷۹	۲۹۰
۲۸۳	۲۸۶	۲۹۳	۲۸۰
۲۹۲	۲۸۱	۲۸۲	۲۸۷

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۲۸۸	۲۸۵	۲۷۸	۲۹۱
۲۷۹	۲۹۰	۲۸۹	۲۸۴
۲۹۳	۲۸۰	۲۸۳	۲۸۶
۲۸۲	۲۸۷	۲۹۲	۲۸۱

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

یا اللہ　۷۸۶　یا اللہ

۲۹۱	۲۷۸	۲۸۵	۲۸۸
۲۸۴	۲۸۹	۲۹۰	۲۷۹
۲۸۶	۲۸۳	۲۸۰	۲۹۳
۲۸۱	۲۹۲	۲۸۷	۲۸۲

عوامی مقبولیت حاصل کرنے کے لیے

زہرہ قران شمس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	27-03-2009	28-03-2009	28-03-2009
وقت	09:35	00:24	15:14

عوام میں مقبولیت حاصل کرنے کی ضرورت مختلف لوگوں کو مختلف انداز میں رہتی ہے۔ جیسا کہ ایک سیاستدان کو عوامی مقبولیت کی ضرورت اس لیے ہوتی ہے کہ وہ اُن کے ووٹوں سے اسمبلی کی نشست جیت لے۔ فنکار کو اِس کی ضرورت اِس لیے ہوتی ہے کہ اُس کے کام کو زیادہ سے زیادہ لوگ دیکھیں تا کہ اُس کا معاوضہ بڑھے۔ اسی طرح ڈاکٹر، پیر، حکیم، درزی، بیوٹیشن وغیرہ کو بھی اس مقبولیت کی ضرورت پڑتی ہے کیونکہ لوگ آئیں گے تو اُن کا کام چلے گا۔ کام چلے گا تو پیسے آئیں گے۔

زیل میں دیئے گئے نقش کو آپ سعد اعمال والے تمام لوازمات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تیار کریں اور اپنے پاس رکھیں۔ بعد از عمل بھوری مائل رنگت کا جانور بطور صدقہ دے دیں۔ انشاء اللہ آپ کو آپ کا مقصد مل جائے گا۔ یقین کامل رکھیں اور پھر دیکھیں کہ اللہ کیسے کرم کرتا ہے؟

چال

۱۷	۵	۱۳	۲۱	۹
۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۱۰	۱۸	۱	۱۴	۲۲
۴	۱۲	۱۹	۸	۱۶
۲۳	۶	۲۵	۲	۱۵

نقش

یا اللہ جبرائیل یا اللہ

۲۸۸۸۴	۲۸۸۷۲	۲۸۸۸۰	۲۸۸۸۸	۲۸۸۷۶
۲۸۸۷۸	۲۸۸۹۱	۲۸۸۷۴	۲۸۸۸۷	۲۸۸۷۰
۲۸۸۷۷	۲۸۸۸۵	۲۸۸۶۸	۲۸۸۸۱	۲۸۸۸۹
۲۸۸۷۱	۲۸۸۷۹	۲۸۸۹۲	۲۸۸۷۵	۲۸۸۸۳
۲۸۸۹۰	۲۸۸۷۳	۲۸۸۸۶	۲۸۸۶۹	۲۸۸۸۲

اسرافیل عزرائیل

محبت میں کامیابی کے حصول کے لیے

عطارد قران زہرہ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	28-03-2009	29-03-2009	29-03-2009
وقت	22:22	07:32	16:40

محبت وہ پھل ہے کہ جسے کھانا تو ہر شخص چاہتا ہے مگر یہ ہر شخص کے مقدر میں نہیں ہوتا ہے۔ یہاں محبت سے مراد صرف وہ محبت نہ لی جائے کہ جس میں ایک مرد اور ایک عورت شامل ہوتے ہیں اور اُن کا مطمع نظر ایک دوسرے کو پانا ہوتا ہے۔ یہاں محبت کا لفظ بہت وسیع معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ یہ محبت بہن بھائی کے درمیان بھی ہوسکتی ہے اور میاں بیوی کے درمیان بھی ہوسکتی ہے۔ ہمارا مقصد جائز کاموں کے لیے آپ لوگوں کی خدمت میں روحانی اعمال پیش کرنا ہیں۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کیا کرتے ہیں؟

زیل میں دیئے گئے نقش کو آپ سعد اعمال والی تمام احتیاط و لوازمات کو استعمال میں لاتے ہوئے تیار کریں۔ عمل تیار کرنے کے حوالے سے محترم جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کی لکھی ہوئی کتاب "راہنمائے عملیات" اور "اصول و قواعد عملیات" سے آپ بخوبی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ عمل کی تیاری کے بعد اِس کو گلے میں پہن لیں اور پھر اللہ کا کرم دیکھیں کہ کیسے ٹوٹے ناطے جُڑ جاتے ہیں؟ بعد از عمل غریبوں میں شیرینی بانٹنا نہ بھولیں۔

نقش

والف	بین قلوبھم	لوانفقت	مافی الارض	جمیعا	ماالفت
بین قلوبھم	لوانفقت	مافی الارض	جمیعا	ماالفت	بین قلوبھم
لوانفقت	مافی الارض	جمیعا	ماالفت	بین قلوبھم	ولکن اللہ
مافی الارض	جمیعا	ماالفت	بین قلوبھم	ولکن اللہ	الف
جمیعا	ماالفت	بین قلوبھم	ولکن اللہ	الف	بینھم
ماالفت	بین قلوبھم	ولکن اللہ	الف	بینھم	انہ
بین قلوبھم	ولکن اللہ	الف	بینھم	انہ	عزیز
ولکن اللہ	الف	بینھم	انہ	عزیز	حکیم

◊◊◊◊◊◊◊◊◊◊◊◊◊

ماہ مارچ 2009

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش اور روحانی اعمال تیار کرنے والے عامل یا عام لوگوں کو جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ باقی اللہ مالک ہے۔ یہ مضمون عملیاتی اور روحانی حوالے سے ہر عامل کامل کا راہنما ثابت ہوگا۔ اپنی آراء ضرور ارسال کریں کہ اس کو کس طرح مزید بہتر اور قارئین کے لیے مفید بنایا جا سکتا ہے؟ مختصراً سمجھ لیں کہ علمی لحاظ سے زہرہ و مشتری جو سعد ترین کواکب ہیں ان کی باہمی سعد نظر ہمیشہ اچھے اثرات کی حامل نہیں ہوتی۔ لیکن بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں اور ضرورت مند کر بھی لیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تا کہ کوئی بھی کوابکی نظر ہو آپ اس مضمون کو مدنظر رکھ کر ایسے وقت عمل کریں جب کامیابی کا زیادہ سے زیادہ امکان ہو۔

01	13:51	قمر تثلیث پلوٹو
01	22:20	قمر تربیع راہو
02	04:54	قمر تسدیس شمس
02	07:20	قمر تربیع مشتری
02	08:06	عطارد قران مریخ
02	17:44	قمر تثلیث زحل
02	20:03	قمر تربیع مریخ
02	20:43	قمر تربیع عطارد
02	23:11	قمر تسدیس یورانس
03	00:16	قمر تربیع چیرون
03	03:43	قمر تربیع نیپچون

04	02:12	قمر تثلیث راہو
04	07:08	عطارد قران چیرون
04	11:59	قمر تثلیث مشتری
04	12:47	قمر تربیع شمس
04	15:18	قمر تسدیس زہرہ
04	21:01	قمر تربیع زحل
05	02:35	قمر تثلیث مریخ
05	02:50	قمر تربیع یورانس
05	03:56	قمر تثلیث چیرون
05	06:18	قمر تثلیث عطارد
05	07:11	قمر تثلیث نیپچون

05	14:40	عطارد قران نیپچون
05	21:17	قمر مقابلہ پلوٹو
06	05:26	مریخ قران چیرون
06	16:07	قمر تربیع زہرہ
06	19:16	قمر تثلیث شمس
06	23:17	قمر تسدیس زحل
07	05:30	قمر تثلیث یورانس
08	06:52	قمر مقابلہ راہو
08	17:51	مریخ قران نیپچون
08	18:21	قمر مقابلہ مشتری
08	20:06	قمر تثلیث زہرہ

09	00:54	شمس مقابلہ زحل
09	08:58	قمر مقابلہ چیرون
09	11:57	قمر مقابلہ نیپچون
09	12:57	قمر مقابلہ مریخ
09	23:12	قمر مقابلہ عطارد
10	01:51	قمر تثلیث پلوٹو
10	22:36	عطارد تسدیس پلوٹو
11	03:27	قمر قران زحل
11	07:39	قمر مقابلہ شمس
11	10:49	قمر مقابلہ یورانس
11	17:34	زہرہ تسدیس مشتری

12	05:16	قمر تربیع پلوٹو
12	12:26	قمر تثلیث راہو
13	01:37	قمر مقابلہ زہرہ
13	02:41	قمر تثلیث مشتری
13	06:28	شمس قران یورانس
13	17:15	قمر تثلیث چیرون
13	20:15	قمر تثلیث نیپچون
14	03:40	قمر تثلیث مریخ
14	11:15	قمر تسدیس پلوٹو
14	18:35	قمر تربیع راہو
14	23:46	قمر تثلیث عطارد

کوابکی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر...... یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد قران مریخ	28-02-2009 20:09	02-03-2009 08:06	03-03-2009 18:33	جاری کوابکی حالات میں اس نظر کے تحت کیے گئے عملی اعمال قریباً 60 فی صد تک نتائج لائیں گے۔
شمس مقابلہ زحل	08-03-2009 02:40	09-03-2009 00:54	09-03-2009 23:08	گو نظر نحس ہے لیکن بلحاظ اثرات قوی نہیں ہے اس لیے جو بھی عمل تیار کریں اس کے حوالے سے زیادہ خوش اُمیدی کا شکار نہ ہوں۔
زہرہ تسدیس مشتری	08-03-2009 22:20	11-03-2009 17:34	13-03-2009 21:56	نظری اعتبار سے موزوں وقت ہے لیکن عملی طور پر اس وقت کیے گئے سعد اعمال روحانی اور نقوش اعمال موثر نہ ہوں گی۔
عطارد مقابلہ زحل	18-03-2009 20:10	19-03-2009 09:00	19-03-2009 21:47	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے موثر نظر ہے۔ تاہم اعمال روحانی و عملیاتی اُمور میں کامیابی کی شرح 50/40 فی صد سے زیادہ نہ ہوگی۔
زہرہ قران شمس	27-03-2009 09:35	28-03-2009 00:24	28-03-2009 15:14	ذاتی حوالے سے سعد نظر ہے لیکن اثرات کے حوالے سے اس کی کامیابی کا تناسب 30/20 فی صد سے زیادہ نہ ہوگا۔ اس وقت اعمال سعد سے باز رہیں۔
عطارد قران زہرہ	28-03-2009 22:22	29-03-2009 07:32	29-03-2009 16:40	بلحاظ نظر سعد وقت ہے۔ تاہم اعمال سعد میں محنت اور خرچ کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ وقتی لحاظ سے کمزور اور بے فائدہ عمل ثابت ہوگا۔
عطارد قران شمس	30-03-2009 09:21	31-03-2009 08:30	01-04-2009 07:19	سعد نظر ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال و نقوش میں کامیابی کا عنصر 50 فی صد کے قریب ہو گا۔ زیادہ توقع نہ رکھیں۔

تاریخ	وقت	زائچہ
15	10:53	قمر تربیع مشتری
15	14:53	قمر تسدیس زحل
16	00:18	قمر تثلیث یورانس
16	01:45	قمر تربیع چیرون
16	04:48	قمر تربیع نیچون
16	05:43	قمر تثلیث شمس
16	16:25	قمر تربیع مریخ
17	04:07	قمر تسدیس راہو
17	18:43	قمر تثلیث زہرہ
17	19:30	قمر تربیع عطارد
17	22:38	قمر تسدیس مشتری
18	01:25	قمر تربیع زحل
18	11:58	قمر تربیع یورانس

تاریخ	وقت	زائچہ
18	13:31	قمر تسدیس چیرون
18	16:32	قمر تسدیس نیچون
18	22:48	قمر تربیع شمس
19	08:42	قمر تسدیس مریخ
19	08:52	قمر قران پلوٹو
19	09:00	عطارد مقابلہ زحل
19	11:10	مریخ تسدیس پلوٹو
20	02:32	قمر تربیع زہرہ
20	13:48	قمر تثلیث زحل
20	19:13	قمر تسدیس عطارد
21	01:06	قمر تسدیس یورانس
21	17:08	قمر تسدیس شمس
22	04:34	قمر قران راہو

تاریخ	وقت	زائچہ
22	10:02	عطارد قران یورانس
22	12:18	قمر تسدیس زہرہ
23	01:33	قمر قران مشتری
23	14:33	قمر قران چیرون
23	17:09	قمر قران نیچون
23	23:32	شمس تربیع پلوٹو
24	08:23	قمر تسدیس پلوٹو
24	16:03	قمر قران مریخ
25	10:25	قمر مقابلہ زحل
25	21:53	قمر قران یورانس
26	11:37	قمر قران عطارد
26	15:59	قمر تربیع پلوٹو
26	21:07	قمر قران شمس

تاریخ	وقت	زائچہ
26	21:43	قمر تسدیس راہو
27	00:16	قمر قران زہرہ
27	04:57	شمس تسدیس راہو
27	17:15	عطارد تربیع پلوٹو
27	18:39	قمر تسدیس مشتری
28	00:24	زہرہ قران شمس
28	05:10	قمر تسدیس چیرون
28	07:18	قمر تسدیس نیچون
28	20:51	قمر تثلیث پلوٹو
29	02:10	قمر تربیع راہو
29	06:21	عطارد تسدیس راہو
29	07:32	عطارد قران زہرہ
29	10:12	قمر تسدیس مریخ

تاریخ	وقت	زائچہ
29	11:44	زہرہ تسدیس راہو
29	20:05	قمر تثلیث زحل
29	23:19	قمر تربیع مشتری
30	07:40	قمر تسدیس یورانس
30	09:03	قمر تربیع چیرون
30	11:02	قمر تربیع نیچون
31	03:38	قمر تسدیس زہرہ
31	05:14	قمر تثلیث راہو
31	08:30	عطارد قران شمس
31	12:51	قمر تسدیس شمس
31	13:14	قمر تسدیس عطارد
31	16:20	قمر تربیع مریخ
31	22:52	قمر تربیع زحل

خالد روحانی جنتری.....مارچ ۲۰۰۹ / ربیع الاول ۱۴۳۰ / پھاگن ۲۰۶۵

تاریخ	تتھی	ابتداء	یوگ	ابتداء	منزل	ابتداء	برج	ابتداء	گزر اکل
	پنچمی	06-02	پریتی	12-54	ثریا دبران	00-55 23-40	ثور	08-33	پہلا اردو اخبار ہند قاصد ۱۸۷۲ء: بمبئی۔ پہلا سعودی آئین ۱۹۹۲ء۔ پاکستان کا دوسرا آئین ۱۹۶۲ء۔ قومی مردم شماری ۱۹۹۸ء۔ عائلی قوانین کا نفاذ ۱۹۶۱ء۔
2	چھشٹی	04-54	آیوشمان	10-44	هقعه	22-08			
3	سپتمی	03-27	سوبھاگ	08-21	هنعه	20-20	جوزا	12-58	روسی زبان میں ترجمہ قرآن مجید ۱۹۹۳ء۔ انتقال اورنگزیب ۱۷۰۷ء۔
4	اشٹمی نومی	01-43 23-44	شوبھن	05-44	ذراعه	18-19			منصوبہ کولمبو ۱۹۵۲ء۔ ابراہم لنکن صدر امریکہ بنے ۱۸۶۱ء۔
5	دشمی	21-34	اتیگنڈ سکرمان	02-56 23-58	نثره	16-06	سرطان	16-06	ٹیلر صدر امریکہ بنے ۱۸۴۹ء۔
6	ایکادشی	19-15	دھریتی	20-53	طرفه	13-44			مارشل لاء لاہور، وفات اسٹالین ۱۹۵۳ء۔ شام میں فوجی انقلاب ۱۹۶۳ء۔
7	دوادشی	16-49	شول	17-43	جبهه	11-15	اسد	18-25	الیکشن ۱۹۷۰ء۔ [illegible] خان گورنر مشرقی پاکستان ۱۹۷۱ء۔
8	ترودشی	14-21	گنڈ	14-32	زبره	08-43			خواتین کا عالمی دن۔ اسٹیٹ بینک کی نئی عمارت ۱۹۵۸ء۔
9	چودش	11-56	بریدھی	11-23	صرفه	06-12	سنبلہ	20-36	
10	پورنماں	09-40	دھرو	08-22	عوا	03-48			قطب جنوبی پر اقبالی رصدگاہ ۱۹۹۳ء۔
11	ماگھ بدی	07-40	ویاگھات	05-32	سماک غفره	01-38 23-49	میزان	23-49	پیدائش تنکو عبدالرحمن ۱۹۲۲ء۔
12	دوج	06-03	ہرشن	03-03	زبانہ	22-26			انتقال حبیب جالب ۱۹۹۳ء۔ انقلاب روس ۱۹۱۷ء۔
13	تیج	04-57	وبحر سدھی	00-58 23-22	اکلیل	21-36			ایفل ٹاور کی تکمیل ۱۸۸۹ء۔
14	چوتھ	04-31	ویتی پات	22-19	قلب	21-23	عقرب	05-23	آزادی مصر ۱۹۲۲ء۔ پیدائش آئن سٹائن ۱۸۷۹ء۔
15	پنچمی	04-45	دریان	21-48	شوله	21-48			قتل محمد غوری ۱۲۰۶ء۔
16	چھشٹی	05-44	پریگھ	21-49	لغائم	22-50	قوس	14-26	انتقال معین الدین چشتی ۱۲۳۵ء۔
17	سپتمی	07-23	شو	22-17	-	-			متحدہ محاذ کے لیڈر گرفتار ۱۹۷۷ء۔ انتقال ابن خلدون ۱۴۰۶ء۔
18	اشٹمی	09-35	سدھ	23-05	بلده	00-24			بھٹو کو سزائے موت ۱۹۷۸ء۔ ملاقات ہٹلر مسولینی ۱۹۴۰ء۔ چین ایٹمی دھماکہ ۱۹۷۲ء۔
19	نومی	12-06			ذابح	02-20	جدی	02-20	حضور پاک ﷺ کو معراج ہوا ۶۱۹ء۔
20	دشمی	14-41	سادھ	00-02	بلعه	04-26			مغربی پاکستان میں صدر راج ۱۹۸۲ء۔ نمیبیا آزاد ہوا ۱۹۸۲ء۔ لالہ زار جہاز کی رسم افتتاح ۱۹۷۳ء۔
21	ایکادشی	17-06	شبھ	00-59	سعود	06-29	دلو	15-05	اندرا گاندھی مستعفی ۱۹۷۷ء۔ وفات احسان دانش ۱۹۸۲ء۔ فارس کا سرکاری نام ایران ۱۹۳۵ء۔

بقیہ اگلے صفحہ پر

خالد روحانی جنتری...... مارچ ۲۰۰۹/ ربیع الاول ۱۴۳۰/ پھاگن ۲۰۶۵

ماہانہ تقویم					سعد و نحس دن	روزانہ نمبر	لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	مارچ	ربیع الاول	پھاگن	حوت			طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
انوار	۱	۳	۱۸	۱۲	ن	۹	۰۶/۳۰	۱۸/۰۱	۰۶/۵۵	۱۸/۳۳	۰۶/۴۳	۱۸/۱۰	۰۶/۵۹	۱۸/۳۱	۰۶/۳۷	۱۸/۰۴	۰۶/۴۲	۱۸/۱۳
پیر	۲	۴	۱۹	۱۳	ن	۱	۰۶/۲۹	۱۸/۰۱	۰۶/۵۴	۱۸/۳۴	۰۶/۴۲	۱۸/۱۱	۰۶/۵۸	۱۸/۳۲	۰۶/۳۶	۱۸/۰۵	۰۶/۴۱	۱۸/۱۴
منگل	۳	۵	۲۰	۱۴	ن	۲	۰۶/۲۸	۱۸/۰۲	۰۶/۵۴	۱۸/۳۵	۰۶/۴۰	۱۸/۱۲	۰۶/۵۶	۱۸/۳۲	۰۶/۳۵	۱۸/۰۶	۰۶/۴۰	۱۸/۱۵
بدھ	۴	۶	۲۱	۱۵	ن	۳	۰۶/۲۷	۱۸/۰۳	۰۰۶/۵۳	۱۸/۳۵	۰۶/۳۹	۱۸/۱۲	۰۶/۵۵	۱۸/۳۳	۰۶/۳۳	۱۸/۰۷	۰۶/۳۸	۱۸/۱۵
جمعرات	۵	۷	۲۲	۱۶	س	۴	۰۶/۲۵	۱۸/۰۴	۰۶/۵۲	۱۸/۳۶	۰۶/۳۸	۱۸/۱۳	۰۶/۵۴	۱۸/۳۴	۰۶/۳۲	۱۸/۰۷	۰۶/۳۷	۱۸/۱۶
جمعہ	۶	۸	۲۳	۱۷	س	۵	۰۶/۲۴	۱۸/۰۴	۰۶/۵۱	۱۸/۳۶	۰۶/۳۷	۱۸/۱۴	۰۶/۵۳	۱۸/۳۵	۰۶/۳۱	۱۸/۰۸	۰۶/۳۶	۱۸/۱۷
ہفتہ	۷	۹	۲۴	۱۸	ن	۶	۰۶/۲۳	۱۸/۰۵	۰۶/۵۰	۱۸/۳۷	۰۶/۳۵	۱۸/۱۵	۰۶/۵۲	۱۸/۳۵	۰۶/۳۰	۱۸/۰۹	۰۶/۳۵	۱۸/۱۸
انوار	۸	۱۰	۲۵	۱۹	س	۷	۰۶/۲۲	۱۸/۰۶	۰۶/۴۹	۱۸/۳۷	۰۶/۳۴	۱۸/۱۶	۰۶/۵۱	۱۸/۳۶	۰۶/۲۸	۱۸/۱۰	۰۶/۳۴	۱۸/۱۸
پیر	۹	۱۱	۲۶	۲۰	ن	۸	۰۶/۲۱	۱۸/۰۶	۰۶/۴۸	۱۸/۳۸	۰۶/۳۳	۱۸/۱۷	۰۶/۵۰	۱۸/۳۷	۰۶/۲۷	۱۸/۱۱	۰۶/۳۳	۱۸/۱۹
منگل	۱۰	۱۲	۲۷	۲۱	س	۹	۰۶/۱۹	۱۸/۰۷	۰۶/۴۷	۱۸/۳۸	۰۶/۳۱	۱۸/۱۷	۰۶/۴۸	۱۸/۳۷	۰۶/۲۶	۱۸/۱۱	۰۶/۳۲	۱۸/۲۰
بدھ	۱۱	۱۳	۲۸	۲۲	س	۱	۰۶/۱۸	۱۸/۰۸	۰۶/۴۶	۱۸/۳۹	۰۶/۳۰	۱۸/۱۸	۰۶/۴۷	۱۸/۳۸	۰۶/۲۴	۱۸/۱۲	۰۶/۳۰	[illegible]
جمعرات	۱۲	۱۴	۲۹	۲۳	ن	۲	۰۶/۱۷	۱۸/۰۹	۰۰۶/۴۵	۱۸/۳۹	۰۶/۲۹	۱۸/۱۹	۰۶/۴۶	۱۸/۳۸	۰۶/۲۳	۱۸/۱۳	۰۶/۲۹	۱۸/۲۱
جمعہ	۱۳	۱۵	۳۰	۲۴	س	۳	۰۶/۱۶	۱۸/۰۹	۰۶/۴۴	۱۸/۴۰	۰۶/۲۷	۱۸/۲۰	۰۶/۴۵	۱۸/۳۹	۰۶/۲۲	۱۸/۱۴	۰۶/۲۸	۱۸/۲۱
ہفتہ	۱۴	۱۶	چیت	۲۵	س	۴	۰۶/۱۴	۱۸/۱۰	۰۶/۴۲	۱۸/۴۰	۰۶/۲۶	۱۸/۲۱	۰۶/۴۴	۱۸/۴۰	۰۶/۲۱	۱۸/۱۴	۰۶/۲۷	۱۸/۲۲
انوار	۱۵	۱۷	۲	۲۶	ن	۵	۰۶/۱۳	۱۸/۱۱	۰۶/۴۱	۱۸/۴۱	۰۶/۲۵	۱۸/۲۱	۰۶/۴۳	۱۸/۴۰	۰۶/۱۹	۱۸/۱۵	۰۶/۲۶	۱۸/۲۳
پیر	۱۶	۱۸	۳	۲۷	س	۶	۰۶/۱۲	۱۸/۱۱	۰۶/۴۰	۱۸/۴۱	۰۶/۲۳	۱۸/۲۲	۰۶/۴۱	۱۸/۴۱	۰۶/۱۸	۱۸/۱۶	۰۶/۲۴	۱۸/۲۳
منگل	۱۷	۱۹	۴	۲۸	س	۷	۰۶/۱۱	۱۸/۱۲	۰۶/۳۹	۱۸/۴۲	۰۶/۲۲	۱۸/۲۳	۰۶/۴۰	۱۸/۴۲	۰۶/۱۷	۱۸/۱۷	۰۶/۲۳	۱۸/۲۴
بدھ	۱۸	۲۰	۵	۲۹	س	۸	۰۶/۰۹	۱۸/۱۳	۰۶/۳۸	۱۸/۴۲	۰۶/۲۱	۱۸/۲۴	۰۶/۳۹	۱۸/۴۲	۰۶/۱۵	۱۸/۱۷	۰۶/۲۲	۱۸/۲۵
جمعرات	۱۹	۲۱	۶	۳۰	ن	۹	۰۶/۰۸	۱۸/۱۳	۰۶/۳۷	۱۸/۴۳	۰۶/۱۹	۱۸/۲۴	۰۶/۳۸	۱۸/۴۳	۰۶/۱۴	۱۸/۱۸	۰۶/۲۱	۱۸/۲۵
جمعہ	۲۰	۲۲	۷	حمل	ن	۱	۰۶/۰۷	۱۸/۱۴	۰۶/۳۶	۱۸/۴۳	۰۶/۱۸	۱۸/۲۵	۰۶/۳۶	۱۸/۴۴	۰۶/۱۳	۱۸/۱۹	۰۶/۲۰	۱۸/۲۶
ہفتہ	۲۱	۲۳	۸	۲	س	۲	۰۶/۰۶	۱۸/۱۵	۰۶/۳۵	۱۸/۴۳	۰۶/۱۷	۱۸/۲۶	۰۶/۳۵	۱۸/۴۴	۰۶/۱۱	۱۸/۲۰	۰۶/۱۸	۱۸/۲۷
انوار	۲۲	۲۴	۹	۳	س	۳	۰۶/۰۴	۱۸/۱۵	۰۶/۳۴	۱۸/۴۴	۰۶/۱۵	۱۸/۲۷	۰۶/۳۴	۱۸/۴۵	۰۶/۱۰	۱۸/۲۰	۰۶/۱۷	۱۸/۲۷
پیر	۲۳	۲۵	۱۰	۴	ن	۴	۰۶/۰۳	۱۸/۱۶	۰۶/۳۳	۱۸/۴۴	۰۶/۱۴	۱۸/۲۸	۰۶/۳۳	۱۸/۴۵	۰۶/۰۹	۱۸/۲۱	۰۶/۱۶	۱۸/۲۸
منگل	۲۴	۲۶	۱۱	۵	ن	۵	۰۶/۰۲	۱۸/۱۷	۰۶/۳۲	۱۸/۴۵	۰۶/۱۲	۱۸/۲۸	۰۶/۳۲	۱۸/۴۶	۰۶/۰۷	۱۸/۲۲	۰۶/۱۵	۱۸/۲۸
بدھ	۲۵	۲۷	۱۲	۶	ن	۶	۰۶/۰۱	۱۸/۱۷	۰۶/۳۱	۱۸/۴۵	۰۶/۱۱	۱۸/۲۹	۰۶/۳۰	۱۸/۴۷	۰۶/۰۶	۱۸/۲۳	۰۶/۱۴	۱۸/۲۹
جمعرات	۲۶	۲۸	۱۳	۷	س	۷	۰۵/۵۹	۱۸/۱۸	۰۶/۳۰	۱۸/۴۶	۰۶/۱۰	۱۸/۳۰	۰۶/۲۹	۱۸/۴۷	۰۶/۰۵	۱۸/۲۳	۰۶/۱۲	۱۸/۳۰
جمعہ	۲۷	۲۹	۱۴	۸	س	۸	۰۵/۵۸	۱۸/۱۹	۰۶/۲۹	۱۸/۴۶	۰۶/۰۸	۱۸/۳۱	۰۶/۲۸	۱۸/۴۸	۰۶/۰۳	۱۸/۲۴	۰۶/۱۱	۱۸/۳۰
ہفتہ	۲۸	ربیع الثانی	۱۵	۹	ن	۹	۰۵/۵۷	۱۸/۱۹	۰۶/۲۸	۱۸/۴۷	۰۶/۰۷	۱۸/۳۱	۰۶/۲۷	۱۸/۴۹	۰۶/۰۲	۱۸/۲۵	۰۶/۱۰	۱۸/۳۱
انوار	۲۹	۲	۱۶	۱۰	س	۱	۰۵/۵۵	۱۸/۲۰	۰۶/۲۷	۱۸/۴۷	۰۶/۰۶	۱۸/۳۲	۰۶/۲۵	۱۸/۴۹	۰۶/۰۱	۱۸/۲۶	۰۶/۰۹	۱۸/۳۱
پیر	۳۰	۳	۱۷	۱۱	ن	۲	۰۵/۵۴	۱۸/۲۱	۰۶/۲۵	۱۸/۴۸	۰۶/۰۴	۱۸/۳۳	۰۶/۲۴	۱۸/۵۰	۰۵/۵۹	۱۸/۲۶	۰۶/۰۷	۱۸/۳۲
منگل	۳۱	۴	۱۸	۱۲	س	۳	۰۵/۵۳	۱۸/۲۱	۰۶/۲۴	۱۸/۴۸	۰۶/۰۳	۱۸/۳۴	۰۶/۲۳	۱۸/۵۰	۰۵/۵۸	۱۸/۲۷	۰۶/۰۶	۱۸/۳۳

پچھلے صفحہ سے

22	دوادشی	19-07	شکل	01-43	اخبیہ	08-14			فساد کرنا فلی پیپر ملز ۱۹۵۴ء۔ عرب لیگ کا قیام ۱۹۴۵ء۔
23	ترودشی	20-35	برہم	02-07	مقدم	09-32			یوم قرارداد پاکستان ۱۹۴۰۔ جمہوریہ پاکستان ۱۹۵۶۔
24	چودش	21-23	ایندر	02-03	موخر	10-17	حوت	02-07	مرارجی ڈیسائی وزیر اعظم ۱۹۷۷۔
25	اماوس	21-31	ویدھرتی	01-29	رشا	10-26			مارشل لاء مشرق پاکستان ۱۹۷۱۔ شہادت شاہ فیصل ۱۹۷۵۔
26	ماگھ بلدی	21-03	وشکنھ پریتی	00-24 22-51	شرطین	10-01	حمل	10-01	خاتمہ بغاوت عوامی لیگ ۱۹۷۱۔ شیخ مجیب الرحمن گرفتار ۱۹۷۱۔
27	دوج	20-02	آیوشمان	20-52	بطین	09-04			وفات سر سید احمد خان ۱۸۸۹۔
28	تیج	18-36	سوبھاک	18-34	ثریا	07-41	ثور	15-07	سیاسی پارٹیوں پر پابندی ۱۹۷۱۔ حلف بھٹو ۱۹۷۷۔ معجزہ شق القمر ۶۱۷۔
29	چوتھ	16-51	شوبھن	16-02	دبران	05-58			ترکی میں زلزلہ ۱۹۵۷۔
30	پنچمی	14-54	اتیگنڈ	13-19	ھقعہ	04-00	جوزا	18-35	محمد بن تغلق کی وفات ۱۳۵۱۔
31	چھشٹی	12-50	سکرمان	10-30	ھنعہ ذراعہ	01-53 23-42			ہندوستانی نوٹوں پر لفظ پاکستان چھپا ۱۹۴۸ء۔ جامعۃ الازہر کی بنیاد ۱۹۶۹ء۔

کواکبی تقویم برائے ماہ مارچ 2009

صبح 5 بجے پاکستان کے وقت کے مطابق
ع سے مراد ''رجعت'' ہے

تاریخ	کواکبی وقت	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	یورانس	نپچون	پلوٹو	راس
01	10-35	00 حمل 28	32 حوت 10	11 دلو 18	49 حمل 14	56 دلو 18	41 دلو 12	ع00 سنبلہ 19	55 حوت 21	33 دلو 24	59 جدی 02	ع50 دلو 07
02	10-39	35 ثور 11	32 حوت 11	38 دلو 19	01 حمل 15	43 دلو 19	54 دلو 12	ع55 سنبلہ 18	59 حوت 21	36 دلو 24	00 جدی 03	ع47 دلو 07
03	10-43	22 ثور 25	33 حوت 12	06 دلو 21	11 حمل 15	30 دلو 20	07 دلو 13	ع51 سنبلہ 18	02 حوت 22	38 دلو 24	01 جدی 03	ع44 دلو 07
04	10-47	19 جوزا 09	33 حوت 13	36 دلو 22	18 حمل 15	17 دلو 21	21 دلو 13	ع46 سنبلہ 18	05 حوت 22	40 دلو 24	02 جدی 03	ع40 دلو 07
05	10-51	25 جوزا 23	33 حوت 14	06 دلو 24	24 حمل 15	04 دلو 22	34 دلو 13	ع41 سنبلہ 18	09 حوت 22	42 دلو 24	03 جدی 03	ع37 دلو 07
06	10-55	38 سرطان 07	33 حوت 15	38 دلو 25	27 حمل 15	51 دلو 22	47 دلو 13	ع36 سنبلہ 18	12 حوت 22	44 دلو 24	04 جدی 03	ع34 دلو 07
07	10-59	58 سرطان 21	33 حوت 16	11 دلو 27	ع27 حمل 15	38 دلو 23	00 دلو 14	ع32 سنبلہ 18	16 حوت 22	47 دلو 24	05 جدی 03	ع31 دلو 07
08	11-03	20 اسد 06	33 حوت 17	45 دلو 28	ع25 حمل 15	25 دلو 24	13 دلو 14	ع27 سنبلہ 18	19 حوت 22	49 دلو 24	06 جدی 03	ع28 دلو 07
09	11-07	42 اسد 20	33 حوت 18	20 حوت 00	ع21 حمل 15	12 دلو 25	26 دلو 14	ع22 سنبلہ 18	22 حوت 22	51 دلو 24	06 جدی 03	ع25 دلو 07
10	11-11	59 سنبلہ 04	33 حوت 19	56 حوت 01	ع14 حمل 15	59 دلو 25	39 دلو 14	ع17 سنبلہ 18	26 حوت 22	53 دلو 24	07 جدی 03	ع21 دلو 07
11	11-15	07 سنبلہ 19	33 حوت 20	34 حوت 03	ع05 حمل 15	46 دلو 26	52 دلو 14	ع12 سنبلہ 18	29 حوت 22	55 دلو 24	08 جدی 03	ع18 دلو 07
12	11-19	00 میزان 03	33 حوت 21	13 حوت 05	ع53 حمل 14	33 دلو 27	05 دلو 15	ع08 سنبلہ 18	33 حوت 22	57 دلو 24	09 جدی 03	ع15 دلو 07
13	11-23	34 میزان 16	33 حوت 22	52 حوت 06	ع38 حمل 14	20 دلو 28	17 دلو 15	ع03 سنبلہ 18	36 حوت 22	59 دلو 24	10 جدی 03	ع12 دلو 07
14	11-26	47 میزان 29	33 حوت 23	33 حوت 08	ع21 حمل 14	06 دلو 29	30 دلو 15	ع58 سنبلہ 17	40 حوت 22	01 دلو 25	10 جدی 03	ع09 دلو 07
15	11-30	40 عقرب 12	32 حوت 24	15 حوت 10	ع02 حمل 14	53 دلو 29	43 دلو 15	ع53 سنبلہ 17	43 حوت 22	03 دلو 25	11 جدی 03	ع06 دلو 07
16	11-34	12 عقرب 25	32 حوت 25	59 حوت 11	ع40 حمل 13	40 حوت 00	55 دلو 15	ع49 سنبلہ 17	46 حوت 22	05 دلو 25	12 جدی 03	ع02 دلو 07
17	11-38	26 قوس 07	32 حوت 26	43 حوت 13	ع16 حمل 13	27 حوت 01	08 دلو 16	ع44 سنبلہ 17	50 حوت 22	07 دلو 25	12 جدی 03	ع59 دلو 06
18	11-42	27 قوس 19	32 حوت 27	29 حوت 15	ع50 حمل 12	14 حوت 02	20 دلو 16	ع39 سنبلہ 17	53 حوت 22	09 دلو 25	13 جدی 03	ع56 دلو 06
19	11-46	19 جدی 01	31 حوت 28	16 حوت 17	ع22 حمل 12	01 حوت 03	33 دلو 16	ع35 سنبلہ 17	57 حوت 22	11 دلو 25	13 جدی 03	ع53 دلو 06
20	11-50	08 جدی 13	31 حوت 29	04 حوت 19	ع52 حمل 11	48 حوت 03	45 دلو 16	ع30 سنبلہ 17	00 حوت 23	13 دلو 25	14 جدی 03	ع50 دلو 06
21	11-54	59 جدی 24	30 حمل 00	54 حوت 20	ع21 حمل 11	35 حوت 04	57 دلو 16	ع25 سنبلہ 17	04 حوت 23	15 دلو 25	14 جدی 03	ع46 دلو 06
22	11-58	56 دلو 06	30 حمل 01	44 حوت 22	ع47 حمل 10	22 حوت 05	09 دلو 17	ع21 سنبلہ 17	07 حوت 23	17 دلو 25	15 جدی 03	ع43 دلو 06
23	12-02	05 دلو 19	30 حمل 02	36 حوت 24	ع13 حمل 10	09 حوت 06	21 دلو 17	ع16 سنبلہ 17	10 حوت 23	19 دلو 25	15 جدی 03	ع40 دلو 06
24	12-06	30 حوت 01	29 حمل 03	30 حوت 26	ع37 حمل 09	56 حوت 06	33 دلو 17	ع12 سنبلہ 17	14 حوت 23	21 دلو 25	16 جدی 03	ع37 دلو 06
25	12-10	12 حوت 14	29 حمل 04	24 حوت 28	ع01 حمل 09	43 حوت 07	45 دلو 17	ع07 سنبلہ 17	17 حوت 23	23 دلو 25	16 جدی 03	ع34 دلو 06
26	12-14	13 حوت 27	28 حمل 05	20 حمل 00	ع24 حمل 08	30 حوت 08	57 دلو 17	ع03 سنبلہ 17	21 حوت 23	25 دلو 25	16 جدی 03	ع31 دلو 06
27	12-18	33 حمل 10	28 حمل 06	17 حمل 02	ع46 حمل 07	17 حوت 09	09 دلو 18	ع59 سنبلہ 16	24 حوت 23	27 دلو 25	17 جدی 03	ع27 دلو 06
28	12-22	10 حمل 24	27 حمل 07	15 حمل 04	ع08 حمل 07	04 حوت 10	20 دلو 18	ع54 سنبلہ 16	27 حوت 23	28 دلو 25	17 جدی 03	ع24 دلو 06
29	12-26	00 ثور 08	26 جمل 08	14 حمل 06	ع31 حمل 06	51 حوت 10	32 دلو 18	ع50 سنبلہ 16	31 حوت 23	30 دلو 25	17 جدی 03	ع21 دلو 06
30	12-30	00 ثور 22	26 حمل 09	14 حمل 08	ع53 حمل 05	38 حوت 11	43 دلو 18	ع46 سنبلہ 16	34 حوت 23	32 دلو 25	17 جدی 03	ع18 دلو 06
31	12-34	07 جوزا 06	25 حمل 10	16 حمل 10	ع17 حمل 05	25 حوت 12	55 دلو 18	ع41 سنبلہ 16	37 حوت 23	34 دلو 25	18 جدی 03	ع15 دلو 06

مارچ

داخلہ کواکب فی البروج

عطارد در حوت: 8 مارچ رات 11-55

مریخ در حوت: 15 مارچ صبح 08-21

شمس در حمل: 20 مارچ رات 04-44

عطارد در حمل: 26 مارچ صبح 00-55

رجعت و استقامت

زہرہ: رجعت مارچ رات 10-17

شرف و ہبوط کواکب

حضیض مریخ: 28 فروری صبح 14-00 تا یکم مارچ صبح 57-06

شرف قمر: یکم مارچ دوپہر 12-04 تا 1-50

ماہانہ قمری حالتیں

اوج قمر: 10 مارچ صبح 48-11 تا دوپہر 30-01

ہبوط قمر: 14 مارچ صبح 07-09 تا صبح 59-10

ہبوط عطارد: 17 مارچ صبح 49-08 تا رات 10-26

حضیض قمر: 24 مارچ رات 11-07 تا 05-09

شرف قمر: 28 مارچ رات 35-06 تا 19-08

نصف چاند: 4 مارچ دوپہر 47-12

مکمل چاند: 11 مارچ صبح 39-07

نصف چاند: 18 مارچ رات 48-10

نیا چاند: 26 مارچ رات 07-09

عبدالحی راٹھور
0346-4387682

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی، ص

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

ماہ کے پہلے 6 دن آپ کی امیدیں پوری نہ ہوں گی۔ ان ہی دنوں میں آپ اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات مستحکم کرنے اور اندرون ملک سفر کے بارے میں منصوبہ بندی کریں گے لیکن اس پر عمل درآمد نہ کر پائیں گے۔ ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے اخراجات میں تھوڑا بہت اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو یہ خواہش پوری نہ ہوگی۔ 2 تا 7 تاریخ کے درمیان آپ کو نوکری کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے اپنے ننھیالی رشتے داروں سے تعلقات میں خرابی واقع ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ان تاریخوں میں اپنے سے نچلے طبقے کے لوگوں سے کام لینے میں آپ کو مشکلات پیش آئیں گی۔ 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے اخراجات اپنی اولاد کی خواہشات پورے کرنے، سیر و تفریح اور انعامی سکیموں میں ہوں گے۔ اگر کاروبار کر رہے ہیں تو ان دنوں میں کوئی خاطر خواہ بہتری آئے گی۔ اگر آپ حکومتی اداروں میں نوکری تلاش کر رہے ہیں تو نوکری ملنے کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی معاشرتی پوزیشن کوئی خاصی بہتر نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ آپ اپنا پیسہ ان دنوں میں عشق و محبت یا تھیٹر ڈراموں و سینما جیسے فضول تفریحی کاموں میں خرچ کریں گے۔ 7 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ پیسے کمانے کی جو منصوبہ بندی کریں گے۔ اس میں آپ کامیاب نہ ہو پائیں گے۔ اس حوالے سے آپ کو مختلف رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔

11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں تھوڑی بہت بہتری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ اگر آپ بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتی کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	۱
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	۲
ج، چ، ل، ش	۳
د، ڈ، م، ت، ٹ	۴
ہ، ن، ث	۵
و، س، خ	۶
ز، ژ، ع، ذ	۷
ح، ف، ض	۸
ط، ص، ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

ہیں تو وہ کوشش ان دنوں میں ناکام رہے گی۔ شادی شدہ لوگوں کے ان دنوں میں اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات نہ صرف بہتر ہوں گے بلکہ ان کے اپنے رویے میں نرمی بھی آئے گی۔

18 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کو اپنے دشمنوں کی وجہ سے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ دیگر ان دنوں میں اندرون ملک سفر بھی ممکن نہیں۔

خواتین

ماہ کی 11 تا 20 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ 4 تا 11 تاریخ میں اولاد پر آپ کے اخراجات زیادہ ہوں گے۔ 2 تا 14 تاریخ کے درمیان ساس کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ ملازمت پیشہ خواتین دوران سفر محتاط رہیں اور اپنے ہینڈ بیگ وغیرہ احتیاط سے رکھیں۔

سعد تاریخیں	3-4-11-12-13
نحس تاریخیں	19-20-26-27
لکی نمبر	1-4

ثور

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ میں آپ کے لیے کاروبار فائدہ مند نہ رہے گا۔ کاروبار میں آپ کے اخراجات زیادہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ اپنی محنت اور روپیہ زیادہ لگائیں گے جبکہ فائدہ کم ہوگا۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں ورنہ آپ کے دشمن آپ کو آپ کے غصے کی وجہ سے مات دے سکتے ہیں۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات کم ہیں اور اگر آپ نے اکڑ اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا تو کام کا حل ہونا اور بھی مشکل ہوسکتا ہے۔

ان دنوں میں آپ کی اپنے والد اور بڑے بہن بھائیوں سے نہ بن پائے گی۔ 2 تا 7 تاریخ کے درمیان آپ کے جو بھی معاملات طے پائیں گے وہ پایہ تکمیل تک نہ پہنچ پائیں گے۔ ان دنوں میں اگر انعامی سکیمیں کھیلیں گے تو اس میں بھی آپ کو کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔ مالی مشکلات کو لے کر اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی ہو سکتی ہے۔

6 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ جو کام ہیں ان کے حل میں کچھ حد تک بہتری آئے گی۔

انٹر تک کے طلبہ کے لیے یہ دن کوئی خاص بہتر نہ رہیں گے۔ ان دنوں میں وہ پڑھائی کی طرف توجہ نسبتاً کم دیں گے۔

13 تا 20 تاریخ میں آپ کے کاروبار میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ آپ اپنے فضول اخراجات کو بھی قابو کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ نیز اگر آپ قرضہ وغیرہ لینا چاہتے ہیں تو ملنے کے امکانات ہیں۔ اگر آپ شراکتی اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں کھلوانے کی کوشش کریں گے۔ نیز آپ ان دنوں میں اپنا وقت اور پیسہ اپنے دشمنوں سے انتقام لینے کے لیے ضائع نہ کریں گے۔ نوکری کی تلاش میں ہیں تو اس کے ملنے کے امکانات بھی ان دنوں میں ہیں۔ نیز حکومتی اداروں سے وابستہ کام بھی ان دنوں میں ہوسکتے ہیں۔

19 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات خراب ہوتے نظر آرہے ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے سیر و تفریح کے امکانات بھی نہیں ہیں۔ اولاد سے وابستہ امیدیں ان دنوں میں پوری نہ ہوں گی۔

2 تا 14 تاریخ کے درمیان آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ 12 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار فائدہ مند رہے گا۔ آپ کے اس سلسلے میں اندرون یا بیرون ملک تجارت کے امکانات بھی ہیں۔ اس کے علاوہ شریک کار یا شریک حیات سے وابستہ امیدیں بھی ان دنوں میں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔

خواتین

اس ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ 12 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنے شریک حیات کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ اس ماہ کی 6 تا 15 تاریخیں بہتر گزریں گی۔ ان دنوں میں بہو یا داماد کے ساتھ بھی تعلقات مستحکم رہیں گے۔ لیکن ان سے وابستہ امیدیں پوری ہونے کے امکانات کم ہی ہیں۔

سعد تاریخیں	1-2-5-6
نحس تاریخیں	14-15-21-22-23
لکی نمبر	5-9

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ مذہبی

کاموں کی طرف توجہ کم دیں گے۔ اس کے علاوہ اگر قانونی معاملات کا شکار ہیں تو اس کے حل ہونے کے امکانات ان دنوں میں نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ اپنے بڑے، بہن بھائیوں سے وابستہ جتنے بھی کام ہیں وہ ان دنوں میں ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ نیز حکومتی اداروں سے وابستہ کام بھی ان دنوں میں نہ ہوں گے۔ وہ طالب علم جو اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کا رجحان تعلیم کی طرف کم ہوگا۔ نوکری کے سلسلے میں اگر بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی صحت بھی تھوڑی بہت خراب رہے گی۔

ماہ کی 4 تا 11 تاریخیں کاروبار کے حوالے سے کوئی خاص بہتر نہیں ہیں۔ کاروباری لحاظ سے جس حالت میں آپ پہلے ہیں ان دنوں میں بھی ویسے ہی رہیں گے۔ ان دنوں مین آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کاروبار کے سلسلے میں یا ویسے ہی اگر آپ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو وہ کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ ان دنوں آپ کے گھریلو حالات میں بھی بہتری آئے گی۔ ماہ کی 11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا نسبتاً بہتر رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اپنوں سے جو توقعات آپ نے وابستہ کر رکھی ہیں ان کے بھی پورے ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ عشق و محبت اور تھیٹر وغیرہ جیسے کاموں کی طرف بھی رجحان رکھیں گے۔ شراکتی کاروبار کے حوالے سے اس ماہ کی یہ تاریخیں آپ کے لیے فائدہ مند رہیں گی۔ اگر آپ کا شراکتی کاروبار کے حوالے سے قانونی مسئلہ ہے تو وہ بھی ان دنوں میں حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔

اگر آپ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ کی 4 تا 13 تاریخیں اس کام کے لیے بہتر رہیں گی۔ 15 تا 23 تاریخ کے درمیان اگر آپ کا کسی کے ساتھ جھگڑا ہوتا ہے تو اس میں آپ کو کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے سے نچلے طبقے سے وابستہ کام ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ کے اپنے رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات مستحکم رہیں گے۔ آپ کے راستے میں حائل رکاوٹیں بھی ان دنوں میں آپ دور کرنے میں کچھ حد تک کامیاب ہو جائیں گے۔ ان دنوں اگر آپ کے خفیہ دشمن آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے تو ان کو منہ کی کھانی پڑے گی۔

خواتین

اس ماہ کی 11 تا 20 تاریخیں آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ بہتر گزریں گی۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ان دنوں میں بہو یا داماد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بھی مستحکم رہیں گے۔

سعد تاریخیں	7-8-11-12-13
نحس تاریخیں	9-10-16-17-18
لکی نمبر	2-9

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی' ہیرا' مرجان
خوش قسمت دن	پیر' منگل' جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

اس ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان اپنی اولاد اور والد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ اس کے علاوہ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں ملنے کے امکانات کم ہیں۔ اپنے غصے اور پریشانی کو سر پر نہ چڑھنے دیں ورنہ آپ کسی بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ انعامی سکیمیں کھیلنا بھی آپ کے لیے ان دنوں میں نقصان دہ ثابت نہ ہو گا۔ اگر وراثت یا شراکتی اکاؤنٹ کا مسئلہ ہے تو ان دنوں میں حل کے امکانات کم ہیں۔ شراکتی کاروبار اور ذاتی کاروبار کے حوالے سے تھوڑی بہت مشکلات در پیش آئیں گی۔

4 تا 9 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں تھوڑی بہت بہتری آئے گی۔ اس کے علاوہ اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات بھی کوئی خاص نہیں بن رہے۔ شراکتی کاروبار میں رشتے داروں یا چھوٹے بہن بھائیوں کی وجہ سے فائدہ کے امکانات ہیں۔ نیز آپ سے نچلے طبقے کے لوگ بھی ان دنوں میں آپ کے لیے کچھ حد تک کارگر ثابت ہوں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں، رشتے داروں اور شریک کار یا حیات کے ساتھ تعلقات میں جو مشکلات پیش آ رہی تھیں وہ بھی ان دنوں میں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ زمین و جائیداد اور ایسی ہی دوسری اشیاء کی خرید و فروخت ان دنوں میں زیادہ فائدہ نہیں دے گی۔ 11 تا 20 تاریخ کے درمیان کاروبار میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ اگر کاروبار یا کسی بھی کام کے لیے قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں ملنے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں چند خواہشات بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ اپنے سے بڑے طبقے کے لوگوں اور قانونی نوعیت کے جو کام ہیں وہ بھی ان دنوں میں ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ اپنے دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے اور صحت مند بھی رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں آپ مذہب کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ 27 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ نیز ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان کاروبار میں کوئی خاصا فائدہ ہوگا۔ ان دنوں میں خرید و فروخت کرنا بہتر رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات

اپنے بہن بھائیوں وغیرہ پر ہوں گے۔ ان دنوں میں انعامی سکیمیں وغیرہ کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔

خواتین

اس ماہ کی 15 تا 22 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے شریک حیات، بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات ناخوشگوار رہیں گے۔ لیکن باقی دن نسبتاً خوشگوار گزریں گے۔ اولاد کے ساتھ ماہ کی 2 تا 13 تاریخ کے درمیان تعلقات خراب رہیں گے۔ 11 تا 20 تاریخ کے درمیان ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ 11 تا 22 تاریخ کے درمیان عرصہ بہو یا داماد کے ساتھ بہتر گزریں گے۔ لیکن ان سے وابستہ اُمیدیں کم ہی پوری ہوں گی۔

سعد تاریخیں	1-2-3-6
نحس تاریخیں	19-20-26-27
لکی نمبر	1-5

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت' مرجان
خوش قسمت دن	اتوار' منگل' بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا' سبز' سرخ

ماہ کی 3 تا 14 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار میں مشکلات ہیں۔ نیز ان دنوں میں اگر آپ اسی سلسلے میں بیرون ملک تجارت کرتے ہیں تو اُس میں بھی کامیابی نہ ہوگی۔ نیز ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔

ماہ کی 4 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات مستحکم رہیں گے۔ مالی حوالے سے جن مشکلات کا سامنا ہے ان میں سے چند ایک کے دور ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں زمین، جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت نہ کریں۔ کیونکہ کوئی خاص فائدہ نہ ہوگا۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ بھی ان دنوں میں نہ لیں، ان دنوں میں مل تو سکتا ہے لیکن مقصد کو اس رقم سے پورا کرنے کے لیے بہت محنت کرنی پڑے گی۔ نوکری کی تلاش میں ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں اور نوکری کر رہے ہیں تو محنت زیادہ کریں تا کہ آپ کو جن مشکلات کا سامنا ہونے والا ہے وہ حل ہو جائیں۔

13 تا 20 تاریخ کے درمیان شراکتی کاروبار میں بہتری آنا شروع ہو گی۔ انعامی سکیمیں کھیلنا چاہتے ہیں تو ان دنوں ان کام کے لیے بہتر ہوں گے۔ نیز ان دنوں میں قرضہ ملنے کے امکانات بھی ہیں اور اگر وراثت وغیرہ کا مسئلہ درپیش ہے تو اس کا فیصلہ ہونے کے امکانات ہیں۔ آپ کی اولاد ان دنوں میں آپ کی فرمانبردار رہے گی۔ اس کے علاوہ ان کے آپ کے والدہ اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ ڈراموں اور تھیٹر کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ عشق و محبت کی طرف توجہ دیں گے۔

19 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں خرابی آنا شروع ہو جائے گی۔ آپ ان دنوں میں سوچیں گے زیادہ اور کام کم کریں گے۔ اگر آپ کی لڑائی ہوئی تو اس میں آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے۔ ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات اچھے نہ رہیں گے۔ ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلنا نقصان دہ ثابت ہوگا۔ روپے پیسے کے کاموں میں ان دنوں میں کسی پر اعتبار نہ کریں۔

ماہ کی 26 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ وقت پر فیصلہ لینا شروع کر دیں گے۔ ان دنوں میں بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بھی بہتری آئے گی اور اُمیدیں بھی پوری ہوں گی۔ ان دنوں میں آپ کام اپنی مرضی سے کریں نہ کہ لوگوں کے کہنے پر کچھ بھی کریں۔ آپ کو جو ذہنی پریشانیاں درپیش آ رہی تھیں، اب آپ اگر انھیں بھی حل کرنے کی کوشش کریں تو کامیاب ہو جائیں گے۔

خواتین

ماہ کی 2 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنے شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ان بن رہے گی۔ لیکن پھر بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان اپنے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ اچھے تعلقات رہیں گے۔ ان دنوں میں بہو اور داماد کے ساتھ بھی تعلقات اچھے رہیں گے۔

ماہ کی 13 تا 22 تاریخ کے درمیان ساس کے ساتھ بہتر تعلقات رہیں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-11-12-13
نحس تاریخیں	14-15-21-22
لکی نمبر	3-8

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ' غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا' پکھراج' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز' پیلا' سفید

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ نیز ان دنوں میں آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے

ساتھ لڑائی کا اندیشہ ہے۔ نیز ان دنوں میں آپ اپنے ملازمین کی حرکتوں سے تنگ رہیں گے۔ اپنے سے نچلے طبقے کے لوگوں سے وابستہ کام ان دنوں میں ہونے کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ بیماری کا شکار بھی رہیں گے۔ نوکری کو لے کر بہت زیادہ سخت ردعمل نہ کریں اور ان دنوں میں لوگوں کی طرف سے نوکری کی مخالفت کی باتوں کو نظر انداز کر دیں۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات شریک حیات پر زیادہ ہوں گے یا شریک حیات اخراجات میں زیادتی کا باعث بنے گی۔

2 تا 7 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے سے اونچے طبقے کے لوگوں سے متعلقہ اور قانونی نوعیت کے کام ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کاروبار کی طرف توجہ دیں گے۔ اور اس میں بہتری کے بارے میں سوچ وبچار بھی کریں گے۔ ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کو شراکتی کاروبار میں نقصان کا سامنا ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں آپ کے ان دنوں میں اخراجات زیادہ ہوں گے۔ ان دنوں میں آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا بھی کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے بھی تھوڑا بہت خطرہ رہے گا۔ شراکتی کاروبار یا ملازمت میں محنت ومشقت زیادہ کرنی پڑے گی۔ لیکن اس کا نتیجہ کم نکلے گا۔

11 تا 20 تاریخ کے درمیان کچھ معاملات مل بیٹھ کر اور کچھ معاملات لے دے کر حل ہو سکتے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف توجہ دیں گے۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں ملنے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی صحت میں بھی پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ مالی حالات میں بھی بہتری آئے گی اور اشیاء کی خرید و فروخت بھی فائدہ مند رہیں گی۔ ماہ کی 17 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ ملازمت یا کاروبار اور شراکتی کاروبار تینوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

26 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات بہتر ہو جائیں گے اس کے علاوہ اخراجات قابو میں رہیں گے۔

خواتین

ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ ان بن رہے گی، لیکن 17 تا 24 تاریخ کے درمیان حالات پہلے سے زیادہ خراب ہوتے نظر آرہے ہیں۔ 11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ 4 تا 13 تاریخ کے درمیان اولاد اور بہو اور داماد کے ساتھ بھی تعلقات اچھے بنے رہیں گے۔

سعد تاریخیں	1-2-5-6-
نحس تاریخیں	16-17-18-24-25
لکی نمبر	6-9

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ر، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا' سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ' اتوار' منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا' نارنجی' گندمی

ماہ کے پہلے دس دنوں میں آپ کے اپنے شریک کار کے ساتھ سیر وتفریح کے امکانات کم ہیں۔ انعامی سکیمیں کھیلنا نقصان دہ ثابت ہوگا۔ آپ کے اخراجات شریک حیات یا شریک کار پر یا ان کی وجہ سے زیادہ ہوں گے۔ آپ کی اولاد بھی آپ کے اخراجات میں اضافے کا سبب بنے گی۔

7 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کی صحت بھی تھوڑی بہت خراب رہے گی۔ آپ کی چند ایک اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ روپے پیسے کے لین دین کے لیے زیادہ صحیح وقت نہیں ہے۔ اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں عمر میں بڑے لوگوں سے کوئی اچھا مشورہ ملنے کے امکانات ہیں۔ خاص طور پر نوکری اور صحت کے حوالے سے۔

ماہ کی 11 تا 16 تاریخ کے درمیان انعامی سکیمیں کھیلنا نسبتاً فائدہ مند رہے گا۔ نیز ان دنوں میں اولاد سے وابستہ بھی کئی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ شریک حیات کی طرف بھی خاص طور پر توجہ دیں گے۔ اس کے علاوہ اس کے ساتھ آپ کا رویہ پیار ومحبت والا رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کو شراکتی کاروبار میں فائدہ کے امکانات ہیں۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو اس میں سے باہر آتے نظر آرہے ہیں۔ اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ملنے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 18 تا 23 تاریخ کے درمیان آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں لڑائی جھگڑے سے دور رہنے کی کوشش کریں، کیونکہ وہ قانونی نوعیت کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ کاروباری حوالے سے بھی ان دنوں میں آپ کو مشکلات کا سامنا رہے گا۔ ان دنوں میں اخراجات میں بھی تھوڑا بہت اضافہ ہوگا۔ نیز ان دنوں میں دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان شراکتی کاروبار سے وابستہ اُمیدیں پوری ہو جائیں گی۔ اشیاء کی خرید وفروخت ان دنوں میں فائدہ مند ثابت ہوگی۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو وہ بھی حل ہوتا نظر آرہا ہے۔ ان دنوں میں آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات پورے ہوتے نظر آرہے ہیں۔ مالی حوالے سے یہ دن بہتر گزریں گے۔ ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے۔

ان دنوں میں دشمنوں سے مقابلہ کی پوزیشن میں ہیں۔ نیز اخراجات بھی قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔

خواتین

ماہ کی 7 تا 13 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی ساس، بہو اور داماد کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ 10 تا 18 تاریخیں اولاد کے ساتھ بہتر گزریں گی۔ 11 تا 20 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے اور 26 تا 31 تاریخوں میں پہلے سے اور زیادہ بہتر ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-7-8
نحس تاریخیں	19-20-21-22-23
لکی نمبر	8-9

عقرب

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ' پلوٹو
منسوبی حروف	ذ' ض' ظ' ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان' روبی
خوش قسمت دن	اتوار' پیر' منگل' جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال' سفید' کریم کلر

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی والدہ کے ساتھ خراب رہیں گے۔ نیز آپ کے ان دنوں میں اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام بھی رُکے رہیں گے۔ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ اگر نوکری کی تلاش میں ہیں تو ان دنوں میں رشتے داروں کی طرف سے مدد کے امکانات ہیں۔ نیز اگر سواری وغیرہ خریدنے یا ملنے کے امکانات ہیں تو وہ ان دنوں میں پورے نہ ہوں گے۔ نیز ان دنوں میں احتیاط کریں، چوٹ وغیرہ لگنے کا اندیشہ ہے۔ طالب علم بھی ان دنوں میں تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق دھیان نہ دیں گے۔ ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات زیادہ نہیں ہیں۔ ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے کاروبار میں کوئی خاص بہتری نہ آئے گی۔ ان دنوں میں حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔

7 تا 16 تاریخ کے درمیان انعامی سکیمیں کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ نیز اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور ان کو آپ کے بارے میں کوئی غلط فہمی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ ان دنوں میں کوئی اچھا مشورہ ملنے کے امکانات ہیں۔ ماہ کی 11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی اولاد بھی آپ کے مالی حالات میں بہتری کا سبب بنے گی۔ انعامی سکیمیں بھی کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ شراکتی کاروبار کرتے ہیں تو اس میں بہتری کے امکانات ہیں۔ شراکتی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں تو صحیح وقت ہے۔ ان دنوں میں صحت مند ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ نیز والدہ اور عمر میں بڑے لوگوں سے تعلقات بھی اچھے ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے تھوڑا بہت نقصان ہو سکتا ہے۔

12 تا 23 تاریخ کے درمیان رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ دماغی پریشانیاں دور ہونا شروع ہو جائیں گی۔ 15 تا 21 تاریخ کے درمیان آپ کی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں قرضہ ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ قانونی معاملات کے حل ہونے کے امکانات کم ہیں۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان کاروبار میں پہلے سے زیادہ بہتری آئے گی۔ نیز حکومتی اداروں سے وابستہ کام بھی ہو جائیں گے۔ دشمنوں سے مقابلہ بھی کر سکیں گے۔

خواتین

ماہ کی 2 تا 12 تاریخوں میں ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ 7 تا 16 تاریخ کے درمیان اولاد اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے۔ ان دنوں میں ساس کے ساتھ تعلقات بہتر ہونے شروع ہو جائیں گے۔ 16 تا 21 تاریخیں بہو اور داماد کے ساتھ اچھے گزریں گے۔

سعد تاریخیں	1-2-5-6
نحس تاریخیں	14-15-21-22-23
لکی نمبر	0-7

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج' پنا' روبی
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا' ہلکا زرد

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنے رشتے داروں سے خراب رہیں گے۔ نیز اگر آپ اندرون ملک سفر، سیر و تفریح کرنا چاہتے ہیں تو اس کے امکانات ان دنوں میں کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ اولاد کو لے کر بھی ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلنا نقصان دہ ثابت ہو گا۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے تھوڑا بہت نقصان کا اندیشہ ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں کی بات پر ان دنوں میں زیادہ عمل نہ کریں۔

ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے کاروبار میں کوئی خاص بہتری نہ آئے گی ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف توجہ دیں گے۔ اگر کوئی قانونی معاملات یا سرکاری ملازمیں سے وابستہ کام ہیں تو ان کے مکمل ہونے کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں گھریلو حالات کوئی خاص بہتر نہ ہوں گے۔

ماہ کی 7 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے سے بڑی عمر کے لوگوں سے تعلقات بہتر ہونا شروع ہوں گے۔ گھریلو حالات میں بھی بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ ان دنوں میں آپ خط و کتاب بھی کریں گے وہ طالب علم جو انٹر یا اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں وہ ان دنوں میں تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔

ماہ کی 11 تا 20 تاریخوں میں آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں گے۔ نیز ان دنوں میں اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں اور وہ سیر تفریح کے لیے بھی ہو سکتے ہیں اور یہ سفر نوکری کے سلسلے میں بھی ہو سکتے ہیں۔ ان دنوں میں اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ انعامی سکیموں میں بھی فائدہ کے امکانات ہیں۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس سلسلے میں گھر والوں اور یار دوستوں سے مشورہ کریں۔ ان دنوں میں صحت اچھی رہے گی۔

ماہ کی 18 تا 24 تاریخوں میں آپ کو کاروبار اور شراکتی کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز ان دنوں میں آپ کے مالی حالات بھی خراب ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اشیاء کی خرید و فروخت ان دنوں میں نقصان دہ ثابت ہوگی۔ اس کے علاوہ آپ کو حادثہ وغیرہ کا اندیشہ بھی ہے۔ ان دنوں میں آپ زیادہ سوچیں گے، لیکن عمل درآمد کم کریں گے۔ ان دنوں آپ کے لوگوں سے تعلقات خراب ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات کم ہو جائیں گے۔ ماہ کی 26 تا 31 تاریخوں میں آپ کے اپنی اولاد کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے۔ ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ ان دنوں میں طالب علم پڑھائی کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ توجہ دیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں سے تعلقات اچھے رہیں گے۔ روپے کے لین دین میں بھی فائدہ ہوگا۔ شراکتی کاروبار میں بھی بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات اچھے رہیں گے۔ کاروبار بھی بہتر ہو گا۔ ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ نوکری کے حوالے سے بھی مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ قانونی معاملات بھی حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔

خواتین

2 تا 12 تاریخ کے درمیان اولاد کی وجہ سے پریشانی کا شکار رہیں گی۔ باقی ماہ اولاد کے ساتھ بہتر گزرے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات شروع کے دنوں میں ان بن رہے گی۔ ماہ کی 25 تا 31 تاریخیں باقی ماہ کی نسبت بہتر رہیں گی۔ 2 تا 12 تاریخ تک ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بہو، داماد کے ساتھ تعلقات پہلے پندرہ دن خراب گزریں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-11-12-13
نحس تاریخیں	9-10-24-25
لکی نمبر	5-8

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ' ج' گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعہ' ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا' سفید' سبز

ماہ کی 2 تا 12 تاریخوں میں آپ کے مالی حالات خراب رہیں گے۔ آپ کے اپنی عمر سے بڑے لوگوں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات کم ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں بھی پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ ان دنوں میں آپ کا پیسہ یار دوستوں پر خرچ ہوگا۔ انٹر لیول تک کے طالب علم ان دنوں میں تعلیم کی طرف توجہ کم دیں گے۔ ماہ کی 2 تا 7 تاریخ کے درمیان نوکری کسی اچھی جگہ ملنے کے امکانات کم ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ کے مالی حالات نوکری کرنے سے بھی کوئی خاص ٹھیک نہ ہوں گے۔ قانونی نوعیت کے معاملات کے حل کے امکانات کم ہیں۔ مذہب کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ 7 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے تعلقات بہت رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ کا بات کرنے کا طریقہ غلط ہونے کی وجہ سے آپ کے کئی کام رُکے رہیں گے۔ اندورن ملک سفر کے امکانات ہیں۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونے کے امکانات ہیں۔ آپ کو اپنے ملازمین سے کام کروانے کے لیے ان کو بار بار حکم دینا ہوگا۔ کیونکہ وہ ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کریں گے۔

ماہ کی 11 تا 20 تاریخوں کے درمیان آپ کو مالی حوالے سے درپیش پریشانیوں میں تھوڑی بہت کمی ہوتی نظر آ رہی ہے۔ نیز ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف بھی رجحان رہے گا۔ شراکتی کاروبار میں کامیابی کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں خاندان کے لوگ مالی حوالے سے آپ کے لیے فائدہ مند رہیں گے۔ اگر ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس میں بھی کامیابی کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے کئی معاملات حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار کے حوالے سے اگر آپ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ فائدہ مند رہے گا۔ آپ ان دنوں میں سیر و تفریح اور ڈراموں کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔

ماہ کی 16 تا 20 تاریخ نوکری کے حوالے سے آپ کے لیے پریشانیاں لے کر آئے گی۔ نیز اگر نوکری تلاش کر رہے ہیں تو ان دنوں میں ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ 26 تا 31 تاریخوں میں آپ کے کاروبار میں بہتری آئے گی۔ نیز ان دنوں میں قانونی نوعیت کے مسئلے بھی حل ہوتے نظر آ رہے

ہیں۔ انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ نوکری کی تلاش میں ہیں تو ان دنوں میں کوشش کریں۔ ان دنوں میں آپ کی صحت بھی اچھی رہے گی اور خاندان کی طرف سے ملنے والی پریشانیاں بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

خواتین

ماہ کے پہلے پندرہ دن آپ کی اپنی ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ نیز ان دنوں میں مالی حالات بھی تھوڑے بہت خراب رہیں گے۔ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے، لیکن اس سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہوں گی۔ ان دنوں میں بہو اور داماد کے ساتھ ان بن رہے گی۔ ماہ کے آخری پندرہ دن اولاد کے ساتھ بہتر نہ گزریں گے۔

سعد تاریخیں	1-2-5-6
نحس تاریخیں	19-20-26-27-
لکی نمبر	6-9

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ٹ، ڈ
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

ماہ کے پہلے پندرہ دن آپ کے رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے نہ بنے گی۔ ان دنوں میں آپ کاروبار کی طرف پوری طرح توجہ نہیں دے پا رہے ہوں گے۔ اگر کاروبار کے سلسلے میں یا ویسے ہی اندرون ملک سفر کا موقع ملا تو بھی آپ نہ جائیں گے۔ خط و کتابت کی طرف بھی آپ کی کوئی خاص توجہ نہ ہوگی۔ ملازمین وغیرہ کے ساتھ بھی آپ کا رویہ سخت رہے گا۔ اور ان دنوں میں آپ کے مالی حالات تھوڑے بہت خراب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ اپنی پوزیشن یا عہدہ کا غلط استعمال بھی کریں گے۔

ماہ کی 6 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کو قرضہ ملنے کے امکانات ہیں۔ نیز اگر آپ شراکتی کاروبار کر رہے ہیں تو اس میں تھوڑی بہت بہتری آتی نظر آ رہی ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ کا شریک کار بھی آپ کو مالی حوالے سے مدد کرے۔

ماہ کی 13 تا 16 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں بہتری واقع ہوگی۔

ماہ کی 13 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے رشتے داروں اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ روپے پیسے کے معاملات میں ان سے اچھا مشورہ ملنے کے امکانات ہیں جو آپ کے مالی حالات میں بھی بہتری کا سبب بنے گا۔ نیز ان دنوں میں آپ کی ذہنی پریشانیاں بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ان دنوں آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ بچوں کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ اگر اولاد کے تعلیم سے تعلق ہے تو ان دنوں میں تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔

16 تا 20 تاریخ کے درمیان اگر آپ انعامی سکیمیں وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ بھی ان دنوں میں ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو اس کے حل کے امکانات کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات میں اضافہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ یہ اخراجات اولاد پر بھی ہوں گے اور اس کے علاوہ سینما، تھیٹر وغیرہ پر بھی ہوں گے۔

ماہ کی 26 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ نیز ان دنوں میں آپ کے اپنے رشتے داروں اور والدہ کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ اولاد بھی آپ کا حکم مانے گی۔ شراکتی کاروبار میں بھی بہتری آئے گی۔ نیز ان دنوں میں قانونی نوعیت کے مسئلے بھی حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں طالب علم تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات ان دنوں میں ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ سیر و تفریح کے امکانات ہیں۔

خواتین

6 تا 11 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان دنوں میں مالی حوالے سے بہتر شریک حیات ملنے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 13 تا 20 تاریخ کے درمیان مالی حالات بہتر رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں بہن بھائیوں سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہوں گی۔ ان دنوں میں ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ 16 تا 20 تاریخوں میں آپ کے اخراجات اولاد پر ہوں گے۔ بہو اور داماد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

سعد تاریخیں	3-4-7-8-11-12
نحس تاریخیں	14-15-21-22-23
لکی نمبر	5-7

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان آپ کے اخراجات زیادہ ہوں گے اور ان میں سے اکثر اپنے ہی اوپر ہوں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں دشمنوں کی نظر بھی آپ کے مال پر رہے گی۔ ان دنوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف دھیان کم دیں گے۔ نیز آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات ان دنوں میں نہیں ہیں۔ روپے پیسے کے کسی بھی قسم کے معاملات کو حل کرنے کی کوشش ان دنوں میں نہ کریں آپ کو نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ماہ کی 4 تا 11 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار کرنا کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کا شریک کار آپ سے بے ایمانی کرنے کے چکروں میں رہے گا اور اس کی کامیابی کے امکانات بھی ہیں۔ نیز شریک کار یا شریک حیات سے وابستہ توقعات بھی ان دنوں میں پوری نہ ہوں گی۔ ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلنا بھی نقصان دہ رہے گا۔

ملازمت کے حوالے سے بھی مشکلات درپیش رہیں گی۔ بڑے بہن بھائیوں سے تعلقات تھوڑے خراب رہیں گے۔ اگر آپ کا کسی سے لڑائی جھگڑا ہوتا ہے تو آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے۔ نیز ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ بھی لڑائی جھگڑا رہے گا۔

11 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔ نیز ان دنوں میں آپ کے مالی حالات میں بھی بہتری آئے گی اور آپ اپنے اخراجات کو بھی قابو کرنے میں کامیاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ نیز ان دنوں میں چھوٹے بہن بھائیوں اور ساتھ والوں سے بھی مالی حوالے سے مدد ملتی نظر آ رہی ہے اور اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس کے ملنے کے امکانات بھی ہیں۔ کاروبار میں بھی تھوڑی بہت بہتری آئے گی۔

16 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنے شریک کار یا شریک حیات کے ساتھ نہ بنے گی بلکہ آپ اس کے بارے میں غلط فہمی کا شکار بھی رہیں گے۔ نہ ہی آپ ان دنوں میں شراکتی کاروبار میں بہتری کے بارے میں سوچیں گے۔ ان دنوں میں اولاد کے ساتھ بھی تعلقات خراب رہیں گے۔

ماہ کی 19 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کی اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی اپنی والدہ کے ساتھ نہ بن پائے گی اور بڑی عمر کے لوگوں سے وابستہ کام بھی رُکے رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ تعلیم کی طرف زیادہ توجہ نہ دیں گے۔ 26 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے تعلقات اپنی والدہ کے ساتھ بہتر ہو جائیں گے۔ نیز ان دنوں میں انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ اور تعلیم کی طرف بھی توجہ دیں گے۔

خواتین

ماہ کی 2 تا 12 تاریخ کے درمیان مالی حالات خراب رہیں گے۔

4 تا 11 تاریخ کے درمیان شریک حیات آپ سے باتیں چھپانے کی کوشش کرے گا۔ نیز اس سے وابستہ توقعات بھی خواہش بن کر رہ جائیں گی۔

16 تا 24 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنی ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ آپ ان دنوں میں ان کی باتوں پر دھیان نہ دیں گی۔ شریک حیات کے بارے میں بھی ان دنوں میں غلط فہمی کا شکار رہیں گی۔ نیز ان دنوں میں اولاد سے بھی نہ بن پائے گی۔ 19 تا 24 تاریخ کے درمیان بہو یا داماد کے ساتھ بھی تعلقات خراب رہیں گے۔ ماہ کی 26 تا 31 تاریخ کے درمیان ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آنا شروع ہو جائے گی۔

سعد تاریخیں	1-2-5-6-11-12-13
نحس تاریخیں	9-10-16-17
لکی نمبر	1-3

☆☆☆☆☆

ماسٹر شوکت علی بروہی

نسوانی زائچہ اور شادی

خواتین کے دور حاضر کے اہم مسئلہ پر زائچہ پیدائشی اور نجوم کیا کہتے ہیں۔

عورتوں کے لیے یہ ایک اہم اور دلچسپ موضوع ہے۔ علم نجوم اس سلسلے میں بہترین راہنمائی کرتا ہے۔ نسوانی زائچہ میں ازدواجی زندگی سے متعلق شمس اور مریخ کی حالتوں سے اندازہ لگایا جاتا ہے۔

شادی کا منسوبی کوکب زہرہ ہے۔ خانہ ہفتم کا تعلق شریک حیات سے ہوتا ہے اور خانہ ہفتم شریک حیات کے مال کا اظہار کرتا ہے۔

(1) نسوانی زائچہ میں سب سے پہلے شمس کو دیکھا جاتا ہے۔ اگر یہ قوی ہے اور حمل، سرطان یا قوس میں ہے تو شادی کے بعد عورت اپنا مقام حاصل کر لیتی ہے۔ اگر شمس، میزان، دلو، جدی یا جوزا میں ہو تو شادی کے بعد عورت کی حیثیت اور مرتبہ کو کم کر کے دکھاتا ہے۔ باقی بروج میں مساوی ہوتا ہے۔

(2) اگر نسوانی زائچہ میں شمس و زہرہ کا قران ہو تو بعض اوقات شادی شدہ زندگی میں تنگ نظری، بدمزاجی، غصہ، جھگڑا، علیحدگی کے اسباب پیدا کرتا ہے۔ یہ قران خاندان کی ناپسندیدگی کا اظہار بھی کرتا ہے۔

(3) زائچہ میں شمس اور مریخ کے سعد نظرات ہوں تو لڑکی کی شادی ضرور ہوتی ہے۔ اگر شمس ایک سے زیادہ نظرات بناتا ہو تو وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ ایک سے زیادہ شادیاں یا تعلقات ہوں گے۔ اگر شمس اور مریخ میں نحس نظر ہو تو شادی کے امکانات میں غیر تسلی بخش حالات اور مشکلات کا اظہار کرتا ہے۔ خصوصاً اگر زحل بھی اس میں شریک ہو تو شادی میں دیری لاتا ہے۔ اگر زحل کی سعد نظر ہو تو پھر شادی میں التواء تو نہیں لاتا البتہ بڑی عمر کا شریک حیات دیتا ہے۔

(4) لڑکی کے زائچہ پیدائش میں سعد کواکب اوتاد میں ہوں یعنی (۱-۴-۷-۱۰) میں اور ساتواں برج آتشی (حمل-اسد-قوس) تو لڑکی کی ازدواجی زندگی خوشگوار ہوتی ہے اور بہتر مالی حالات کا اظہار ہوتا ہے۔

(5) مریخ تیسرے یا چھٹے میں ہو تو زحل سعد اور قوی ہو کر ساتویں یا گیارھویں میں قابض ہو اور مشتری کی نظر طالع پر ہو جو کہ بروج ثوابت میں واقع ہو تو لڑکی عیش و عشرت کی زندگی بسر کرے گی۔

(6) پیدائش بدر میں ہو یعنی پورے چاند ہو تو امتیازی ترقیاں اور کشادگی کا اظہار ہوتا ہے۔ اگر ایسے میں کسی لڑکی کا طالع جوزا ہو شمس گیارہویں گھر میں ہو اور عطارد دسویں گھر میں ہو تو لڑکی ایک اعلیٰ شخصیت کی بیوی ہوگی، جو بہت دولت مند ہوگا اور خاوند کی با اعتماد ہوگی۔

(7) لڑکی کا طالع جوزا، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب یا دلو ہو اور قمر ساتویں گھر میں بدر کامل ہو اور اوتاد میں کوئی نحس کوکب نہ ہو تو لڑکی اعلیٰ افسر یا دولت مند کی بیوی ہوگی۔

(8) طالع سنبلہ ہو جس میں عطارد ہو اور خانہ گیارہ میں مشتری ہو تو لڑکی اعلیٰ عزت و قوت والی اور دولت مند کی بیوی ہوگی۔

(9) طالع سرطان ہو جس میں مشتری ہو اور پانچویں گھر سے شمس تثلیث نظر ہو تو لڑکی کی شادی کے بعد خوشگوار ازدواجی زندگی اور دولت مندی کا اظہار ہے چاہے لڑکی غریب خاندان کی کیوں نہ ہو۔

(10) عورت کے زائچہ میں طالع میں مشتری ساتویں میں قمر اور دسویں میں زہرہ ہو تو یہ عورت ایک دولت مند کی بیوی ہوگی۔ خواہ وہ غریب خاندان کی کیوں نہ ہو۔

(11) ساتوں گھر میں سعد کوکب ہو تو بہتر شریک حیات کا اظہار ہوتا ہے۔ لیکن جب اس کوکب سے نیرین (شمس و قمر) کا مقابلہ یا تربیع ہو تو یہ ظاہر کرتا ہے ایک اچھی شادی، جو کسی منحوسیت کا انتظار کر رہی ہے۔

بقیہ صفحہ نمبر 24 پر.......

جناب ثُمامہ بن اُثال رضی اللہ عنہ

شدید خطرہ لاحق ہو گیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو لکھا ''ہم آپ کے متعلق پہلے سے یہ بات جانتے ہیں کہ آپ صلہ رحمی کرتے اور دوسروں کو اس کی تاکید کرتے ہیں۔ مگر اس وقت ہم جس صورت حال کا سامنا کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ آپ نے ہمارے ساتھ قطع رحمی کا طرز عمل اختیار کر رکھا ہے۔ آپ نے باپوں کو تلوار سے قتل کیا اور بیٹوں کو بھوکوں مار رہے ہیں۔ ثمامہ ابن اثال نے غلے کی برآمد پر پابندی لگا کر ہمیں سخت تکلیف اور پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو اس کو لکھ دیں کہ وہ غلہ وغیرہ اور ہماری ضرورت کی چیزوں پر عائد کردہ پابندی ختم کر دیں''۔

رسول اللہ ﷺ کے لکھ دینے پر جناب ثمامہؓ نے بندش ختم کر دی۔ اور غلے کی سپلائی جاری کر دی۔

جناب ثمامہ ابن اثالؓ زندگی بھر اپنے دین کے وفادار اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیے ہوئے عہد کے پابند رہے۔ مسیلمہ کذاب نے جب نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تو آپؓ اس کے سامنے ڈٹ گئے۔ انہوں نے اپنی قوم کو بھی سمجھایا کہ ''بنو حنیفہ کے لوگو! خبردار! اس گمراہ کن دعوت کو ہرگز قبول نہ کرنا جس میں نور ہدایت کا دور دور تک پتہ نہیں۔ اللہ کی قسم! یہ شقاوت و بدبختی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے ہم میں سے ان لوگوں پر مسلط کیا ہے جو اسے اختیار کریں، اور زبردست امتحان و آزمائش ہے ان لوگوں کے لیے جو اس سے اجتناب کریں''۔ انہوں نے مزید فرمایا ''بنو حنیفہ والو! ایک وقت میں دو نبی نہیں ہو سکتے۔ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، ان کے بعد کوئی نبی نہیں، نہ ان کی نبوت میں کسی کو شریک کیا گیا ہے''۔

''ح۔م اس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست ہے، سب کچھ جاننے والا گناہ معاف کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے۔ سخت عذاب دینے والا اور بڑا صاحب فضل ہے۔ کوئی معبود اس کے سوا نہیں۔ اسی کی طرف سب کو پلٹنا ہے''۔ (المومن ۳-۱)

پھر فرمایا کہ کہاں اللہ تعالیٰ کا یہ عظیم کلام اور کہاں مسیلمہ کذاب کا قول:-

''اے مینڈک! تم چاہو ٹرٹر کرتے رہو۔ اپنی اس ٹرٹر سے نہ تم پینے سے روک سکتے نہ پانی کو گدلا کر سکتے ہو''۔

پھر وہ اپنے قبیلے کے ان لوگوں کو لے کر الگ ہو گئے جو اسلام پر ثابت قدم رہ گئے تھے اور اللہ کی راہ میں جہاد اور اس کے دین کو زمین پر غالب کرنے کے لیے مرتدین کے ساتھ جنگ و قتال میں مشغول ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ جناب ثمامہ ابن اثالؓ کو اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے بہترین جزا دے اور اس جنت سے نوازے جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے، آمین۔

نسوانی زائچہ اور شادی

(12) عورت کے لیے مریخ کا رجعت میں ہونا مردوں سے پرہیز کرنے کا سبق دیتا ہے۔ ورنہ بدنامی رسوائی اور ذہنی اُلجھن کا اظہار ہوتا ہے۔

(13) ساتویں گھر کا قابض کوکب رجعت میں ہو تو شادی میں مشکلات اور پریشانی ظاہر کرتا ہے۔

(14) عورت کے ساتویں گھر میں زحل و قمر کا قران ہو تو ایسی عورت ایک سے زیادہ شادیاں کرتی ہے یا ایک سے زیادہ تعلقات کا اظہار ہوتا ہے۔ اگر اس قران سے دوسرے کواکب کے نظرات بھی نحس ہوں تو ایسی عورت عیاش ہو گی یا آوارہ۔

(15) عورت کے زائچہ میں زحل آٹھویں گھر میں نحس نظرات رکھتا ہو تو ایسی عورت کی زندگی میں کوئی دلکشی کا اظہار نہیں ہوتا۔ اداسی اُس کی زندگی کا ایک حصہ بن جاتی ہے۔

(16) شمس کی نحس نظر مریخ سے ہو اور مریخ زوال یا ہبوط میں ہو تو طلاق کے امکانات ہو جاتے ہیں۔

(17) یورنس ساتویں گھر میں نحس ہو یا رجعت میں ہو تو طلاق یا جدائی کے اسباب پیدا کرتا ہے۔

(18) شمس ساتویں میں ہو اور نظرات نحس رکھتا ہو تو لڑکا لڑکی کو انکار کر دیتا ہے۔ لیکن اس انکار سے لڑکی کو فائدہ ہوتا ہے۔

(19) اگر ساتویں گھر میں سعد اور نحس دونوں کواکب قابض ہوں اور شمس یا مریخ سے نحس نظرات رکھتے ہوں تو عورت پہلے خاوند کو چھوڑ کر دوسرا نکاح کرے گی۔ جو کوکب سعد ہو گا۔ اس خاوند سے خوش بختی دیکھے گی اور جو نحس کوکب ہو گا اُس سے بدبختی۔

(20) زحل اور مریخ بُرج منقلب میں ہو (حمل۔ سرطان۔ میزان۔ جدی میں) اور زہرہ سے نحس نظرات رکھتے ہوں تو اُس کا خاوند دوسری عورتوں کی طرف مائل ہو گا۔ عیاش اور بے وفا ہو گا۔

(21) آٹھویں گھر میں مریخ اور یورانس قابض ہوں اور نظرات نحس رکھتے ہوں تو وہ عورت بیوہ ہو جائے گی۔

(22) مریخ زہرہ اور پلوٹو کا قران کسی عورت کے زائچہ میں ہو اور اس قران سے یورنس کی نحس نظر ہو تو یہ جنسی تعلقات، جرم اور خون کا اظہار کرتا ہے۔

(23) علیحدگی یا طلاق اس وقت ہوتی ہے جب شمس کی نحس نظر نحس کوکب سے ہو اور زہرہ نحس ہو، زوال یا ہبوط میں ہو۔

(24) یورنس ساتویں میں ہو شمس یا زہرہ سے نحس نظر رکھتا ہو تو طلاق یا جدائی کا اظہار ہوتا ہے۔

زائچہ جات

بچے کا نام/صدقہ وغیرہ

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ نام استخراج کرنے کے ساتھ یہ بھی راہنمائی کر دی جاتی ہے کہ نو مولود کے زائچہ کے حوالے سے کون سا صدقہ زائچہ کی نحوست کے خاتمہ کے لیے بہتر ہوگا۔

وقتی زائچہ:

شادی، کاروبار، اولاد، صحت، سحر وغیرہ

مستقبل کے حوالے سے کسی ایک خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب دیئے جاتے ہیں۔

خوش قسمتی کا پتھر

خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے۔ حصول صحت، رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے خوش قسمتی کا پتھر معلوم کریں

رپورٹ 23 اہم امور (پیدائشی زائچہ پر)

زندگی کے 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ مزاج و کردار، زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات، محبت اور رومانس، مشاغل، صحت، مالی حالت، طریق زندگی، کیریئر، روزگار، خوش قسمتی کا پتھر، خوش قسمتی کی دھات، خوش قسمتی کا دن، خوش قسمتی کا رنگ، آپ کا برج، آپ کا کوکب، اسم الٰہی برائے ذکر، زائچہ پیدائش، شرف و ہبوط کواکب، خوش قسمتی کا عدد، خصوصی صدقات، قمری برج /کوکب اور اس کے اثرات، شمسی برج/کوکب اور اس کے اثرات، طالع برج/کوکب اور اس کے اثرات۔

ساڑھ ستی

کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں؟ زحل جب بھی حرکت کرتا ہوا پیدائشی زائچہ کے بارہویں، پہلے اور دوسرے گھر سے گزرتا ہے تو یہ عرصہ انسان کو مختلف الانواع مسائل جیسے کہ قرضہ، اخراجات کی زیادتی، غلط فیصلے، مالی پریشانیوں اور مسائل کے گرداب میں پھنستا ہے اور یوں اس کی زندگی ناکامی و نامرادی کا شکار ہو کر سوالیہ کا نشان بن کر رہ جاتی ہے۔ اس رپورٹ سے آپ اس بات کو جان سکیں کہ کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں اور اگر ہیں تو اس حوالے سے بچاؤ کے اقدامات تجویز کیے جائیں گے جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے آپ کو پریشانیوں سے بچا پائیں گے

تقدیر پیدائشی زائچہ کے احکام

بوقت پیدائش آسمان پر موجود کواکب مختلف انداز اور طریقوں سے انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ رپورٹ آپ پر آپ کو آشکار کرے گی کہ فطرت نے آپ اور آپ سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے کیا طے کر رکھا ہے؟ اس رپورٹ میں تمام کواکب یعنی قمر، شمس، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورانس، نیپچون اور پلوٹو کی آپ کے زائچہ میں مختلف بروج اور گھروں میں موجودگی کے اثرات کو بیان کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ان کواکب کی آپس میں، طالع اور عاشر سے بننے والی نظرات کو بمعہ تمام گھروں کے حاکموں کے دوسرے گھروں میں قابض ہونے سے پیدا ہونے والے اثرات کو بھی بیان کیا جائے گا۔ آپ کے پیدائشی زائچہ کا مکمل جائزہ۔

ٹرانزٹ رپورٹ (سالانہ حالات)

آپ کے آنے والے ماہ و سال آپ کے لیے کیا لے کر آ رہے ہیں؟ آپ کو کن حالات اور واقعات سے واسطہ پڑ سکتا ہے؟ یہ سب کچھ جاننے کے لیے یہ رپورٹ آپ کے لیے حد درجہ مفید ثابت ہوگی۔ یہ رپورٹ ان کواکبی اثرات کو ظاہر کرتی ہے جو کسی بھی خاص عرصہ میں شمس اور دیگر کواکب کے زائچہ کے مختلف گھروں میں داخلہ کی وجہ سے جنم لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب ٹرانزٹ میں موجود کواکب مختلف گھروں میں داخل ہوتے ہیں پیدائشی زائچہ میں موجود اساسی کواکب کے ساتھ سعد اور نحس نظر بناتے ہیں تو ان کے بھی خصوصی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جن کو بیان کیا جائے گا۔ یوں کسی بھی ایک خاص عرصہ کے اندر ہونے والی ہر ممکنہ تبدیلی، بہتری اور خرابی سے آپ آگاہ ہو سکیں گے۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنی زندگی کو بہتر طور پر پلان کر سکیں گے اور زیادہ بہتر نتائج حاصل کر سکیں گے۔

زحل مشتری اور آپ

زحل کے اثرات کو علم نجوم میں فوقیت حاصل ہے اور کوئی بھی فرد زحل کے اثرات کی کارستانیوں (مثلاً ساڑھ ستی اور ڈھایہ وغیرہ) سے انکار نہیں کر سکتا۔ ہر فرد زحل کی نحوست سے بچنے اور مشتری کی سعادت سے فائدہ اٹھانے کا خواہش مند ہوتا ہے۔ اگر آپ یہ جاننے کے خواہش مند ہوں کہ زحل اور مشتری آنے والے دنوں میں آپ کو مالی، مادی، شادی، اولاد، صحت، کاروبار، نوکری، سحر، سفر، دشمنی، مقدمہ، وراثت، گھریلو حالات، بہن بھائیوں، دوستوں اور عزیز و اقارب سے تعلقات، خفیہ دشمنوں وغیرہ جیسے معاملات میں سے کن سے اور کیسے متاثر کریں گے۔ ہم آپ کے لیے ایک جامع ترین رپورٹ تیار کریں گے۔ جو زیر بحث موضوع یعنی زحل و مشتری کے تحت متفرق معاملات کے بیان کے علاوہ دفع نحوست کے لیے عمومی مشاورت، صدقات، جواہرات، عملیات اور وظائف کا بیان بھی لیے ہوئے ہوگی۔ ایک ایسی نجومی رپورٹ جسے پڑھ کر آپ محسوس کریں گے کہ واقعی ایک صاحب علم کے محبت بھرے دل نے پوری سچائی کھول کر آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔

بائیوردم رپورٹ

بائیوردم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ کون سا حیاتیاتی دور کون سے کاموں، امور اور زندگی کی پہلوؤں سے تعلق رکھتا ہے اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپ کو روزانہ بائیوردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔

برج حوت

سمعیہ راٹھور

عرصہ	21 فروری تا 20 مارچ
حروف	د۔چ
حاکم کوکب	مشتری
عنصر	آبی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	پاؤں
موافق نگینہ	پکھراج، عقیق، نیلم، زمرد
موافق دن	جمعرات
موافق نمبر	7
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، جامنی
موافق پھول	گل سوسن
موافق شریک کار	سنبلہ
موافق افراد	ثور، جدی
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیو کیمک نمک	فیرم فاس

ظاہری شخصیت

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے لوگ جاذب نظر اور متاثر کن شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ چہرے کے نقش ونگار بہت دلکش ہوتے ہیں۔ ان کی جسمانی صحت غیر معمولی اچھی نہیں ہوتی لیکن ان کا جسم بہت متناسب ہوتا ہے۔ دبلے پتلے اور نازک اندام شخصیت رکھنے والے حوت افراد بسا اوقات دیکھنے والے کو اپنے سحر میں گرفتار محسوس کرتے ہیں۔ گفتگو کے فن میں ماہر اور موقف کی تائید میں بولتے چلے جاتے ہیں۔ برج حوت کے زیر اثر آنے والے افراد دوہری شخصیت کی عکاسی کرتے ہیں۔ پل میں تولہ پل میں ماشہ۔ کسی وقت ایک معمولی سی بات پر بہت پریشانی و مایوسی کا اظہار کرتے ہیں اور کبھی بڑی سے بڑی تبدیلی بھی انہیں ٹس سے مس نہیں کرتی۔ انہیں عملاً قدرے سست اور حقیقت سے دور بھاگنے والے کہا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت کشمکش میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ظاہری طور پر جو بیانات دیتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ اندرونی طور پر بھی اس کیفیت میں ہوں یعنی بہترین اداکار بھی کہا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات ان پر یہ محاورہ صادق آتا ہے "ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ" دوسروں میں جلد پذیرائی حاصل کر لیتے ہیں اور اپنی خوبصورت جسامت اور پرکشش شخصیت کے باعث اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

ہر انسان کی اپنی سوچ، اپنا طریقہ اور ہر کام کرنے کا ایک مخصوص انداز ہوتا ہے۔ معاشرتی رویے، خارجی عوامل اور روزمرہ زندگی کے تجربات اس کی سوچ پر خاص نتائج ثبت کرتے ہیں۔ حوت افراد کے زندگی گزارنے کا بھی ایک لائحہ عمل ہے۔ جس میں وہ سست تو دکھائی دیتا ہے لیکن ان کاموں کے لیے نہیں جن میں وہ خود دلچسپی رکھتا ہو۔ زبردستی کروائے جانے والا کوئی بھی عمل حوت کی کارکردگی کو ابھار نہیں سکتا۔ اپنی زندگی میں مادی آسائشوں کو کم اور روحانی مسرتوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اس برج کے علامتی نشان مخالف سمت جاتی دو مچھلیوں سے ان کی متضاد اور دوہری طبیعت کا اندازہ ہوتا ہے۔ معاشرے کا ایک حصہ ہونے کے باعث وہ خوشحالی اور محض آگے بڑھنے کو زندگی کا محور نہیں بناتے۔ روحانی زندگی گزارتے گزارتے سماجی زندگی میں آنا ان کے خیال میں غلط ہوتا ہے۔ پیٹ بھرنے کے لیے پیسے کا حصول شرط ہے لیکن روحانی نظریات رکھتے ہوئے وہ ایسا کرنا غلط اور مشکل تصور کرتے ہیں۔ اس طرح وہ دوہری کشمکش کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اپنے گردوپیش سے لاتعلقی کا رویہ اپناتے ہیں۔ ان میں سماجی اقدار و اصولوں سے انحراف کا جذبہ بھی پایا جاتا ہے جو انہیں دوسرے بروج کے تحت آنے والے افراد سے مختلف کرتا ہے۔

حوت فرد بیک وقت دو دنیاؤں کا باسی ہوتا ہے۔ ایک وہ جو اس کے گرد ہے اور دوسری وہ جس میں دوسرے کے ساتھ ہے اور یہی زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ ان خیالی دنیاؤں میں فریب نظر اور خوابوں کا حامل ستارا حوت کو بعض اوقات غیر معمولی کامیابی سے نواز دیتا ہے۔

آزادی پسند اور مقابلے سے گریز کا رویہ

حوت افراد روزمرہ زندگی میں ہر چیز برداشت کر سکتے ہیں لیکن آزادی

ان کا سب سے بڑا اثاثہ ہوتی ہے۔ جسے قائم رکھنے کا تقاضا وہ اپنے حلقہ احباب سے بھی رکھتے ہیں۔ جسمانی و ذہنی آزادی کے قائل ہونے کے باعث ہر وقت نت نئے منصوبے سوچتے ہیں۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ جو لوگ بہت زیادہ سوچتے ہوں وہ عمل بہت کم کرتے ہیں۔ خود فریبی کا بھی شکار رہتے ہیں۔ جو انہیں بے چین کرتا اور خیالات میں عدم توازن پیدا کرتا ہے۔ خواہشات کے حصول کے لیے وہ ذہنی بے چینی کے باعث جدوجہد سے گریز کرتے ہیں اس طرح مزید ناکامیوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ حقیقت پسندی سے دور بھاگتے اور غلط امیدیں قائم کرلیتے ہیں۔ اس طرح انہیں جہاں کہیں محنت کرنی پڑے یا مقابلہ کرکے مقصد حاصل کرنا ہو تو ان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ راہ فرار اختیار کریں۔ دو دھاروں میں بہنے کے باعث وہ خود کوئی فیصلہ کرنے سے بھاگتے ہیں۔ جو لازماً نقصان دہ ہوتا ہے لیکن جتنی جلد وہ اپنے اس رویے کو درست کرلیں اتنا ہی بہتر ہے۔

جذباتی اور پیچیدہ شخصیت

حوت افراد کی شخصیت موڈی اور جذبات کی رو میں بہہ جانے کے باعث دوسروں کے لیے بہت پیچیدہ بن جاتی ہے۔ لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ کس لمحے وہ کونسی بات قبول اور کونسی بات رد کردیں گے۔ انہیں بیک وقت ایک چیز اچھی بھی اور بری بھی لگتی ہے۔ جذباتی اس قدر کہ اگر خوش ہیں تو سب کو خوش سمجھیں گے اور اگر اداس تو سارا سماں اداس دکھائی دے گا۔ ان کے اس رویے سے تنگ آکر ان کے دوست بعض اوقات ان کی اس کیفیت کو سنجیدگی سے نہیں لیتے۔

ملنسار اور شاہ خرچ

حوت افراد اپنے آپ کو خول میں رکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں لیکن جس سے واقعی دوستی کرتے ہیں تو پھر ان سے نہایت ملنساری سے پیش آتے ہیں کیونکہ ان کی جذباتی اور منتشر طبیعت انہیں اپنے آپ کو توقت دینے نہیں دیتی اس لیے وہ دوسروں کے مسائل حل کرنے میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ بخیل نہیں ہوتے' جو ان کے غیر مادی ہونے کا ثبوت ہے۔ اگر وہ معاشی طور پر خوشحال ہوں تو فوراً اپنا اثاثہ لوگوں میں پھیلا دیتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

حوت افراد کو حساس ترین کہا جاسکتا ہے۔ جن لوگوں کو پسند کرتے ہیں ان پر صرف اپنا ہی حق سمجھتے ہیں۔ بعض اوقات بے حقیت باتوں پر بھی شبہ کرنے لگتے ہیں اور ایسے موقعوں پر نہایت آسانی سے حاسدانہ جذبات کا شکار ہوجاتے ہیں ان کا یہ جذبہ ان کے لیے نہایت نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ حوت افراد خوشامد پسند اور گاہے بگاہے اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔ خلاف طبع کوئی معمولی سی بات بھی ناراض کردیتی ہے۔ ایک جگہ ٹک کر نہیں بیٹھتے بلکہ ایک محبت کا یقین ہونے سے پہلے ہی دوسری شخصیت کے گرد منڈلانے لگتے ہیں اس طرح ان کا یہ رویہ انہیں لوگوں میں غیر پسندیدہ کردیتا ہے۔ قوت ارادی کی کمی کے باعث حوت افراد کو مضبوط قوت ارادی اور خود اعتمادی کے مالک افراد کے ساتھ مل کر رہنا چاہیے۔ اپنے آپ کو ہر وقت ایک گورکھ دھندہ بنائے رکھنے کا عمل بھی ان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے اس لیے کوشش کریں کہ آپ کی شخصیت اس قدر پیچیدہ نہ ہو کہ لوگ آپ میں دلچسپی لینے کی بجائے آپ سے دور بھاگنے لگیں۔ سست روی چھوڑ کر عملی زندگی کو اہمیت دینا ضروری ہے۔ حوت افراد کی ذہانت بعض اوقات انہیں خود فریبی کا شکار کردیتی ہے۔ یہ کیفیت حوت افراد کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے اور وہ جذباتی عدم توازن کا شکار ہو بیٹھتے ہیں۔ اگر حوت افراد خوابی دنیا سے باہر آجائیں تو وہ نمایاں کامیابیاں حاصل کرسکتے ہیں۔

حوت خواتین

حوت خواتین گھریلو طور پر بہت پسندیدہ شخصیات ہوتی ہیں۔ اپنے گھر کو امن، سکون اور محبت کا گہوارہ بنادیتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ سماجی زندگی میں ناکام ہوتی ہیں۔ اپنی ذہانت سے بہت ترقی کرتی ہیں۔ ہر مسئلے کو فہم و ادراک سے حل کرتی ہیں۔ بہترین یادداشت کی مالک ہوتی ہیں۔ محبت کا جواب محبت سے دیتی اور محبت کی خاطر ہر طرح کی بازی کھیلنے سے دریغ نہیں کرتی لیکن کسی بھی خفیہ تعلقات رکھنے کی صورت میں انہیں دکھ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حوت خواتین کی شخصیت میں ایک سحر ہوتا ہے ایک وجدانی کیفیت ہوتی ہے جس کے ذریعے بعض حوت خواتین اپنی شخصیت کو مجبور و بے بس ظاہر کرکے مردوں میں پذیرائی حاصل کرلیتی ہیں اور اپنے لیے ان کے دل میں جذبہ ہمدردی پیدا کرلیتی ہیں۔ بحیثیت بیوی خاوند کے ہر قسم کے سکھ چین کا خیال رکھتی ہیں۔ حوت خواتین آرٹسٹک طبیعت کی مالک ہوتی ہیں اس لیے ہر چیز کے انتخاب میں ان کی اس خوبی کا استعمال ظاہر ہوتا ہے۔ شوہر کا انتخاب بھی بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ جس پر کافی وقت لگتا ہے پھر شادی کے بعد خاوند سے حد درجہ محبت کرتی ہیں اور انہیں کھونے کا خیال حوت خاتون کو خوف میں مبتلا کردیتا ہے اس لیے بعض خواتین وفاداری اور محبت کا ثبوت دینے کی کوشش میں اپنے فن اور اپنی شخصیت کو بالکل بھلا دیتی ہیں۔ نازک اور حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ نہایت نفاست پسند ہوتی ہیں۔ بہترین شریک حیات اور قابل فخر مائیں کہلاتی ہیں۔

حوت مرد

حوت مرد کے چہرے کے دلکش نقش و نگار دیکھنے والے کو پہلی نظر میں سحر

میں گرفتار کر دیتے ہیں۔ بہترین گفتگو کا فن انہیں حلقہ احباب میں منفرد کرتا ہے اور بعض اوقات زیادہ اور سچ بولنے پر لوگ ان سے ناراض ہو جاتے ہیں جس پر ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اگلی مرتبہ ذرا دھیان کریں۔ زندگی کو سرسری لینے کی بجائے بہت اہمیت دیتے ہیں۔ وہ کیا کس وقت کر جائیں' کہنا بہت مشکل ہے۔ غیر حقیقت پسندانہ خیالات اور دوہری شخصیت انہیں مشکل بنا دیتی ہے۔ لیکن وہ ہمدرد اور غمگسار ہوتے ہیں۔ ضرورت مندوں کی حتی الوسع مدد کرتے ہیں۔ اپنے مفاد پر دوسرے کی دوستی کو ترجیح دیتے ہیں۔ جو بات ایک مرتبہ کریں اس پر قائم رہتے ہیں۔ نہایت بہادر اور دلیر ہوتے ہیں۔ لیکن بلاجواز طاقت کے مظاہرے سے گریز کرتے ہیں اور حکمت عملی سے کام لیتے ہیں۔ اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتے تلخ سے تلخ بات کو خندہ پیشانی سے برداشت کر لیتے ہیں۔ دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ دوسروں کو بڑی آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔ تخلیقی لوگ ہوتے ہیں۔ لیکن صرف چند پیشوں میں ان کی ذہانت کام دیتی ہے مثلاً اداکاری' سائنس اور مصوری وغیرہ۔

حوت مردوں میں حالات کو بدلنے کی خاص صلاحیت ہوتی ہے۔ ہر مسئلہ بہت دانش مندی سے حل کر لیتے ہیں۔ بہترین شریک حیات ہوتے ہیں اور اپنے حلقہ احباب میں بے حد مقبول بھی۔ لیکن یہ سب کچھ اس بناء پر ہوتا ہے کہ وہ اپنی شخصیت اور اس کی خوبیوں کو صحیح وقت' صحیح جگہ صحیح طریقے پر استعمال کرنے کا ہنر سیکھ لیں۔

حوت بچہ

بہت حساس اور جلد اثر قبول کرنے والا ہوتا ہے۔ جاری عمل میں حوصلہ افزائی کام کی رفتار کو تیز کرتی ہے۔ ناپسندیدگی ان کی خود اعتمادی کو سلب کر دیتی ہے۔ بعض اوقات بہت اہم کام یا بات بھول جاتے ہیں۔ جس کی وجہ خیالی دنیا میں دلچسپی ہوتی ہے۔ عملی بھی ہوتے ہیں لیکن صرف اس سمت جہاں ان کا اپنا رجحان ہو۔ ان کی تربیت کے لیے والدین اگر طاقت کے استعمال کی بجائے ان کے لیے مثالی شخصیت بن کر رہیں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ حوت بچہ مسلسل ایک خیالی دنیا کا باسی رہتا ہے۔ جہاں سب کچھ اس کا من پسند ہے اور زندگی کا یہ خوش کن پہلو اس کی چھلکتی آنکھوں اور خوبصورت چہرے سے عیاں ہوتا ہے۔ حوت بچہ دوسرے بچوں کی طرح ضد' شور اور احتجاج سے اپنی مرضی نہیں منواتا بلکہ اپنے چہرے سے حد درجہ ٹپکتی معصومیت اور کشش سے اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ حوت بچہ اپنی مرضی کا غلام ہوتا ہے اگر کھیلنے کو من ہے اور آپ اسے پڑھنے بٹھا دیں تو وہ قطعاً ایسا نہیں کرے گا۔ انہیں صرف اور صرف محبت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ کتابوں سے دلچسپی رکھتے ہیں اور تقریر و تحریر کے فن سے بھی آراستہ ہوتے ہیں۔ کچھ حد تک لاپرواہ اور بڑوں کی محبت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو بات کہتا ہے اس کے مطابق وہ سچ ہوتی ہے ایسے میں سخت اور تضحیک آمیز رویے کی بجائے اسے پیار و محبت سے اس سخت و بے رحم دنیا کا سامنا کرنا سکھائیں۔

برج حوت کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حوت برج حمل کے ساتھ

حوت عورت حمل مرد

حمل مرد کے ساتھ حوت عورت کے تعلقات خوشگوار ہو سکتے ہیں لیکن زیادہ مستحکم نہیں۔ حوت عورت اپنی سستی کے باعث حمل مرد کی عجلت پسندی کا ساتھ نہیں دے سکتی۔ جس کے نتیجے میں حمل مرد حوت عورت کو وقت بے وقت تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔ جو حوت عورت پر گراں گزرتا ہے اور ذہنی کوفت کا باعث بنتا ہے۔ بہ حیثیت والدہ وہ بچوں کو جلد متاثر کر لیتے اور مثالی باپ ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد حمل عورت

حوت مرد کے ساتھ حمل عورت خوشگوار تعلق ہے۔ حوت مرد چونکہ پرکشش شخصیت کا مالک ہوتا ہے اور حمل عورت آئیڈیل پرست اور خوش پوش مردوں کو پسند کرتی ہے اس لیے ان کی زندگی اچھی گزرتی ہے۔ حوت مرد کی سستی کے باعث گھریلو آمدنی کی خاطر وہ خود کام کرنے سے بھی گریز نہیں کرتی گویا اس طرح مالی مشکلات میں خاوند کا ساتھ دیتی ہے۔

برج حوت برج ثور کے ساتھ

حوت عورت ثور مرد

حوت عورت نہایت سگھڑ اور گھریلو امور میں دلچسپی رکھتی ہے اس لیے ثور خاوند اس سے خوش رہے گا۔ بنا کہے اس کی تمام ضروریات پوری کرے گا۔ برج حوت اور ثور میں ایک مماثلت یہ کہی جا سکتی ہے کہ دونوں سست الوجود ہوتے ہیں لیکن اپنی ذمہ داریوں سے حتی الوسع سبکدوش ہونے کی کوشش کرتے اور مثالی زندگی گزراتے ہیں۔

حوت مرد ثور عورت

ثور عورت نہایت جذباتی اور حاسد و شکی مزاج ہوتی ہے۔ آپ کی محبت کے جواب میں محبت دے گی لیکن ہر وقت اس کے دل میں کوئی نہ کوئی شبہ رہتا

ہے۔ حوت مرد امن پسند اور خوش مزاج آدمی ہوتا ہے۔ اس لیے اپنی شریک حیات سے بھی امن کی توقع رکھتا ہے۔ امور خانہ داری میں ماہر ثور خاتون غصے میں جلد نہیں آتی لیکن کم عقلی اور ناسمجھی کا طعنہ برداشت نہیں کرسکتی۔

برج حوت برج جوزا کے ساتھ

حوت عورت جوزا مرد

حوت عورت کی حسن پسندی اور آئیڈیل ازم اسے بے پناہ پرکشش جوزا خاوند کے ساتھ بہت خوش رکھتی ہے۔ لیکن جوزا مرد حوت عورت کے حسن کی بجائے اس کی ذہانت وخیالات کو اہمیت دیتا ہے۔ زندگی کی ناؤ کو کسی ذہین عورت کے ہاتھوں میں دینے سے نہیں کتراتا اور پیش رفت کے جواب میں حوت بیوی کو بے پناہ خوشیوں سے نوازتا ہے۔

حوت مرد جوزا عورت

ہمدرد اور غمگسار عورت کی تلاش کرنے والے حوت مرد جوزا عورت کا انتخاب کھلے دل سے کرسکتے ہیں۔ جوزا عورت حوت مرد کی طرح دانشمند اور مجلسی مزاج کی حامل ہوتی ہے۔ حوت مرد بنا مطلع کیے اگر کوئی پارٹی رکھ لیتا ہے تو جوزا بیوی کمال مہارت سے تمام انتظامات کرتی ہے۔ مجلس میں، گھر میں، گھر سے باہر دیکھنے والے ان کی جوڑی کو سراہتے ہیں۔

برج حوت برج سرطان کے ساتھ

حوت عورت سرطان مرد

حوت عورت کی طرح سرطان مرد بھی شریک حیات کا انتخاب اطمینان ہو جانے کے بعد کرتے ہیں۔ حوت بیوی پر بھروسہ کرتے ہیں، نہایت متحمل مزاج اور مہربان ہوتے ہیں۔ اگر حوت بیوی ان کی خوشیوں کا خیال رکھے تو شادی کے بعد صرف اور صرف اپنی بیوی کے ہوکر رہتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرتے ہیں۔

حوت مرد سرطان عورت

کسی بھی مرد کے لیے سرطان عورت کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ حوت مرد کھلا خرچ کرنے والا جب کہ سرطان بیوی کنجوس ہوتی ہے۔ آپ کی ذرا سی بات اسے ناگوار ہوسکتی ہے۔ اس لئے حوت مرد کو چاہیے کہ وقتاً فوقتاً سرطان بیوی کو اپنی محبت کا یقین دلاتا رہے۔

برج حوت برج اسد کے ساتھ

حوت عورت اسد مرد

برج اسد کے حامل افراد خواتین کے لیے نہایت پرکشش ہوتے ہیں۔ لیکن حوت عورت خاوند کا انتخاب جذباتی ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ اسد مرد کے ساتھ رہتے ہوئے حوت بیوی کو بھی قدرے مردانہ کردار ادا کرنا پڑتا ہے اور اگر آپ اسد خاوند کے معیار پر فٹ آجائیں تو وہ زندگی بھر دوسری عورتوں کے پیچھے نہیں بھاگے گا۔

حوت مرد اسد عورت

حوت مرد کی خیالی طبیعت اسد بیوی کو الجھن کا شکار بنادیتی ہے۔ لیکن خاوند کی طرف سے اچانک عظیم اور حیرتناک کارنامہ انجام دینے پر وہ اس کی قدر کرنے لگتی ہے۔ نتیجتاً حوت مرد اپنی اسد بیوی کے آرام وراحت کا خیال رکھتا اور اس سے الگ ہونے کے تصور سے بھی بھاگتا ہے۔

برج حوت برج سنبلہ کے ساتھ

حوت عورت سنبلہ مرد

برج سنبلہ کے تحت آنے والے مرد عام طور پر خاموش طبع اور حلیم مزاج ہوتے ہیں۔ حوت بیوی کے ظاہری حسن کی بجائے اس کی ذہانت کے معترف ہوتے ہیں۔ شادی کے بعد صرف بیوی کے ہوکر رہتے ہیں۔ حوت عورت کی نفاست پسند طبیعت کی طرح سنبلہ مرد بھی صفائی پسند ہوتا ہے ذرا سی بے ترتیبی بھی اسے پسند نہیں ہوتی۔ اس لیے حوت بیوی کو احتیاط کرنی چاہیے۔

حوت مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت خوش باش اور چنچلی طبیعت کی مالک ہوتی ہے جو جلد ہی نازک مزاج اور جذباتی حوت مرد سے تنگ آجاتی ہے۔ اچانک پھٹ پڑنے سے حوت مرد کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے۔ لیکن غلط فہمی دور ہونے پر حوت ایک محبت کرنے والا مرد ثابت ہوتا ہے۔

برج حوت برج میزان کے ساتھ

حوت عورت میزان مرد

حوت عورت خیالی دنیا کی باسی ہوتی ہے جہاں حقیقت کا دخل بہت کم ہوتا ہے اسی طرح میزان مرد بھی بعض اوقات اپنے بارے میں حقیقت سے ہٹ کر فیصلے کرتے ہیں۔ بیوی کی سنجیدہ و مستقل مزاج طبیعت کو پسند کرتے ہیں۔ ان کی شخصیت انہیں بھاتی ہے۔ لیکن میزان مرد کو حقیقت کی دنیا میں لانے کی ہر کوشش بے سود واقع ہوتی ہے۔

حوت مرد میزان عورت

نہایت متاثر کن جوڑی ہوتی ہے۔ میزان عورت کا تنقیدی رویہ اور دانشمندانہ حکمت حوت کی روحانی اور وجدانی صلاحیتوں کے ساتھ مل کر زندگی کو سہل

بناتی ہیں۔ ایک جیسے خوابوں کی دنیا میں رہنے کی عادت کے باعث دونوں مطمئن رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ حوت مرد میزان عورت کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے اور اسے خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

برج حوت برج عقرب کے ساتھ

حوت عورت عقرب مرد

حوت عورت متحمل مزاج اور پرسکون ہوتی ہے جب کہ عقرب مرد کا سخت اور غضبناک مزاج بعض اوقات بیوی کے لیے نہایت دل برداشتہ ہوتا ہے اس لیے جب وہ غصے میں ہو تو اس کے راستے سے ہٹ جانا ہی بہتر ہے۔ حوت بیوی کی طرف سے ہونے والی ذرا سی کوتاہی عقرب خاوند کو آگ بگولہ کر سکتی ہے۔ لہٰذا نہایت احتیاط کی ضرورت ہے۔

حوت مرد عقرب عورت

دونوں جذباتی دنیا میں رہتے ہیں۔ جمود دونوں کو پسند نہیں متحرک رہنا پسند کرتے ہیں۔ حوت مرد کے فنکارانہ مزاج اور لطیف جذبوں کو خوابوں کی وادی سے صرف اور صرف عقرب عورت ہی واپس لا سکتی ہے۔ زندگی اور معاشرہ کیا ہے بتاتی ہے۔ حقیقت سے روشناس کرانے پر حوت مرد بھی عقرب بیوی کا احسان مند اور دل و جان سے چاہنے والا بن جاتا ہے۔

برج حوت برج قوس کے ساتھ

حوت عورت قوس مرد

برج قوس کا مرد جذباتی نہیں ہوتا لیکن اس کی خوش مزاجی اور ہمدردانہ رویہ قابل ستائش ہوتا ہے۔ قوس مرد کی کشادہ ذہنی اور فراخدلی حوت عورت کے لیے اسے پسندیدہ بناتے ہیں۔ شادی کے بعد قوس خاوند اپنی بیوی پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگاتے اور ہر جگہ اپنے ساتھ رکھنے میں عار محسوس نہیں کرتے۔ بہترین رفیق حیات ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد قوس عورت

ظاہری حسن و جمال اور خوبصورتی حوت مرد اور قوس عورت کی شادی کا باعث تو ہو سکتے ہیں۔ لیکن دونوں ازدواجی زندگی گزارنے میں مشکل کا سامنا کرتے ہیں۔ آزاد طبیعت قوس بیوی پر حوت مرد کے ہر لحہ بدلتے رویے مایوسی اور افسردگی پیدا کرتے ہیں۔ صرف تعاون اور معاونت و مفاہمت سے ہی دونوں کامیابی سے زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج حوت برج جدی کے ساتھ

حوت عورت جدی مرد

جدی مرد اپنے اوپر ایک خول چڑھا کر رکھتا ہے۔ جس سے اسے سمجھنے میں حوت عورت کو خاصی دشواری ہوتی ہے۔ اگر حوت بیوی اسے گھر میں سکون مہیا کرے تو جدی مرد جو مصائب سے گھبرا جاتا ہے اور گزرتے وقت کا ساتھ تیزی سے نہیں دے سکتا گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

حوت مرد جدی عورت

میاں بیوی کی حیثیت سے ان کی زندگی خوشگوار گزر سکتی ہے۔ اس کے لیے جدی بیوی کو اپنی خواہشات اور احساسات کے برعکس حوت مرد کے خیالات و نظریات کے مطابق ہر کام کرنا ہوگا کیونکہ حوت ہر کام میں اپنی مرضی چاہتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی بیوی سے خوش ہوگا ورنہ نہایت الجھن، پریشانی اور اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے۔

برج حوت برج دلو کے ساتھ

حوت عورت دلو مرد

دلو مرد کو سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ چہروں کو بھانپ لینے کی صلاحیت رکھنے والی حوت بیوی اپنی اس خاصیت کی بدولت جلد دلو شوہر پر قابو پا لیتی ہے۔ دلو کا حلقہ احباب اس قدر وسیع ہوتا ہے کہ اس میں سائنس دان سے لے کر خبطی لوگ بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی اس خامی کو ان کا کشادہ ذہن، فراخدل اور نفیس طبیعت ڈھانپ لیتی ہے۔

حوت مرد دلو خواتین

دلو خواتین کے لیے حوت مرد کے ساتھ رہنا امر محال ہے۔ حوت مرد ہمیشہ یہ چاہے گا کہ دلو بیوی اس کی خواہشات کے مطابق ہر کام کرے۔ لیکن دلو بیوی کے لیے ایسا کرنا مشکل ہوتا ہے۔ پھر بھی وہ مصائب و پریشانیوں میں دانش مندی اور فراست سے کام لیتی ہیں تو حوت مرد اس کی خوشی کا خیال رکھتا ہے۔

برج حوت برج حوت کے ساتھ

حوت عورت حوت مرد

حوت مرد تصوراتی اور خوابوں کی دنیا میں مگن رہتا ہے۔ دل کی بات بہت کم زبان پر لاتے ہیں۔ کبھی ناراض اور کبھی فوراً خوش ہو جاتے ہیں۔ حوت بیوی خاوند کے مزاج کو بہت جلد سمجھ لیتی ہے اور یہ بھی کہ وہ کس وقت کیا چاہتا ہے۔ دوسروں کی خوش حالی کے لیے ہمہ وقت کمر بستہ رہتے ہیں۔ قلندرانہ طبیعت ہونے کے باوجود بیوی کا حد درجہ خیال رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حوت مرد حوت عورت

حوت مرد و عورت دونوں حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کرتے اور گھریلو ذمہ داریوں کو پسند نہیں کرتے۔ ان عادات کی بناء پر دونوں کو زندگی میں الجھنوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن مشترکہ عادات کی بناء پر دونوں ایک دوسرے کو جلد اور اچھی طرح پرکھ اور سمجھ لیتے ہیں اور یوں اچھی اور کامیابی زندگی گزارتے ہیں۔

ڈاکٹر داؤد صالح

بے ضرر اور موثر علاج مفت

علاج معالجہ بہت مہنگا ہوگیا ہے۔ معالجوں کی فیسیں بہت زیادہ اور ہسپتال نہایت مہنگے ہو گئے ہیں۔ دواؤں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان حالات میں ایک عام آدمی علاج کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔

کیا ان حالات میں بے ضرر، موثر اور مفت علاج حاصل کرنا ممکن ہے؟ یہ علاج ممکن ہے۔ شرط یہ ہے کہ اس سلسلے میں معلومات حاصل کر کے ان سے فائدہ اُٹھایا جائے۔

اگر آپ بیمار ہیں، کمزوری بہت زیادہ ہو گئی ہے، مختلف شکایات کا شکار ہیں تو علاج ضرور کروایئے، لیکن معمولی معمولی شکایتوں کے لیے دوائیں کھانا یا معالجوں کے پیچھے دوڑنا کوئی عقل مندی نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم میں ایسی خاصیت اور قوت مدافعت رکھی ہے کہ جو چھوٹی موٹی شکایت کو بغیر کسی علاج کے دو ایک روز میں خود ہی ٹھیک کر لیتی ہے۔ ان کے علاوہ بھی اکثر بیماریاں قدرتی علاج سے دور ہو جاتی ہیں۔

قدرتی علاج میں عام طور پر مریض کا کوئی پیسہ خرچ نہیں ہوتا اور علاج کے یہ طریقے بڑے موثر اور بے ضرر بھی ہوتے ہیں، لیکن آج کل معالجین اور دواؤں کی بھرمار نے علاج کے اس طریقے کو بہت پیچھے دھکیل دیا ہے ورنہ آج بھی اس پر توجہ دی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ علاج کئی امراض ٹھیک کرنے میں ہمارا مددگار ثابت نہ ہو، بلکہ یہ ہماری عام صحت کو بھی بہتر بنا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ کئی امراض کے خلاف ہماری قوتِ مدافعت کو بڑھا بھی دیتا ہے۔ صحت کی بہتری کے ساتھ یہ خوشی اور فرحت کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

قدرتی علاج کیا ہے؟ قدرتی علاج تازہ ہوا، آفتابی شعاعوں، صاف شفاف پانی اور ورزشوں سے استفادہ کرنے کا نام ہے۔ یہ قدرت کے ایسے تحفے ہیں جو مفت دستیاب ہیں اور ہر آدمی کی دسترس میں ہیں۔

پانی

دنیا نے اب ادویہ سازی اور عملِ جراحی میں اتنی ترقی کر لی ہے کہ انسان کے بیمار گردے، دل اور دوسرے اعضاء نکال کر ان کی جگہ صحت مند اعضاء لگا دیئے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود سادہ اور نمکین پانی کا وہ محلول جو ورید کے ذریعے سے مریض کے جسم میں پہنچایا جاتا ہے یعنی نمکول، اس کی زندگی کو بچا لیتا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ یہ پانی ایسے مریضوں کے لیے جن کا دستوں، الٹیوں، فاقوں یا کسی مرض کی وجہ سے جسم کا پانی نکل گیا ہو، آبِ حیات کا درجہ رکھتا ہے۔ اس محلول کی دریافت سے قبل ایسے مریض مشکل سے بچ پاتے تھے خاص طور پر نومولود بچوں میں نمکول کا پانی ان کے جسم میں پانی کی کمی دور کر کے جان بچانے کا بہترین ذریعہ ہوتا ہے۔

یہ پانی ہمیں مفت دستیاب ہے۔ اگر اس کا مناسب استعمال جاری رکھا جائے تو یہ صحت کے لیے ایک لاجواب "ٹانک" کا درجہ رکھتا ہے۔ اسے ہم قدرت کی محیر العقول دوا بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس کے بغیر زندگی کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، کیوں کہ اس کی غیر موجودگی یا کمی کی صورت میں خون کا دوران نامکمل اور ناقص رہتا ہے۔ ہمارے جسم کا ستر فی صد حصہ اسی سے بنا ہوا ہے۔ خون کے صحیح دوران میں یہ اہم کردار ادا کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پانی جسم کا ایک لازمی حصہ ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہم روزانہ دس سے بارہ گلاس پانی پئیں۔

پانی پینے سے ہمارے جسم کے اندرونی اعضاء کی صفائی ہو جاتی ہے جب کہ بیرونی طور پر اس کے استعمال سے نہ صرف جسم صاف رہتا ہے بلکہ یہ جسم میں خون کی روانی کو بہتر کرتا ہے۔ گرم پانی کا غسل ہو یا ٹھنڈے پانی میں تیراکی، ذہن اور جسم

کے لیے بڑے آرام دہ اور فرحت بخش ثابت ہوتے ہیں۔

پہلے نزلہ وزکام کا علاج صرف پانی ہی سے کیا جاتا تھا۔ مریض کے پیر گرم پانی میں رکھے جاتے تھے اور اس کے گرد کمبل لپیٹ دیا جاتا تھا۔ سامنے رکھے ابلتے ہوئے پانی کے برتن سے جو بھاپ نکلتی تھی وہ اس کی سانس کے ذریعے سے سانس کی نالیوں اور پھیپڑوں میں پہنچتی تھی۔ اس علاج سے نزلہ زکام میں نمایاں افاقہ ہو جاتا تھا۔ آج بھی اس طریق علاج کی اہمیت مسلم ہے۔

پانی بطور علاج کے اور بھی کئی امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ کمر، گردن اور گردوں کے درد میں نیم گرم پانی کی سینک درد اور اینٹھن میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ نیم گرم پانی کا غسل نزلے میں قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے۔ بواسیر کی تکلیف میں گرم پانی میں بیٹھنے سے درد میں افاقہ ہوتا ہے۔

تازہ ہوا

تازہ ہوا جس کا ایک ضروری جز آکسیجن ہے، زندگی کی بقا کے لیے ناگزیر ہے۔ یہی آکسیجن دل کے امراض، آپریشن کے دوران اور شدید بیماری کی حالت میں نلکی کی مدد سے ناک کے ذریعے سے جسم میں پہنچائی جاتی ہے اور مریضوں کی جان بچائی جاتی ہے۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ صحت کی حالت میں ہم ہوا میں موجود آکسیجن سے صحیح انداز میں استفادہ نہیں کرتے۔ ہم دن میں دس بار بھی گہری سانس نہیں لیتے۔ ہم جسم کو غلط پوزیشن میں دیر تک بند کمروں میں کرسی میز پر جھکے بیٹھے رہنے سے اپنے پھیپڑوں کو زیادہ وقت سکڑا ہوا رکھتے ہیں۔ اس طرح ہمیں صحیح طریقے سے سانس لینے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ یہ ضروری ہے کہ ہم پھیپڑوں کو ایسے مواقع فراہم کریں کہ وہ کھلی صاف ہوا پوری طرح اسے اپنے اندر سمو سکیں اور یہ اسی وقت ممکن ہے کہ جب ہم روزانہ کھلی فضا میں چند منٹ کھڑے ہو کر یا چلتے چلتے گہری اور لمبی سانس لیں اور خارج کریں تاکہ ہمارے پھیپڑے پوری طرح پھیل اور سکڑ سکیں اور یوں آکسیجن خوب جذب ہو کر ہمیں چست اور جسم کو مضبوط بنائے۔

آفتابی شعائیں

یہ شعائیں جو ہماری جلد میں حیاتین ''ڈ'' (وٹامن ڈی) تیار کرتی ہیں، قدرت کی طرف سے بالکل مفت اور وافر مقدار میں دستیاب ہیں۔ ان شعاؤں سے جلد کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ جلد پر موجود خطرناک جراثیم کے لیے یہ سم قاتل کا درجہ رکھتی ہے۔ البتہ جلد کو ان شعاؤں میں زیادہ دیر تک کھلا رکھنا نقصان کا باعث ہوتا ہے۔

آرام

مفت علاج میں آرام کی بڑی اہمیت ہے۔ روزانہ کم از کم چھ سے آٹھ گھنٹے نیند اور دوپہر میں قیلولے کی صورت میں کچھ دیر آرام بہت ضروری ہے۔ روزمرہ کے معمولات میں الجھ کر اکثر لوگ نیند اور آرام کی طرف سے غفلت برتتے ہیں۔ اس کی اہمیت کا انہیں اس وقت اندازہ ہوتا ہے کہ جب کوئی بیماری انہیں بستر پر ڈال دیتی ہے۔ اگر وہ نیند اور مناسب آرام کا پہلے ہی خیال کرتے تو کئی امراض کے خلاف ان کی قوتِ مدافعت مستحکم رہتی اور وہ کئی امراض میں مبتلا ہونے سے بچے رہتے۔

روحانی قوت

امراض سے بچاؤ میں روحانی طاقت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اللہ پر بھروسا اور ایمان کی طاقت انسان کے تمام امراض پر پُراسرار طریقے سے خوش گوار اثرات مرتب کرتی ہے۔ یہ احساس کہ اللہ تعالیٰ جو آسمانوں اور زمینوں کا پروردگار اور مالک ہے، ہماری زندگی کے ہر موقع پر ہمارے ساتھ ہے اور وہی ہمیں بیماری، مشکلات و آفات سے بچانے اور ثابت قدمی عطا کرنے والا ہے، ہمارے جسم کی شفایابی کی طاقت میں بے پناہ اضافہ کر دیتا ہے۔ جو افراد روحانی اور ذہنی طور پر سکون کی حالت میں ہوتے ہیں وہ ان لوگوں کے مقابلے میں جو ایمان کی کمزوری کی بنا پر پریشانی اور افسردگی میں مبتلا ہوتے ہیں، بہت جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ بے شک ایمان میں بڑی طاقت ہے اور اسے حاصل کرنے کے لیے ہمیں کچھ خرچ کرنا نہیں پڑتا۔

ورزش

ورزش نہ صرف جسم کو صحت مند اور چاق و چوبند رکھنے کے لیے ضروری ہے بلکہ کئی امراض کے سلسلے میں یہ اہم کردار ادا کرتی ہے مثلاً فالج، چوٹ، پرانے جوڑوں کے درد اور کئی امراض میں مخصوص ورزشیں کرائی جاتی ہیں۔ اس سے مریض کو نمایاں افاقہ ہو جاتا ہے۔ آج امراض قلب کے ماہر بھی دل کے کئی امراض میں ہلکی مخصوص ورزشوں کا مشورہ دیتے ہیں، تاکہ صحت یابی میں مدد ملے۔

ڈاکٹر ناہید الٰہی

پُرسکون نیند

نیند ہماری جسمانی صحت اور ذہنی نشوونما کے لیے بے حد ضروری ہے، لیکن پُرسکون نیند درحقیقت کیا ہے اور کیا وہ سب کے لیے یکساں ضروری ہے؟ ماہرین اس بات پر متفق نہیں ہیں۔ کچھ ماہرین کی رائے ہے کہ آج کل کمپنیاں اپنے ملازمین کا بالکل خیال نہیں رکھتیں اور انہیں دیر تک کام کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے تاکہ وہ کمپنیوں اور اپنی نوکریوں کی ساکھ دنیا میں بنائے رکھیں۔ اس طرح ملازم دہرے بوجھ تلے دبے رہتے ہیں۔ کام اور کام کے لمبے اوقات دونوں ان کی نیند پر اثر ڈالتے ہیں۔

کچھ ماہرین کی رائے میں نیند اتنی ضروری بھی نہیں، چار چھ گھنٹے کا آرام دوبارہ کام شروع کرنے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ نیند وقت کا زیاں ہے اور کامیابی حاصل کرنے کے لیے کام، کام اور صرف کام ضروری ہے۔ اس سلسلے میں وہ نپولین، چرچل اور مارگریٹ تھیچر کی مثالیں دیتے ہیں۔

کینیڈا کے ایک محقق نے یہ بات تحقیق سے ثابت کی ہے کہ ایک گھنٹہ کم سونے سے دوسرے دن ہمارا آئی کیو (IQ) ایک پوائنٹ کم ہو جاتا ہے۔ نیند کی کمی سے طالب علموں اور نوجوانوں کے ذہنوں پر بھی بہت برا اثر پڑتا ہے اور ان کی سوچنے، سمجھنے اور یاد کرنے کی صلاحیتیں مفقود ہو جاتی ہیں۔ موٹاپا اور بڑھاپا تیزی سے حاوی ہو جاتا ہے۔

گہری نیند کے مرحلے تک پہنچنے میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے۔ ابتدائی چند منٹ تک دماغ کی لہریں باقاعدہ نہیں ہوتیں، گویا دماغ کچھ سوتا اور کچھ جاگتا رہتا ہے۔ جب نیند بہت گہری ہو جاتی ہے، دماغ کی لہریں زیادہ بڑی اور دھیمی ہو جاتی ہیں۔ نیند اور گہری ہوتی ہے تو یہ لہریں مزید بڑی اور دھیمی ہو جاتی ہیں۔ قلب اور سانس کی رفتار دھیمی اور یکساں رہتی ہے اور عضلات بالکل ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ تمام رات گہری اور ہلکی نیند میں بسر ہوتی ہے اور اس کے درمیان ہم دیر تک خواب دیکھتے ہیں۔

ماہرین کی رائے میں اکثر لوگوں پر نیند کا خمار چھایا رہتا ہے، کیوں کہ ان کی نیند کبھی پوری نہیں ہوتی۔ ذہن کی کشادگی کے لیے آٹھ گھنٹے کی نیند ضروری ہے۔ خواتین کی اکثریت مردوں سے زیادہ سوتی ہے۔ ساڑھے پانچ سے آٹھ گھنٹے کی معیاری نیند جسمانی اور ذہنی طور پر آپ کو مستعد کر دیتی ہے۔

تیس فی صد لوگ بے خوابی کے مریض ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ سگریٹ نوشی، چائے نوشی اور ورزش کی کمی ہے۔ لوگ اس کا تدارک اپنی عادات بدلنے کے بجائے خواب آور گولیاں کھا کر کرتے ہیں۔

دفتری کام کا دباؤ، گھریلو اور مالی پریشانیاں بھی بے خوابی کی ذمہ دار ہیں، لیکن کوئی پریشانی ایسی نہیں جس کا حل موجود نہ ہو۔ قوت فیصلہ اور قوت مشاہدہ بھی پُرسکون نیند کے بعد کئی گنا بہتر ہو جاتی ہے۔ کچھ لوگ جلدی سونے اور جلد اُٹھنے کے عادی ہوتے ہیں اور کچھ دیر تک جاگتے ہیں اور دیر تک سوتے ہیں۔ اسکیموز سردیوں کی لمبی سیاہ راتوں میں چودہ گھنٹے سوتے ہیں، لیکن گرمیوں میں صرف چھ گھنٹے سوتے ہیں۔

ہمارے جسم میں دو نظام ہمارے سونے جاگنے کا انتظام سنبھالے ہوئے ہیں۔ ایک حیاتیاتی

گھڑی (بائیالوجیکل کلاک) ہمیں سارا دن چوکس رکھتی ہے۔ سورج غروب ہوتے ہی ہمارے جسم میں ایک ہارمون میلاٹونن اس گھڑی کو پہلے آہستہ کرتا پھر بند کر دیتا ہے اور صبح کا اُجلا پھیلتے ہی یہ گھڑی پھر چل پڑتی ہے۔

یہ گھڑی دوپہر میں بھی کچھ دیر کے لیے آہستہ ہو جاتی ہے۔ یہ کمی کچھ لوگوں میں نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ حیاتیاتی گھڑی کا یہ چکر سب سے زیادہ دن کے بارہ بجے اور سب سے کم رات بارہ بجے ہوتا ہے۔ غالباً اسی لیے سڑک پر حادثات سب سے زیادہ انہی اوقات میں ہوتے ہیں۔

چھ سے آٹھ گھنٹے کی پُرسکون نیند اچھی صحت کی ضامن ہوتی ہے۔ کچھ لوگوں کا اصرار ہے کہ سیاست داں ہمیشہ کم خواب ہوتے ہیں، مگر یہ سچ نہیں ہے۔ چرچل کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ صرف چند گھنٹے سوتے تھے، لیکن ان کا مباحثوں کے درمیان سو جانا بھی مشہور ہے لہذا وہ بھی چھ سات گھنٹے سو لیتے تھے۔ کم خوابی سے بھی ایک ہارمون جسم سے نکلتا ہے جو قلب پر برا اثر ڈالتا ہے اور مختلف امراض قلب کی بنیاد بنتا ہے۔

دورِ حاضر کی اس تیز رو زندگی میں پندرہ بیس منٹ کے لیے جاگتے ہوئے سونے کا طریقہ بھی مفید ہے۔ جسم کو ڈھیلا چھوڑنے کے ساتھ ساتھ آپ دماغ کا سوئچ بھی آف کر دیں۔ تمام خیالات و تفکرات ذہن سے جھٹک دیں۔ اس کے بعد آپ اپنے آپ کو بہت چاق و چوبند پائیں گے۔

مائیں جو چھوٹے بچوں کی نگہداشت کی وجہ سے بے آرام رہتی ہیں انکے لیے بھی جاگتے ہوئے سونا بہت کارآمد ہے۔ طالب علموں اور دفتروں میں کام کرنے والوں کے لیے بھی یہ طریقہ مفید ہے۔

اگر آپ دیر سے سونے کے عادی ہیں اور چاہتے ہیں کہ جلدی سوئیں اور جلدی اُٹھیں تو مقررہ وقت سے 15 منٹ پہلے لیٹنے اور 15 منٹ جلدی اُٹھنے سے آپ اپنے سونے کے اوقات اپنی پسند کے مطابق کر سکتے ہیں۔ صبح سویرے سورج کی شعاعیں بھی ذہن کے لیے اکسیر ہیں۔

ہماری نیند 5 مراحل سے گزرتی ہے اور ان مراحل سے نیند کا ایک چکر پورا ہوتا ہے۔ ہر چکر 90 سے 120 منٹ کا ہوتا ہے۔ پوری رات میں

بہتر نیند کے لیے درج ذیل عمل کیجیے

1) وقت کی پابندی
2) ہلکی ورزش
3) گرم پانی سے غسل
4) ایک پیالی گرم دودھ (دودھ میں ٹرپٹوفان ہوتا ہے جو نیند کے لیے اکسیر ہے
5) مطالعہ
6) سونے اور اٹھنے کے اوقات کی پابندی
7) بھاری کھانے سے پرہیز
8) میوہ جات، مچھلیاں، پتی سبزیاں اور وہ پھل جو دیر ہضم ہوں، کھائیں، لیکن سونے سے چند گھنٹے پہلے۔

چار سے چھ چکر ہوتے ہیں۔ 80 فی صد نیند آخری مرحلے میں ہوتی ہے جس سے پہلے چار مرحلے ہوتے ہیں۔ تیسرے اور چوتھے مرحلے کے دوران خون دماغ کی طرف زیادہ ہوتا ہے اور جسمانی اصلاح سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

بالیدگی کے ہارمون (گروتھ ہارمون) اس وقت سب سے زیادہ خارج ہوتے ہیں۔ پانچواں مرحلہ آنکھوں کی تیز حرکات کا ہے۔ اس میں خواب دیکھے جاتے ہیں، دوران خون دماغ کی طرف زیادہ ہو جاتا ہے، آنکھیں متحرک ہو جاتی ہیں اور درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے، دل کی رفتار اور بلڈ پریشر غیر متوازن ہو جاتا ہے۔ اس وقت دماغ کے خلیات بہت تیزی سے کام کرنے لگتے ہیں۔ یادداشت کو تیز کرنے کے لیے یہ مرحلہ ضروری ہے۔ امتحان کی تیاری میں مصروف طلبہ کا یہ مرحلہ قدرے بڑھ جاتا ہے۔

چھٹی کے روز دو گھنٹے زیادہ سونے سے گذشتہ ہفتے کی نیند کی کمی کی تلافی ہو سکتی ہے۔ بنجمن فرینکلن کا یہ قول بالکل صحیح ہے کہ سویرے سونا اور سویرے اٹھنا انسان کو صحت، دولت اور حکمت سے نوازتا ہے، کیوں کہ تحقیق نے ثابت کر دیا ہے کہ اول رات گھنٹے بھر سونا صبح دو گھنٹے بعد تک سونے کے برابر ہے۔

بقراط کا کہنا تھا کہ نیند بیماری سے شفا پانے کے لیے ضروری ہے۔ نیند جسم کے زخم بھرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے لہذا درد اور سوزش کو کم کرتی ہے۔

عمر بڑھنے سے نیند کم نہیں ہوتی صرف اوقات بدل جاتے ہیں۔ بڑھاپے میں لوگ رات کو جلد سو جاتے ہیں اور صبح تین بجے اُٹھ کر کہتے ہیں کہ وہ بے خوابی کا شکار ہیں۔ دوپہر میں یا پھر فارغ اوقات میں بھی اونگھ لیتے ہیں لہذا وہ کم خوابی کا شکار نہیں ہوتے بلکہ گہری نیند یعنی تیسرے اور چوتھے مرحلے کی نیند میں پہنچ جاتے ہیں۔

اگر آپ لمبی ڈرائیو یا سفر پر جانا چاہتے ہیں یا دیر تک جاگ کر پڑھنا چاہتے ہیں تو دو کپ کافی پیجئے اور پندرہ منٹ کے لیے سو جائیے۔ جب آپ بیدار ہوں گے اس وقت کافی آپ کے خون میں شامل ہو چکی ہوگی اور دماغ کو چوکس رکھے گی، لیکن یاد رہے کہ آپ پندرہ منٹ سے زیادہ نہ سوئیں، کیوں کہ اس کے بعد آپ گہری نیند سے اُٹھیں گے اور آپ پر غنودگی طاری رہے گی۔

نیم، ہر مرض کا علاج

اپنی افادیت کی وجہ سے نیم سبز پوش معالج بھی کہلاتا ہے۔ گاؤں، دیہات میں اس کی بڑی قدر و قیمت ہے جب کہ یہ شہروں کی بھی ضرورت ہے۔ یہاں کی فضائی آلودگی کا مقابلہ کرنے کے لیے بھی اور تیزی سے بڑھتی ہوئی جلدی تکالیف کے لیے بھی۔ اس کی اسی افادیت کے پیش نظر دیگر ملکوں میں اس کی کاشت پھیل رہی ہے۔ سعودی عرب میں میدانِ عرفات میں اس کے درخت لہلہا رہے ہیں۔ ہر حج کے موقع پر یہ لاکھوں حاجیوں کو اپنی ٹھنڈی چھاؤں فراہم کرتے ہیں۔ دیگر عرب ملکوں کے علاوہ افریقہ کے کئی ملکوں میں بھی یہ سائے اور ایندھن کے علاوہ دوائی مقاصد کے لیے بھی خوب کاشت ہو رہا ہے۔ اس کے تمام حصے دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ ایک انتہائی مقبول مصفیٔ خون اور دافع عفونت (اینٹی سیپٹک) کے علاوہ یہ پرانے دردوں کے لیے بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

نیم کے پتے تمام قسم کے جلدی امراض، پھوڑے، پھنسیوں، آبلوں، زخموں پر لگائے جاتے ہیں۔ جنسی امراض سے جسم میں واقع ہونے والے شدید فسادِ خون، زخموں، پُرانے غدودی دردوں کے لیے یہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

دوالی یا ویری کوز وینز کی تکلیف میں جب پیروں میں نیلی رگیں متورم ہو کر درد کا سبب بن جاتی ہیں، ان میں زخم بھی ہو جاتے ہیں تو ایسے مریضوں کو پسے ہوئے نیم کے تازہ پتوں کا لیپ بیرونی طور پر لگانا اور اس کے خشک پتوں کا ۳ گرام سفوف یا ۲۵ گرام پتوں کا جوشاندہ استعمال کرانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

اسی طرح بسا اوقات انجکشن کی وجہ سے بازو وغیرہ میں جو ورم اور پھوڑا ہو جاتا ہے، نیم کے گرم پانی سے اس کی سکائی اور ابلے ہوئے پتوں کی پلٹس باندھنے سے یہ تکلیف نشتر کے استعمال کے بغیر ٹھیک ہو جاتی ہے۔ اسی طرح خارش کے لیے بھی یہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

ٹوٹی ہڈی کے لیے

نیم کے جوشاندے میں عرق کافور ملا کر کپڑا گیلا کر کے اس کی گدی متاثرہ جگہ پر رکھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس طرح درد اور ورم میں کمی ہو جاتی ہے۔

بالوں کی خشکی

بالوں میں خشکی کی وجہ سے ہونے والی بھوسی اور پھنسیوں کے علاوہ جھڑتے بالوں کے لیے چائے کے دو چمچے پسے ہوئے نیم کے پتے اچھی طرح لگا کر پندرہ بیس منٹ بعد سر دھونے سے یہ تکلیف دور ہو جاتی ہیں۔ یہ عمل ہفتے میں دو تین مرتبہ کرنا چاہیے۔

بند چوٹ کا علاج

گرنے یا کسی چیز کے لگنے سے بند چوٹ ہو، نیل اور ورم ہو جائے تو ایسی صورت میں متاثرہ مقام پر باریک پسے ہوئے نیم کے تازہ پتوں کو پکا کر اس کا نیم گرم لیپ لگانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ نیم کے تازہ پتوں کے درمیان گرم اینٹ وغیرہ رکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر سکائی سے بھی یہی کام لیا جا سکتا ہے۔ گرم جوشاندے میں کپڑا بھگو کر پندرہ بیس منٹ سکائی بھی مفید ہوتی ہے۔

ٹانسلز کے لیے

ٹانسلز یعنی گلے کے متورم اور بڑھے ہوئے غدود کے لیے نیم کے پتوں کے جوشاندہ میں تھوڑا سا نمک ملا کر غرارے کرنے سے ورم اور درد دور ہو جاتا ہے۔ یہ عمل ایک دو ماہ کرنے کی صورت میں مستقل فائدہ ہو سکتا ہے۔

ناک کا ورم

سائی نس (Sinus) کے لیے یہی نیم گرم نمکین پانی وضو کی طرح ناک میں چڑھانے سے رفتہ رفتہ ورم دور ہو جاتا ہے اور ناک کے تکلیف دہ اور غیر یقینی آپریشن کی ضرورت بھی ٹل سکتی ہے۔

چرنوں کا علاج

جن بچوں کے پاخانے کی جگہ کے اندر باریک کیڑے ہو جاتے ہیں وہ مقامی خارش کی وجہ سے سخت بے چین رہتے ہیں۔ اس کی ایک خاص علامت بچوں کا بار بار ناک کھجلانا ہے۔ اس کے لیے نیم خشک پتوں کا سفوف مقامی طور پر لگانا مفید ثابت ہوتا ہے۔

داخلی استعمال

نیم دوائی خواص کے اعتبار سے کاسرِ ریاح، مخرج بلغم، مصفی خون اور کیڑے مار ہوتا ہے۔ ۳ گرام سے ۶ گرام اس کے تازہ پتوں کا رس تھوڑا نمک ملا کر پلانے سے آنتوں کے کیڑے نکل جاتے ہیں۔

جلدی امراض میں ۵۰ گرام رس میں دس دس گرام ہڑ کا سفوف اور اصل گھی یا روغن بادام ملا کر پلایا جاتا ہے۔

یرقان

یعنی پیلیا کی شکایت کے لیے نیم کے تازہ پتوں کا دس بارہ گرام رس پلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ٹانک اور مصفی خون

نیم کے ۵۰ گرام تازہ پتوں کا جوشاندہ ایک بہترین نباتی ٹانک اور مصفی خون ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے پرانے ملیریائی بخاروں کا علاج بھی ہوسکتا ہے، کیوں کہ یہ دراصل جگر کی اصلاح کر کے ملیریا کے جراثیم کا خاتمہ کرتا ہے۔

پیشاب آور

نیم کا جوشاندہ پیشاب اور حیض کھل کر لاتا ہے۔

گٹھیا کے لیے

افریقہ میں اسے گٹھیا کی شکایت کے لیے بہت مفید پایا گیا ہے۔

مثانے کے غدود کا ورم

افریقہ میں نیم پر ہونے والی تحقیق کے مطابق اس کے پتوں اور چھال کا ست پروسٹیٹ کے ورم کو دور کرتا ہے۔ وہاں اسے اسپرین کی طرح بخار دور کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

نیم کی چھال

یوں تو اس کے تمام حصے مفید ہوتے ہیں، لیکن اس کی چھال سب سے اہم اور مفید ہوتی ہے۔ یہ ایک کڑوی، مقوی، مصفی خون، قابض، دافع بخار و تشنج، کرم کش اور محرک دوا تسلیم کی جاتی ہے۔ چھال کا جوشاندہ اور لیپ بھی جلدی امراض، جگر کی خرابی، گندے زخموں، یرقان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ رات چرائتہ اور تھوڑی سی پسی ہوئی کالی مرچ کے ساتھ چھال کا بھگویا ہوا پانی جاڑے بخار کی مقبول دیہاتی دوا ہے۔

سفید پلو کے لیے

نیم اور ببول کی چھال کا جوشاندہ سیلان الرحم (سفید پلو) کے لیے ڈوش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے پھپوندی اور خمیر (ایسٹ) کی وجہ سے ہونے والی اس شکایت کو خاص طور پر فائدہ ہوتا ہے۔ اس سے اس تکلیف کے ازالے کے علاوہ جسم کے ڈھیلے پن کی شکایت بھی دور ہوتی ہے۔

کیچوؤں کے لیے

آنتوں کے کیچوے خارج کرنے کے لیے تازہ چھال کا جوشاندہ یا خشک چھال کا سفوف رات دے کر صبح دست آور دوا دینے سے کیچوے خارج ہو جاتے ہیں۔

ہسٹیریا کے لیے

جڑ کی چھال کا جوشاندہ ہسٹیریا (باؤ گولہ) کے لیے مفید بتایا جاتا ہے۔

چھال کا تیل

یہ کرم کش ہوتا ہے۔ سوجے ہوئے جوڑوں پر ملا جاتا ہے۔ پتوں کے تیل میں بھی یہ خاصیت ہوتی ہے۔ چھال اور پتوں کو باریک پیس کر گولا سا بنا کر دھیمی آنچ پر تیل میں کوئلہ کر کے ٹھنڈا ہونے پر خوب گھوٹ کر چھان کر استعمال کرتے ہیں۔ سر کے زخم، پھوڑوں اور استرے کے زخموں کے لیے بھی یہ تیل مفید ہوتا ہے۔

نیم کا گوند

ببول اور دوسرے درختوں کی طرح اس کے تنے پر بھی جگہ جگہ سے گوند نکل کر جم جاتا ہے۔ یہ اگرچہ کڑوا ہوتا ہے، لیکن محرک اور مقوی ہوتا ہے۔ اسے نزلے زکام اور عام کمزوری میں مختلف طریقوں سے کھلایا جاتا ہے۔

نیم کا شہد

نیم کے جنگل یا درختوں میں لگے چھتوں سے حاصل ہونے والا شہد بھی تلخ ہوتا ہے، لیکن یہ بھی مقوی اور مصفی خون ثابت ہوتا ہے۔

نیم کی مسواک اور منجن

اس کی نرم شاخیں صدیوں سے بہترین مسواک کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ اس سے مسوڑے مضبوط ہوتے ہیں، منہ کی گندگی دور ہوتی ہے۔ آیورویدک کے مطابق اس کے مسلسل استعمال سے منہ سے خوشبو آنے لگتی ہے۔ ہندوستان کے کئی دواساز ادارے نیم ٹوتھ پیسٹ اور ٹوتھ پاؤڈر بنا کر قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں۔

نیم کے خشک پتوں کو پیس کر اس میں نمک، کافور اور پھٹکری ملا کر بہترین نیم ٹوتھ پاؤڈر بنایا جا سکتا ہے۔

ان کے علاوہ نیم کے تازہ یا خشک پھول، معدے کی کمزوری اور عام کمزوری کے لیے رات بھگو کر صبح چھان کر پینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

نبولی یعنی نیم کا پھل بواسیر کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کا مغز تنہا یا دوسری دواؤں کے ساتھ کھانے سے بواسیر کے علاوہ پیشاب کے امراض یا پیٹ کے کیڑوں اور جذام تک کو فائدہ ہوسکتا ہے۔

آپ کا عدد اور یہ ماہ

وسیم احمد

مجموعی طور پر اِس ماہ اخراجات میں اضافہ ہو گا۔ ایسے اخراجات سامنے آئیں گے جن کے بارے میں پہلے سے علم نہ ہوگا۔ لوگوں سے وابستہ خواہشات اُس طرح سے پوری نہیں ہو سکیں گی جس طرح سے آپ خواہش رکھتے ہیں۔ البتہ زیادہ توجہ کام کی بجائے گھریلو ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی طرف رہے گی۔ گھر میں مہمانوں کی آمدورفت بھی رہے گی جن میں سے اکثریت خواتین کی ہو گی۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے بڑے ہیں اُن کو اپنے قریبی عزیز کی شادی میں جانے کا موقع ملے گا۔ جن افراد کا نام ر۔ ط۔ م۔ ن اور د سے شروع ہوتا ہے انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ اچھے اور نیک لوگوں سے رابطہ ہو گا۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے چھوٹے ہیں وہ اگر غیر شادی شدہ ہیں تو اُن کی شادی ہوتی نظر آتی ہے۔ ایسے افراد جن کی عمر 33-36 اور 39 سال ہے انہیں اِس ماہ زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔ اکثر افراد کے مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ مگر آمدن کم ہی رہے گی کبھی کبھی یوں محسوس ہوگا کہ روپے آرہے ہیں مگر اگلے چند دنوں بعد خیال غلط ثابت ہوجائے گا۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں سکون پائیں گی۔ گھر کے کاموں پر توجہ رہے گی۔ گھر میں نئے مہمانوں کی آمدورفت کی وجہ سے اُن کے اپنے بہت سارے کام ادھورے رہ جایا کریں گے۔ بہت ساری خواتین کا زیادہ وقت اپنی والدہ کے ساتھ گزرے گا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں وہ اگر غیر شادی شدہ ہیں تو اُن کی شادی کی بات زیادہ عمر کے شخص کے ساتھ چلتی نظر آتی ہے۔ جن خواتین کی عمر 26 سال ہے انہیں شادی کے معاملات میں زیادہ کامیابی ملتی نظر آتی ہے۔ جن خواتین کا نام و۔ ن۔ ک۔ گ۔ ر اور ل سے شروع ہوتا ہے انہیں پیٹ اور معدہ کی بیماریاں تنگ کریں گی۔ رات کو اچانک سوتے میں ڈر بھی سکتی ہیں۔ جن خواتین کو دیر سے نیند آتی ہے اِن کا یہ مسئلہ اِس ماہ حل ہو گا۔ انہیں نہ صرف نیند آئے گی بلکہ وہ بہت وقت تک سوتی رہا کریں گی۔ ایسی خواتین جن کے والد بیرون ملک ہیں اور انہیں والد سے ملے کافی عرصہ گزر چکا ہے وہ اِس ماہ اپنے والد سے مل سکیں گی۔

سعد تاریخیں	27-23-14-5
نحس تاریخیں	21-12-8-4
لکی نمبر	9-5
صدقہ	مونگ

آپ کا ذاتی عدد؟

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

اول: تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کرکے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 1995

7=3+4=34=1+9+9+5+5+5=

دوم: اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما = ھ۔م۔ا = 1=1+0=10=1+4+5

عددی جدول

1	ا،ی،ق،غ	2	ب،پ،ک،گ،ر،ڑ
3	ج،چ،ل،ش	4	د،ڈ،م،ت،ٹ
5	ھ،ن،ث	6	و،س،خ
7	ز،ژ،ع،ذ	8	ح،ف،ض

اس ماہ نئے لوگوں سے تعلق پیدا ہوگا۔ بہت سارے کام پایہ تکمیل تک پہنچیں گے اُن کے حل کرنے میں پرانے دوستوں کا بہت زیادہ عمل دخل ہو گا۔ مالی معاملات میں البتہ قدرے رکاوٹ رہے گی

اور کام کی رفتار بھی زیادہ تیز نہ ہوگی۔ مزاج میں سستی اور بوجھل پن زیادہ رہے گا۔ زیادہ وقت گھر اور تنہائی میں کچھ نہ کچھ سوچتے گزرے گا۔ البتہ آپ کو اس ماہ کام، کاروبار کی بہتری کے حوالے سے کچھ اچھوتے اور نئے خیالات آئیں گے۔ ایسی صورت میں انہیں فوراً کاغذ پر اتار لیں۔ یقیناً فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ سفر کرنے کا موقع ملے گا اور اکثر سفر میں کوئی دوست بھی ساتھ ہوگا۔ جن افراد کے روپے کسی کے پاس پھنسے ہوئے ہیں اُن کا جھگڑا اُس شخص کے ساتھ ہوسکتا ہے جس سے واپس لینے ہیں۔ حاضر دماغی سے مسئلہ پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ جن افراد کا نام ن۔و۔ر۔ل اور س سے شروع ہوتا ہے انہیں مالی معاملات میں زیادہ تنگی محسوس نہیں ہوگی۔ کوئی ناواقف شخص بھی واقف بن کر فائدہ دے سکے گا۔ جن افراد کی شادی ہونا باقی ہے اُن کی شادی خاندان میں ہی ہونے کی امید کی جاسکتی ہے۔

خواتین اِس ماہ چاہیں گی کہ اپنے لیے نئے کپڑے وغیرہ خریدے جائیں اور اس سلسلے میں انہیں بازار جانے کا موقع ملے گا۔ کپڑے خرید سکیں گی مگر اہم بات یہ ہے کہ وہ اپنا پرس کہیں رکھ کر بھول سکتی ہے یا اُن کے روپے چوری ہوسکتے ہیں لہٰذا انتہائی محتاط اور کھلی آنکھوں کے ساتھ ہی باہر جائیں۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں اُن کی آنکھوں میں تکلیف ہوسکتی ہے۔ نظر کی کمزوری بھی ممکن ہے اگر نظر پہلے سے کمزور ہے تو بے احتیاطی نہ کریں۔ ایسی خواتین جن کے بڑے بھائی بیرون ملک ہیں وہ اس ماہ اپنے بڑے بھائی سے مل سکیں گی۔ بے روزگار خواتین کو اس ماہ نوکری ملنا مشکل ہے۔ لہٰذا وہ وقت اور سرمایہ دونوں بچائیں اور زیادہ وقت گھر والوں کو دیں۔ جن خواتین کو سر درد کی شکایت رہتی ہے اُن کی شکایت دور ہو جائے گی۔ شادی شدہ خواتین کی زیادہ توجہ بچوں کی طرف رہے گی خاص طور پر سب سے بڑی بیٹی کے حوالے سے خاصی پرجوش نظر آئیں گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	27-17-8-4
نحس تاریخیں	28-21-16-7
لکی نمبر	8-4
صدقہ	گڑ

اس ماہ آپ کے مالی معاملات میں زیادہ تیزی نہیں آسکے گی۔ البتہ ایسے افراد جو مستقل بنیادوں پر کافی عرصے سے کوئی اپنا یا کام کاروبار کر رہے ہیں انہیں اِس ماہ زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔ پرانے دوستوں سے ملاقات ہوگی اور وہ معاشی معاملات کی بہتری کے حوالے سے بھی معاون ثابت ہوں گے۔ اس ماہ خاندان کے بزرگ افراد کی محبت اور پیار دیں گے اور اُن کی کوشش ہوگی کہ وہ آپ کے کام آسکیں۔ ایسے افراد جن کی اپنے والدین کے ساتھ قدرے ان بن رہتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ اُن کے خیالات والدین سے نہیں ملتے اُن کا زیادہ وقت بھی اپنے والدین کے ساتھ گزرے گا۔ کہیں سیر و تفریح کے لیے بھی اُن کے ساتھ جاسکیں گے بے روزگار افراد کسی پرانی فیکٹری دفتر میں نوکری کے لیے درخواست دیں یا کسی پرانے دوست سے ملیں تو انہیں نوکری یقیناً مل سکے گی۔ مگر یہ یاد رکھیں کہ جب نوکری حاصل کرنے کے لیے جائیں تو دوسروں کی زیادہ سنیں اور اپنی کم سنائیں۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی کسی بڑی عمر کی خاتون کے ساتھ طے پاسکتی ہے۔ ایسی خاتون کے ساتھ شادی ہوسکتی ہے جس کا نام۔ س۔ ش۔ ص اور ث سے شروع ہوتا ہو۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں تھکن محسوس کریں گی۔ تھوڑا سا کام کر کے جلد تھک جایا کریں گی اور اُن کی کوشش ہوگی کہ زیادہ وقت بیٹھ کر گزارا جائے۔ گھریلو کاموں میں بھی تیزی نہیں لاسکیں گی۔ بلکہ بہت سارے کام ادھورے چھوڑ دیا کریں گی۔ زیادہ وقت محلے اور خاندان کی بوڑھی خواتین کے پاس بیٹھنے میں گزرے گا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں یا سب سے چھوٹی ہیں وہ نظر بد اور جادو وغیرہ کا شکار ہوسکتی ہیں۔ رات کو سوتے میں ڈر سکتی ہیں اور جسم میں کھنچاؤ محسوس بھی کریں گی۔ اگر ایسا محسوس ہو تو ادارے سے رابطہ کر کے اپنا علاج کروائیں ایسی خواتین جن کی عمر 27,32,36,37 اور 44 سال ہے انہیں جوڑوں کی تکلیف زیادہ ہوگی اِس کی وجہ جادو بھی ہوسکتی ہے۔ اِس ماہ میں کوئی دکھ کی خبر بھی سن سکتی ہیں۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں دوسرے نمبر پر ہیں انہیں دوران سفر محتاط رہنا ہوگا۔ خدانخواستہ حادثہ ہوسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	25-24-15-6
نحس تاریخیں	27-18-12-9
لکی نمبر	6-2
صدقہ	کھیر

اس ماہ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ مزاج میں ضد اور انا کے اثرات بڑھیں گے دوسروں

ں باتیں اکثر ناگوار گزریں گی۔ معاشی معاملات میں بھی رکاوٹ محسوس ہو گی۔ طبیعت میں تیزی پیدا ہونے کی وجہ سے اکثر دل چاہے گا کہ سارے کام ایک ہی وقت میں ختم کیے جائیں۔ اسی وجہ سے بہت سارے کاموں کو خود ہی غلط کر لیں گے یا کچھ عرصے بعد خود ہی سوچیں گے کہ کام غلط ہو گیا ہے۔ طبیعت سفر کی طرف راغب رہے گی۔ ایک جگہ پر بہت دیر تک ٹکے رہنا مشکل ہو گا۔ البتہ دوران سفر احتیاط لازم ہے۔ اگر گاڑی یا موٹر سائیکل خود چلاتے ہیں تو زیادہ احتیاط کرنی ہے خدانخواستہ حادثہ ہو سکتا ہے اور چوٹ سر اور کندھوں پر لگتی نظر آتی ہے۔ جلد بازی کی وجہ سے آپ اپنا چالان بھی کروا سکتے ہیں پولیس سے جھگڑا بھی ممکن ہے۔ اس ماہ آپ کے اندازِ گفتگو میں دھمکی کا عنصر نمایاں ہوگا اور آپ کے قریبی دوست بھی اس بات کو محسوس کریں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں سے سختی کی وجہ سے آپ کے تعلقات کشیدہ ہوں گے اور بول چال بند ہو جائے گی۔

خواتین اس ماہ اپنے مزاج میں تیزی محسوس کریں گی۔ اندازِ گفتگو جذباتی ہو گا۔ خاص طور پر شادی شدہ خواتین کی ازدواجی زندگی جذباتی پن کی وجہ سے مسائل کا شکار رہے گی۔ شوہر کے ساتھ ضد اور بحث کی وجہ سے وقتی طور پر علیحدگی ممکن ہے۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں اُن کا زیادہ وقت اپنے والد کے ساتھ گزرے گا اور والد کی بہتر خدمت کر کے انہیں سکون ملے گا۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی اچانک خاندان کے کسی فرد کے ساتھ ہو سکتی ہے۔ منگنی بھی ممکن ہے ایسی خواتین جو پسند کی شادی کرنا چاہتی ہیں وہ اس ماہ شادی کی بات گھر والوں سے بالکل نہ کریں شدید ترین جھگڑا ہو گا اور آپ کی شادی کبھی بھی نہ ہو سکے گی۔ کوشش کریں کہ اس ماہ آپ کے انداز گفتگو میں دھمکی کا عنصر موجود نہ ہو اور آپ کے قریبی دوست بھی اس بات کو محسوس کریں گے۔

سعد تاریخیں	27-23-10-5
نحس تاریخیں	26-13-12-7
لکی نمبر	10-5
صدقہ	دال مسور

اس ماہ آپ کے مسائل میں کمی واقع ہو گی اور معاشی معاملات بھی کافی حد تک بہتر ہوں گے۔ لوگوں کے ساتھ رویہ بھی کافی حد تک دوستانہ ہو گا۔ آپ کو اپنے دوستوں سے بھی فائدہ حاصل ہو گا۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے بڑے ہیں انہیں اِس ماہ زیادہ مالی فائدہ ہو گا۔ اُن کا اپنے خاندان کے بزرگ افراد کے ساتھ بھی بہت اچھا وقت گزرے گا۔ جن افراد کی اپنے خاندان کے بزرگوں کے ساتھ چپقلش رہتی تھی اُن کے تعلقات بھی بزرگوں کے ساتھ اچھے ہوں گے۔ ایسے افراد جن کو ذاتی کاروبار کرتے 4 سال گزر چکے ہیں انہیں اِس ماہ بہت فائدہ ہو گا۔ جن نوکری پیشہ افراد کی ترقی کافی دیر سے رکی ہوئی ہے اُن کی ترقی اِس ماہ ہو جائے گی اور انہیں پہلے سے اچھی سیٹ ملے گی۔ اکثر افراد کا حلقہ احباب بڑھے گا۔ ایسے افراد جو نئی گاڑی خریدنا چاہتے ہیں اُن کے لیے بھی یہ ایک مناسب وقت ہے۔ ایسے افراد جو کسی مقدمے میں پھنسے ہوئے ہیں اُن کے حق میں اُن کے مقدمے کا فیصلہ ہو جائے گا۔

خواتین اس ماہ اپنی شخصیت میں بھرپور اعتماد محسوس کریں گی۔ لوگوں کے ساتھ رویہ بھی دوستانہ ہو گا۔ ذاتی شخصیت میں وقار بڑھے گا اور اکثر خواتین کی کوشش ہو گی کہ اُن کے منہ سے کوئی ایسی بات نہ نکلے جس سے اُن کی شخصیت کی نفی ہو اور لوگوں پر اُن کی شخصیت کا منفی اثر پڑے۔ کاروباری خواتین کے تعلقات بڑے سرمایہ دار لوگوں کے ساتھ بہت اچھے رہیں گے۔ ایسی خواتین جو ذاتی کاروبار کرنا چاہ رہی ہیں اُن کے لیے بھی یہ ایک مناسب وقت ہے۔ ایسی خواتین جن کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی جس شخص سے طے پا سکتی ہے وہ یقیناً اپنے خاندان میں پہلے نمبر پر ہو گا یا چوتھے نمبر پر ہو گا اُس کا نام س۔ش۔ص۔ل۔م سے شروع ہو سکتا ہے۔ ایسی خواتین جو کمیٹی ڈالتی ہیں انہیں اِس ماہ کمیٹی کے پیسے مل سکتے ہیں۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں صحت مند اور خوبصورت بیٹی پیدا ہو گی۔

سعد تاریخیں	27-18-9-4
نحس تاریخیں	28-21-12-8
لکی نمبر	9-4
صدقہ	گندم

مجموعی طور پر اِس ماہ آپ کی طبیعت میں اتار چڑھاؤ آئیں گے۔ ذہن میں بے چینی رہے گی۔ کسی ایک جگہ پر ٹکے رہنا اچھا نہیں لگے گا۔ طبیعت سفر کی طرف بھی راغب رہے گی۔ دوستوں سے تعلقات بہتر ہوں گے اور حلقہ احباب میں نئے لوگوں کا اضافہ ہو گا۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے بڑے ہیں اور وہ کوئی نوکری کرتے ہیں وہ اپنی طبیعت کی بے چینی کی وجہ سے اچانک نوکری چھوڑنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد جن کی عمر 20-24-27 اور 29 سال

ہے اُن کے بارے میں یہ بات زیادہ اہم ہوگی۔ بہت سارے افراد کا زیادہ وقت اپنی والدہ کے ساتھ گزرے گا جن افراد کی والدہ بیمار رہتی ہیں انہیں والدہ کے حوالے سے محتاط رہنا ہوگا۔ خدانخواستہ کوئی دکھی خبر سن سکتے ہیں۔ جن افراد کا نام ط۔م۔ع اور ق سے شروع ہوتا ہے۔ اُن کے حوالے سے یہ بات زیادہ اہم ہے۔ کاروباری افراد کسی دوست کو اپنے کاروبار میں شامل کر سکیں گے جس کے شامل ہونے کے بعد کاروبار ترقی کرے گا۔ مگر یہ شراکت زیادہ دیر نہیں چلے گی۔

خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں بے چینی محسوس کریں گی۔ رات کو نیند دیر سے آیا کرے گی اور صبح کو دیر سے اٹھا کریں گی۔ طبیعت میں سستی اور بوجھل پن نمایاں رہے گا۔ گھر کی چیزیں ایک کمرے سے اٹھا کر دوسرے کمرے میں شفٹ کرنے میں سکون محسوس کریں گی۔ گھر میں مہمانوں کی آمدورفت رہے گی۔ البتہ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں اُن کا زیادہ وقت اپنی والدہ کے ساتھ گزرے گا جن خواتین کی عمر 20,22,24,27 اور 32 سال ہے۔ انہیں نزلہ زکام کی شکایت ہوگی۔ الرجی بھی ہو سکتی ہے۔ ایسی خواتین جو چہرے کی حساس جلد رکھتی ہیں انہیں اِس ماہ پانی کا استعمال زیادہ رکھنا ہوگا اور اپنا خیال کرنا ہوگا۔ انہیں چہرے پر چھائیاں پڑ سکتی ہیں۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی خاندان سے باہر ہوتی نظر آتی ہے شادی کے بعد یقیناً سفر بھی کریں گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	21-12-8-3
نحس تاریخیں	25-13-7-6
لکی نمبر	8-3
صدقہ	دودھ

اِس ماہ کامیابی کا تناسب بڑھے گا نئے کام سامنے آئیں گے اور اُن کاموں کو کرنے کی سبیل بھی پیدا ہوگی۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ سفر کرنے کا موقع ملے گا اور سفر وسیلہ ظفر بنے گا۔ ایسے افراد کے حلقہ احباب میں شامل ہوں گے۔ جن کے تعلقات اچھے کاروباری اور فنون لطیفہ سے متعلقہ افراد کے ساتھ ہوں گے۔ رات کو نیند دیر سے آیا کرے گی کیونکہ ذہن میں بے شمار نئے خیالات ہوں گے دل چاہے گا کہ بہت سارے کام ایک ہی وقت میں ختم کر ڈالیں۔ ایسے افراد سے بھی رابطہ ہوگا جن کو مالی مشکلات کا سامنا ہوگا اور وہ اپنے مالی معاملات کے حل کے لیے آپ سے راہنمائی لیں گے۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں دوسرے نمبر پر ہیں انہیں اچانک بیرون ملک جانے کی آفر آئے گی۔ جن افراد کا نام ن، ص، ط، اور س سے شروع ہوتا ہے اُن کے خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات بہت مضبوط ہوں گے اور خاندان کے افراد اُن کی مدد کریں گے۔ اِس ماہ ہمسایوں کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی اور لین دین بھی ہوگا۔

خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ اپنے گھریلو امور کی اصلاح پر دیں گی اِس سلسلے میں کچھ پرانے دوستوں سے مشورہ بھی کیا جائے گا۔ گھر کو سجانے اور سنوارنے کے لیے ذہن میں نئی تراکیب آئیں گی اور انہیں آزمایا بھی جائے گا۔ جن خواتین کی نئی نئی شادی ہوئی ہے وہ اپنے شوہر کے ساتھ زیادہ وقت میکے میں گزاریں گی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ میکے والوں کے تعاون سے شوہر کو وہیں پر رہنے کی ترغیب دیں اور کاروبار بھی وہیں کیا جائے۔ جن خواتین کا نام ن، ص، ع، ک اور ق سے شروع ہوتا ہے انہیں اِس ماہ سر درد کی شکایت پیدا ہوگی۔ گردے کی تکلیف بھی ہو سکتی ہے۔ اِس ماہ اکثر خواتین رات کا زیادہ وقت عبادت میں گزاریں گی اور رات کو عبادت کر کے روحانی سکون محسوس کریں گی۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی کی بات خاندان میں چلے گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	20-11-7-2
نحس تاریخیں	28-17-9-1
لکی نمبر	7-2
صدقہ	دال چنا

اِس ماہ مسائل میں اضافہ ہوگا۔ اخراجات سامنے آئیں گے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی پرانا دوست روپے بطور قرض مانگے اور آپ انکار نہ کر سکیں۔ اِس ماہ دولت زیادہ کمانے کا خیال زیادہ ذہن میں رہے گا۔ اِسی سلسلے میں کچھ غلط کام بھی ہو جائیں گے۔ نوکری پیشہ افراد پیسوں کے لالچ میں رشوت لے سکتے ہیں اور اپنے لیے آنے والے دنوں میں مسائل پیدا کریں گے۔ ایسے افراد جنھوں نے نیا نیا کاروبار شروع کیا ہے وہ اپنے کام پر خود زیادہ وقت دیں کسی واقف کار، دوست، رشتہ دار کو کام والی جگہ پر چھوڑ کر نہ جائیں واپس آئیں گے تو پتا چلے گا کہ نقصان ہو چکا ہے۔ اکثر افراد معاشی مسائل کا شکار ہوں گے اور نوبت قرض لینے تک آ جائے گی۔ سر درد کی شکایت بھی

پیدا ہوگی اور کوئی پرانا مرض اچانک سامنے آسکتا ہے۔ اِس ماہ ہو سکے تو اپنے سارے ٹیسٹ کروائیں ممکن ہے مرض ابھی زیادہ نہ بڑھا ہو۔ اِس ماہ غیر شادی شدہ افراد کی منگنی کسی خاندان کی تیسرے نمبر پر خاتون کے ساتھ ہو سکتی ہے۔

خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ اپنی صحت کو بہتر بنانے پر دیں گی۔ اکثر خواتین کو عمدہ کھانے کیلیے ریسٹورنٹ میں جانے کا اتفاق ہوگا۔ شادی شدہ خواتین شوہر اور بچوں کے ساتھ رات کا کھانا زیادہ تر باہر کھائیں گی۔ جن خواتین کا نام م۔ ص۔ ع۔ ف۔ اور گ سے شروع ہوتا ہے اُن کو کوئی انعامی رقم یا تحفہ رشتہ داروں کی طرف سے مل سکتا ہے۔ اکثر شادی شدہ خواتین بچوں کے ساتھ اپنی بڑی نند کی طرف جائیں گی اور اُن کا وہاں اچھا وقت گزرے گا۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی خاندان کے پہلے فرد کے ساتھ ہونا طے پا سکتی ہے۔ ایسی خواتین جو بے رزگار ہیں وہ نوکری حاصل کرنے کے لیے وقت اور سرمایہ دونوں ضائع کریں گی۔ اُن کے لیے مناسب یہی ہے کہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں اور مناسب وقت پر جاب حاصل کرنے کے لیے نکلیں۔ اِس سے عزت میں اضافہ ہوگا اور نوکری بھی مل جائے گی۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے۔ اُن کے ہاں بیٹی پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	24-10-6-1
نحس تاریخیں	22-12-9-4

لکی نمبر	6-1
صدقہ	سفید چنے

اِس ماہ آپ کے مسائل میں بہت حد تک کمی ہوگی اور معاشی استحکام ملے گا۔ کام کرنے کی صلاحیتیں تیز ہوں گی اور ذہن میں کام کے حوالے سے بہترین خیالات آئیں گے۔ نئے لوگوں سے رابطہ ہوگا۔ اور اِس رابطے سے کام اور کاروبار میں فائدہ حاصل ہوگا۔ ایسے افراد جو کسی مقدمے میں پھنسے ہوئے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وہ بے گناہ ہیں اُن کا فیصلہ اِس ماہ میں انہیں کے حق میں ہو جائے گا۔ ایسی صورت حال اچانک بنے گی جو انہیں بے گناہ ثابت کر دے گی۔ جن افراد کو لاٹری وغیرہ کا شوق ہے اُن کے لیے بھی یہ ایک مناسب وقت ہے لاٹری فائدہ دے گی۔ منگل، بدھ، جمعرات اِس حوالے سے اہم دن ہیں۔ اِس ماہ میں اچھی خبریں سننے کا موقع ملے گا۔ دوست احباب بھی فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ایسے افراد جو کاروبار کی تشہیر کرنا چاہ رہے تھے وہ اِس ماہ کی سعادت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ ایسے افراد جو ایڈورٹائزنگ اور مارکیٹنگ کے شعبے سے وابستہ ہیں وہ اِس ماہ زیادہ فائدہ اٹھا سکیں گے۔

خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ اپنی شخصیت کی بہتری پر دیں گی۔ ٹی وی پر ایسے پروگرام دیکھنے کی طرف زیادہ توجہ دی جائے گی جن میں فٹنس کے بارے میں زیادہ احسن طریقے سے سمجھایا جاتا ہے۔ اکثر خواتین رات کو دیر تک جاگا کریں گی اور اُن کو نیند نہیں آئے گی۔ بے روزگار خواتین کی نوکری اِس ماہ مین انشاء اللہ ہو جائے گی اور تنخواہ بھی معقول ہوگی۔ اکثر خواتین کو زیادہ سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ موسم خزاں بھی موسم بہار لگے گا کیونکہ مزاج میں سکون ہوگا اور طبیعت ہشاش بشاش ہوگی۔ ایسی خواتین جو ذاتی کاروبار کرتی ہیں اُن کا کاروبار ترقی کرے گا اور وہ خود بھی کام کی بہتری کے لیے مختلف شہروں میں جائیں گی اور نئے لوگوں سے رابطہ بڑھائیں گی۔ شادی شدہ خواتین کو کراچی، فیصل آباد، اسلام آباد اور دوبئی جانے کا موقع ملے گا۔ ایسی خواتین جو نماز پڑھتی ہیں انہیں خواب میں کسی روحانی شخصیت کی زیارت ہوگی۔

سعد تاریخیں	18-14-9-5
نحس تاریخیں	22-17-10-8
لکی نمبر	9-5
صدقہ	سبز کپڑا

ماہ مارچ کی پہلی قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اوراس کے بعد پیکٹ دیئے جارہے ہیں۔ ڈبی یہ ہے۔

2
6 0 9
3

پیکٹ درج ذیل ہے:-

537	165	763
058	374	190
042	345	892

ماہ مارچ کی دوسری قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اوراس کے بعد پیکٹ دیئے جارہے ہیں۔ ڈبی یہ ہے۔

پیکٹ درج ذیل ہے:-

542	648	329
042	054	615
873	728	642

عبدالباسط راٹھور 0346 4387683

روزانہ نمبر برائے ماہ مارچ

تاریخ	1	2	3	4	5	6	7	8
نمبر	954	631	871	057	451	384	369	314
تاریخ	9	10	11	12	13	14	15	16
نمبر	412	214	365	352	321	875	965	096
تاریخ	17	18	19	20	21	22	23	24
نمبر	478	520	965	124	356	396	781	321
تاریخ	25	26	27	28	29	30	31	
نمبر	865	365	124	854	693	289	667	

الواح ونقوش

لوح رفع رجعت/نحوست پلوٹو

پلوٹو جب کسی کے زائچہ پیدائش میں رجعت/نحوست کا شکار ہوتا ہے تو انسان کی زندگی میں کچھ ایسی باتیں در آتی ہیں جن کے تحت وہ ایسی شدت پسندی کا شکار ہو جاتا ہے کہ جو صرف اور صرف اُس کو مایوسی اور ناکامی کے اندھیروں میں دھکیل دیتی ہے۔ پلوٹو کی رجعت/نحوست ایک منفی قسم کا انقلابی رویہ انسان کے اندر پیدا کر دیتی ہے۔ جس کی وجہ سے انسان اپنے لیے مسائل خود مول لے لیتا ہے۔ لہٰذا ایسے تمام لوگ جو ایسے مسائل کا شکار ہوں اُن کو معاملات میں بہتری کے لیے لوح رفع رجعت/نحوست پلوٹو بنوانا چاہیے۔

یہ طلاسم ہیں کیا؟

خالد اسحٰق راٹھور نے اپنے طویل تجربے، علمی اور فنی مہارت کے ساتھ اِن سات بنیادی کواکب کے اشکالی اور عددی طلاسم کا کھوج لگایا اور اسلامی عملیات کے طالب سے اِن کو ایک خاص روحانی طاقت کے تابع کر دیا تاکہ ان کے اثرات میں غیر معمولی اضافہ ہو اور ان سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیے جا سکیں۔ ہر طلسم تین حصوں پر مشتمل ہے۔

پہلا حصہ عددی طلسم پر مشتمل ہے۔

دوسرا طلسم سے منسوب ایک خاص شکل جو کہ عددی طلسم کی پشت پر بنائی جائے گی اور

تیسرا حصہ اُن اسماء و آیات پر مشتمل ہے جو ہر عددی طلسم کے چاروں اطراف میں تحریر کی گئی ہیں۔

یوں انتہائی قدیم طلاسم کو اسمائے ربی و آیات قرآنی سے ایک خاص طاقت کا منبع بنایا گیا ہے اور اس طرح اِن کے اصل اثرات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ تمام طلاسم پہلی دفعہ آپ کی نظر سے گزریں گے۔

سہ جہتی طلسم زحل

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کواکبی سحری، جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں اِن کا مداوا کیا جا سکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شان دار جگہ وغیرہ، جو سب کی نظر میں آئے، ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ طلسم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اِسی طرح بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ اسی طرح وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہوگا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات، نجوم، سحر، پامسٹری، جفر، رمل، حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کے لیے یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور اِن کی قوت و علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں اِن کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

> **کورسز**
>
> **علوم مخفی**
>
> ادارہ کے تحت علوم مخفی کے مختلف کورس کروائے جا رہے ہیں تفصیلات کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

سہ جہتی طلسم مشتری

کون فرد چاہے مرد ہو یا عورت ایسا ہوگا جو مالی و مادی خوشحالی کا خواہش مند نہ ہو۔ طلسم مشتری اس خاص مقصد کے حصول کے لیے در نایاب کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ حصول دولت، کاروبار میں کامیابی اور ترقی، دولت کی ریل پیل، شان و شوکت، آمدنی، مال و متاع میں اضافہ جیسے تمام معاملات طلسم مشتری کے تحت آتے ہیں۔ اس کے علاوہ خواہشات کی تکمیل، دوسروں پر غلبہ، برتری اور بزرگی حاصل کرنے کے لیے بھی یہ طلسم مفید ہے۔ وہ لوگ جو قانون کے شعبہ سے وابستہ ہیں، وکیل، جج وغیرہ اور وہ جو اس شعبہ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں یا وہ جو بینکنگ کے شعبہ سے وابستہ یا روپیہ کے لین دین کے دوسرے اداروں سے وابستہ ہیں اِن کے لیے بھی یہ طلسم مفید و موثر ہے۔ وہ لوگ جو حکومتی اداروں یا نمایاں پوزیشن کے حامل ہیں اور اس کو برقرار رکھنے کے خواہش مند ہیں ان سب کے لیے یہ طلسم مشتری بہت اچھے نتائج دے سکتا ہے۔ اسی طرح وہ لوگ جو مذہب سے متعلق علم یا سوچ یا مذہب سے متعلق کاروبار مثلاً مساجد کی تعمیر یا کتب وغیرہ کی اشاعت سے منسلک ہیں ان کے لیے بھی یہ طلسم مفید ثابت ہوگا۔ مذہب کی تعلیم دینے والے یا اس حوالے سے کوئی بھی نمایاں کردار ادا کرنے والے اور مال و دولت کے حصول کے لیے ہر فرد یہ طلسم ادارہ سے طلب کر سکتا ہے۔

سہ جہتی طلسم شمس

حکومت، طاقت اور اختیار کچھ ایسے الفاظ ہیں جن کے طلسم سے نہ کوئی بچا ہے اور نہ بچے گا۔ ہر وہ فرد جو کچھ نہ کچھ معاشی و مادی سمجھ بوجھ رکھتا ہے۔ وہ ان میں سے کسی نہ کسی کا طالب ضرور ہوتا ہے۔ عزت و وقار کے حصول، دوسرے لوگوں پر اپنا دبدبہ بٹھانے اور اپنا اختیار قائم کرنے کے لیے اس کا استعمال حد درجہ موثر ہے۔ سیاست سے متعلق لوگ یا وہ جو معاشرہ میں شہرت کے خواہش مند ہوں، کاروبار پھیلانے کے ساتھ ساتھ عزت، وقار اور شہرت کے طالب ہوں اِن کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال مفید ہے۔ وہ جو پابندیوں میں جکڑے ہوں چاہے اِن کی نوعیت کچھ بھی ہو یا وہ جو حکومت یا صاحبان حکومت کے عتاب کا شکار ہوں، اِن سب کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال حد درجہ مفید و موثر ہے۔ وہ لوگ جو صحت کے مسائل کا شکار ہیں یا وہ جو طویل عمر کے خواہش مند ہیں یا وہ جو صحت مند جسم اور زندگی کی تمنا رکھتے ہیں اِن سب کے لیے اس طلسم کا استعمال منسوبی فوائد کے حصول میں معاون و مددگار ہوگا۔ قوت حیات کی کمی، عزت و وقار کی حفاظت، کاروبار کو استحکام دینے اور کمزور بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لیے بھی یہ طلسم استعمال کیا جاتا ہے۔

> **قدیم و نایاب کتب**
>
> نئی کتب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ ادارہ نے قدیم و نایاب کتب کا ایک عظیم ذخیرہ جمع کیا ہے۔ جس میں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی کتب شامل ہیں، تفصیلات کے لیے جوابی خط ارسال کریں۔

